بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟“

## تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

# مصباح القرآن

## سَیَقُوۡلُ 2

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

جملہ حقوق بحق بَیْتُ القرآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔

| | |
|---|---|
| نام کتاب | مصباح القرآن «سَیَقُوْلُ» پارہ نمبر 2 |
| مرتب | پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر |
| کمپوزنگ و ڈیزائننگ | محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران |
| اشاعت سوم | فروری 2012 |
| پبلشر | "بیت القرآن" پاکستان |
| ہدیہ | 70 روپے |

## پبلشر نوٹ

1 ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بَیْتُ القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بَیْتُ القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2 "بَیْتُ القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات وخواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بَیْتُ القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

## سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمد للہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بَیْتُ القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115

فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111

ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org

ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔

فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔

فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں مجھے قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا اور وہاں عربی گرامر پڑھانے کی ذمہ داری تفویض کی گئی، پڑھنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، سرکاری محکموں کے آفیسرز، مختلف دفاتر میں کام کرنے والے اور طلبہ شامل تھے، ان میں عمر رسیدہ اصحاب بھی تھے اور نوجوان بھی، میری کوشش ہوتی کہ گرامر کو اس کی پیچیدگیوں سے دور کر کے آسان اور دلچسپ بنا کر پیش کیا جائے، اس کے باوجود لوگ کچھ عرصہ تو باقاعدگی سے حاضر رہتے۔ لیکن جب مشکل قواعد کا سلسلہ شروع ہو جاتا تو ایک ایک کر کے کم ہونے لگتے، ادھر میری خواہش یہ ہوتی کہ جو شخص قرآن فہمی کیلئے میری کلاس میں آیا ہے وہ کورس مکمل کر کے ہی جائے۔ اس احساس نے مجھے مسلسل غور وفکر کرنے پر مجبور کئے رکھا کہ قرآن فہمی کا ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ لوگ آخر تک کلاس میں دلچسپی سے شریک رہیں۔

آخر کار اللہ کے فضل وکرم سے مئی 1999ء میں میں نے گرامر کے ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں۔ اکثر الفاظ ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں، اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہونے کی وجہ سے یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ان تینوں قسموں کے الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقۂ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ آپ جس طریقے سے ہمیں ترجمۂ قرآن پڑھاتے ہیں، اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے، تاکہ وہ عام لوگ بھی اس سے مستفید ہو سکیں جو آپ کی کلاس میں حاضر نہیں ہو سکتے، یا دوسرے شہروں میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اظہار

کیا کہ اس مقصد کیلئے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہوں، چنانچہ میرے اظہار آمادگی پر انہوں نے فوراً ایک کمپیوٹر اور ایک پرنٹر مہیا کر دیا، اس کیلئے ایک کمپوزر کی خدمات بھی حاصل کر لیں اور اپنے آفس میں ایک کمرہ اس کام کیلئے مخصوص کر دیا، اسی دوران قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے چھپ کر منظرِ عام پر آچکی ہے، اس کے علاوہ ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا بھی شروع کیا جس میں اِن علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

الحمدللہ اس سلسلے کے دوسرے پارے کا یہ دوسرا ایڈیشن ہے جو آپ کی خدمت میں پیش ہے، اسکی پروف ریڈنگ کے تقریباً آٹھ مراحل طے کئے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔

آئندہ صفحہ پر اس ترجمۂ قرآن "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاءاللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

آخر میں استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ اور اس کارِ خیر میں معاونت کرنے والے تمام لوگوں کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے۔ آمین یارب العالمین۔

عبدالرحمٰن طاہر

فاضل اسلامیہ یونیورسٹی مدینہ منورہ

مبعوث: وزارة الشئون الإسلامية والأوقاف والدّعوة والإرشاد، السعودية

استاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

# "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں، ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اور اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔ ہر سیاہ لفظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت نیچے دیئے گئے حاشیہ کو ضرور پڑھیں۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اس طرح اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کرلیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2. سامنے والے دوسرے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ Break up کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات 'مفتاح القرآن' میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

| | |
|---|---|
| سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا | عنقریب کہیں گے بیوقوف لوگ کس چیز نے |
| وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ | پھیر دیا ہے ان (مسلمانوں) کو انکے قبلے سے |
| الَّتِیْ كَانُوْا عَلَيْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ | جس پر وہ (پہلے) تھے کہہ دیجئے کہ اللہ ہی کیلئے ہے |
| الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِیْ | مشرق اور مغرب ، وہ ہدایت دیتا ہے |
| مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿142﴾ | جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف۔ ﴿142﴾ |
| وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا | اور اسی طرح ہم نے بنایا تمہیں معتدل امت |
| لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ | تاکہ تم بن جاؤ گواہ لوگوں پر (قیامت کے دن) |
| وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ؕ | اور ہوں رسول (محمد ﷺ) تم پر گواہ |
| وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِیْ كُنْتَ عَلَيْهَآ | اور نہیں بنایا ہم نے اس قبلے کو جس پر آپ (پہلے) تھے |
| اِلَّا لِنَعْلَمَ | مگر اس لیے کہ ہم جان لیں |
| مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ | کون رسول کی پیروی کرتا ہے |
| مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ | (اور) کون پھر جاتا ہے اپنی ایڑیوں کے بل |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَيَقُوْلُ، قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، قائل، اقوالِ زریں۔

مِنْ : منجانب فلاں، من حیث القوم۔

النَّاسِ : عوام النّاس۔

عَلَيْهَا : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔

يَهْدِیْ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔

يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیئتِ الٰہی۔

اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الدّاعی الی الخیر۔

صِرَاطٍ : پل صراط۔ مُّسْتَقِيْمٍ : خطِ مستقیم، استقامت۔

كَذٰلِكَ : کالعدم، کماحقہ۔

وَّسَطًا : متوسط، اوسط، وسطی ایشیا، مشرقِ وسطیٰ۔

شُهَدَآءَ : شاہد، شہادت (گواہی)۔

لِنَعْلَمَ : علم، عالم، معلوم، معلومات۔

يَّتَّبِعُ : تابع، اتباعِ سنّت (پیروی کرنا)۔

يَّنْقَلِبُ : انقلاب، انقلابی قدم۔



www.bait-ul-quran.org

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سَيَقُوْلُ ❶ | السُّفَهَآءُ | مِنَ النَّاسِ | مَا | وَلّٰىهُمْ |
| عنقریب کہیں گے | بیوقوف | لوگوں میں سے | کس چیز نے | اُنہیں پھیر دیا ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ قِبْلَتِهِمُ | الَّتِیْ كَانُوْا | عَلَيْهَا ؕ | قُلْ | لِّلّٰهِ | الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ ؕ |
| ان کے قبلے سے | جو سب تھے | اس پر | آپ کہہ دیجئے | اللہ کیلئے ہے | مشرق اور مغرب |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَهْدِیْ | مَنْ يَّشَآءُ ❶ | اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (142) | وَ كَذٰلِكَ | جَعَلْنٰكُمْ |
| وہ ہدایت دیتا ہے | جسے چاہتا ہے | سیدھے راستے کی طرف | اور اسی طرح | ہم نے بنایا تمہیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اُمَّةً وَّسَطًا ❷❸ | لِّتَكُوْنُوْا | شُهَدَآءَ | عَلَى النَّاسِ | وَ يَكُوْنَ ❶ | الرَّسُوْلُ | عَلَيْكُمْ |
| معتدل امت | تاکہ تم سب بنو | گواہ | لوگوں پر | اور ہو | رسول (محمد ﷺ) | تم پر |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شَهِيْدًا ؕ | وَ مَا | جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ | الَّتِیْ كُنْتَ | عَلَيْهَآ | اِلَّا | لِنَعْلَمَ |
| گواہ | اور نہیں | بنایا ہم نے (وہ) قبلہ | جو (کہ) آپ تھے | اس پر | مگر | اسلیے کہ ہم جان لیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | يَّتَّبِعُ ❶ | الرَّسُوْلَ | مِمَّنْ ❹ | يَّنْقَلِبُ ❶ | عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ ❺ |
| کون | پیروی کرتا ہے | رسول کی | (اور) کون | پھر جاتا ہے | اپنی ایڑیوں کے بل |

### ضروری وضاحت

❶ علامت ''يَ'' کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ ''وَسَطًا'' سے مراد ایسی امت ہے جو افراط وتفریط سے پاک ہو اور عدل وانصاف کی روش پر قائم ہو۔ ❸ ''ة'' کا ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ ''مِمَّنْ'' اصل میں ''مِنْ'' اور ''مَنْ'' کا مجموعہ ہے، یہاں ''مِنْ'' کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ ''عَلٰى'' کا ترجمہ ''پر'' ہے لیکن یہاں وضاحت کے لیے ''کے بَل'' کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ اِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً | اور اگرچہ (قبلے کی تبدیلی) یقیناً گراں تھی |
| اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ | مگر ان لوگوں پر (گراں نہیں) جنہیں |
| هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ | ہدایت دی اللہ نے اور اللہ (ایسا) نہیں ہے |
| لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ | کہ وہ ضائع کرے تمھارا ایمان ، بیشک اللہ تو |
| بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿143﴾ | لوگوں پر یقیناً شفقت کرنیوالا مہربان ہے۔ ﴿143﴾ |
| قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ | بیشک ہم دیکھ رہے ہیں بار بار اٹھنا |
| وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ | آپ کے چہرے کا آسمان میں |
| فَلَنُوَلِّيَنَّكَ | پس البتہ ہم ضرور پھیر دیں گے آپ کو |
| قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۖ | (اس) قبلہ (کی طرف) جسے آپ پسند کرتے ہیں |
| فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ | تو پھیر لیجئے اپنا رخ مسجد حرام (کعبہ) کی طرف |
| وَ حَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا | اور جہاں (بھی) تم لوگ ہو پس پھیر لو |
| وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ | اپنے چہروں کو اسی کی جانب |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : شان وشوکت، مال ودولت، عفو ودرگزر۔
اِلَّا : اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔
عَلَى : علیحدہ، علیٰ ھٰذا القیاس، علی الاعلان۔
هَدَى : ہدایت، ہادی برحق۔
لِيُضِيْعَ : ضیاع، ضائع۔
بِالنَّاسِ : عوام النّاس۔
رَّحِيْمٌ : رحیم، رحمت، رحمٰن۔
نَرٰى : رؤیت ہلال، غیر مرئی۔
وَجْهِكَ : علی وجہ البصیرت، توجیہ، توجہ، متوجہ۔
فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
السَّمَآءِ : ارض وسما، کتب سماویہ۔
قِبْلَةً : قبلۂ اول، قبلہ وکعبہ۔
تَرْضٰىهَا : رضا، راضی، مرضی۔
حَيْثُ : من حیث القوم، حیثیت۔


www.bait-ul-quran.org

| وَ اِنْ | كَانَتْ ❶ | لَكَبِيْرَةً ❶❷ | اِلَّا | عَلَى الَّذِيْنَ | هَدَى |
|---|---|---|---|---|---|
| اور اگرچہ | تھی | یقیناً گراں | مگر | ان لوگوں پر ( گراں نہیں ) جنہیں | ہدایت دی |

| اللّٰهُ ؕ | وَ مَا | كَانَ اللّٰهُ | لِيُضِيْعَ | اِيْمَانَكُمْ ؕ ❸ | اِنَّ اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | اور نہیں | ہے اللہ | تا کہ وہ ضائع کرے | تمھارا ایمان | بیشک اللہ |

| بِالنَّاسِ | لَرَءُوْفٌ | رَّحِيْمٌ (143) | قَدْ | نَرٰى | تَقَلُّبَ ❹ |
|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں پر | یقیناً شفقت کرنیوالا | بڑا مہربان ہے | بیشک | ہم دیکھ رہے ہیں | بار بار پھرنا |

| وَجْهِكَ | فِي السَّمَآءِ ۚ | فَلَنُوَلِّيَنَّكَ | قِبْلَةً ❶ |
|---|---|---|---|
| تیرے چہرے کا | آسمان میں | پس البتہ ہم ضرور آپ کو پھیر دیں گے | (اس) قبلے (کی طرف) |

| تَرْضٰىهَا ۖ | فَوَلِّ | وَجْهَكَ | شَطْرَ | الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|
| آپ پسند کرتے ہیں اسے | تو پھیر لیجئے | اپنا چہرہ | طرف | مسجد حرام کی | اور |

| حَيْثُ مَا ❺ | كُنْتُمْ | فَوَلُّوْا | وُجُوْهَكُمْ | شَطْرَهٗ ؕ |
|---|---|---|---|---|
| جہاں پر بھی | تم سب ہو | تو تم سب پھیر لو | اپنے چہروں کو | اسی کی جانب |

**ضروری وضاحت**

❶ "تْ" فعل کے ساتھ اور "ة" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کیلئے ہے، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اور "كَبِيْرَةً" کا اصل ترجمہ "بڑی" ہے لیکن یہاں مراد "گراں" ہے۔ ❸ یہاں ایمان سے مراد "نماز" ہے۔ ❹ "تَ" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❺ اگر "حَيْثُ" کے بعد "مَا" ہو تو اس "مَا" کا الگ ترجمہ نہیں ہوتا بلکہ ان دونوں کے ملنے سے شرط کا مفہوم پیدا ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ | اور بیشک وہ لوگ جو دیے گئے کتاب |
| لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ | یقیناً وہ جانتے ہیں کہ بیشک وہ ہی حق ہے |
| مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَ مَا اللّٰهُ | انکے رب کی طرف سے اور نہیں ہے اللہ |
| بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿144﴾ | بے خبر اس سے جو یہ کر رہے ہیں۔ ﴿144﴾ |
| وَ لَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ | اور البتہ اگر آپ لے آئیں ان کے پاس جو |
| اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ | دیے گئے کتاب ہر (قسم کی) نشانی (تو پھر بھی) |
| مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ | نہیں یہ پیروی کریں گے آپ کے قبلے کی |
| وَ مَاۤ اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ | اور نہ آپ پیروی کرنے والے ہیں انکے قبلے کی |
| وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ | اور نہ ان میں سے کوئی پیروی کرنے والا ہے |
| قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ | کسی دوسرے کے قبلے کی |
| وَ لَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ | اور البتہ اگر آپ نے پیروی کی ان کی خواہشات کی |
| مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ | اس کے بعد کہ آچکا ہے آپ کے پاس علم |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | : شان وشوکت، مال ودولت، عفوو درگزر۔ | بِكُلِّ | : کل، کلی طور پر، کل جہان، کل نمبر۔ |
| لَيَعْلَمُوْنَ | : علم، عالم، معلوم، معلومات۔ | اٰيَةٍ | : آیت، آیات۔ |
| الْحَقُّ | : حق، حقوق، حقیقی۔ | تَبِعُوْا | : تابع، اتباعِ سنّت۔ |
| مِنْ | : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشّمس۔ | بَعْضُهُمْ | : بعض، بعض اوقات۔ |
| بِغَافِلٍ | : غافل، غفلت۔ | قِبْلَتَكَ | : قبلۂ اول، قبلہ وکعبہ۔ |
| عَمَّا | : ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق الفطرت۔ | اتَّبَعْتَ | : تابع، اتباعِ سنّت (پیروی کرنا)۔ |
| يَعْمَلُوْنَ | : عمل، عامل، اعمال، معمول۔ | بَعْدِ | : بعد از غذا، بعد از طعام، چند دن بعد۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ اِنَّ | الَّذِيْنَ اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | لَيَعْلَمُوْنَ | اَنَّهُ الْحَقُّ ❶ |
| اور بیشک | وہ لوگ جو سب دیے گئے | کتاب | یقیناً وہ سب جانتے ہیں | کہ بیشک وہ ہی حق ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ | وَ مَا اللّٰهُ | بِغَافِلٍ ❷ | عَمَّا ❸ | يَعْمَلُوْنَ (144) | وَ لَئِنْ |
| انکے رب کی طرف سے | اور نہیں ہے اللہ | بے خبر | اس سے جو | وہ سب کر رہے ہیں | اور البتہ اگر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَتَيْتَ ❹ | الَّذِيْنَ اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | بِكُلِّ ❹ | اٰيَةٍ ❺ |
| آپ لے آئیں | ان لوگوں کے پاس جو سب دیے گئے | کتاب | ہر قسم کی | نشانی (تو پھر بھی) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَّا تَبِعُوْا | قِبْلَتَكَ ۚ | وَ مَآ | اَنْتَ بِتَابِعٍ ❷ | قِبْلَتَهُمْ ۚ |
| نہیں وہ سب پیروی کریں گے | تیرے قبلے کی | اور نہ | آپ پیروی کرنیوالے ہیں | انکے قبلے کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | بَعْضُهُمْ | بِتَابِعٍ ❷ | قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ ❺ | وَ | لَئِنِ |
| اور نہ | ان سب میں سے کوئی | پیروی کرنے والا ہے | کسی دوسرے کے قبلے کی | اور | البتہ اگر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اتَّبَعْتَ | اَهْوَآءَهُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ مَا ❷ | جَآءَكَ | مِنَ الْعِلْمِ ۙ ❷ |
| آپ نے پیروی کی | ان کی خواہشات کی | اس کے بعد کہ | آپکے پاس آچکا ہے | علم |

### ضروری وضاحت

❶ "ہٗ" کے بعد اگر "اَلْ" والا اسم ہو تو تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ علامت "بِ" اور "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❸ یہ دراصل "عَنْ" اور "مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❹ "اَتَيْتَ" کا اصل ترجمہ "آپ آئیں" ہے لیکن اسکے بعد اسی جملے میں "بِكُلِّ" میں علامت "بِ" ہے اس لیے ترجمہ "لے آئیں" کیا گیا ہے۔ ❺ یہاں "ةٍ" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّكَ اِذًا | بیشک آپ اس صورت میں (ہو جائیں گے) |
| لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿145﴾ | یقیناً ظالموں میں سے۔ ﴿145﴾ |
| اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ | وہ لوگ جنہیں ہم نے دی کتاب |
| يَعْرِفُوْنَهٗ | وہ اُسے پہچانتے ہیں (قبلے کی تبدیلی یا محمد ﷺ کو) |
| كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَ هُمْ ؕ | جیسے وہ پہچانتے ہیں اپنے بیٹوں کو |
| وَ اِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ | اور بیشک ایک گروہ ان میں سے (ایسا ہے جو) |
| لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَ هُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿146﴾ | البتہ حق کو چھپاتے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہیں۔ ﴿146﴾ |
| اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ | (کہ یہی) حق ہے تیرے رب کی طرف سے |
| فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿147﴾ ع | پس تم ہرگز نہ ہونا شک کرنیوالوں میں سے۔ ﴿147﴾ ع |
| وَ لِكُلٍّ وِّجْهَةٌ | اور ہر ایک کے لیے ایک جہت ہے |
| هُوَ مُوَلِّيْهَا | (کہ) وہ رخ کرتا ہے اس کی طرف |
| فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ | پس تم سبقت لو بھلائی کے کاموں میں |

وقف لازم — وقفِ منزل — ع 17 6 1 — وقف النبی ﷺ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| لَّمِنَ، مِّنْهُمْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | الْحَقَّ : حق، حقوق، استحقاق۔ |
| الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، ظلمت، ظلمات۔ | يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم۔ |
| يَعْرِفُوْنَهٗ : تعارف، معروف، معرفت، عرف عام۔ | فَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔ |
| كَمَا : کما حقہ۔ | لِكُلٍّ : کل، کلی طور پر، کل جہان۔ |
| اَبْنَآءَهُمْ : ابن، ابن الوقت، متبنّٰی | لِكُلٍّ : لہٰذا، الحمدللہ۔ |
| فَرِيْقًا : فریق، تفریق، تفرقہ، فرقہ واریت۔ | فَاسْتَبِقُوْا : سبقت لسانی، سبقت لے جانا۔ |
| لَيَكْتُمُوْنَ : کتمان حق، کتمان علم۔ | الْخَيْرٰتِ : خیر و برکت، خیریت، خیرات۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّكَ | اِذًا | لَّمِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿145﴾ | اَلَّذِيۡنَ | اٰتَيۡنٰهُمُ |
| بیشک آپ | تب | یقیناً ظالموں میں سے (ہو جائیں گے) | وہ لوگ جو | ہم نے دی ان کو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الۡكِتٰبَ | يَعۡرِفُوۡنَهٗ ❶ | كَمَا | يَعۡرِفُوۡنَ | اَبۡنَآءَهُمۡ ؕ |
| کتاب (تورات) | وہ سب پہچانتے ہیں اسے | جیسا کہ | وہ سب پہچانتے ہیں | اپنے بیٹوں کو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنَّ | فَرِيۡقًا | مِّنۡهُمۡ | لَيَكۡتُمُوۡنَ | الۡحَقَّ | وَ |
| اور | بیشک | ایک گروہ | ان میں سے (ایسا ہے جو) | البتہ وہ سب چھپاتے ہیں | حق کو | حالانکہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| هُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ❷ ﴿146﴾ | اَلۡحَقُّ | مِنۡ رَّبِّكَ | فَلَا | تَكُوۡنَنَّ |
| وہ سب جانتے ہیں | (یہی) حق ہے | تیرے رب کی طرف سے | پس نہ | تم ہرگز ہونا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنَ الۡمُمۡتَرِيۡنَ ❸ ﴿147﴾ ع | وَ | لِكُلٍّ | وِّجۡهَةٌ ❹ | هُوَ |
| شک کرنے والوں میں سے | اور | ہر ایک کیلئے | ایک جہت ہے | (کہ) وہ |

| | | |
|---|---|---|
| مُوَلِّيۡهَا ❸ | فَاسۡتَبِقُوا | الۡخَيۡرٰتِ ❺ ؕ |
| رخ کرنیوالا ہے اسکی طرف | پس تم سب سبقت لے جاؤ | نیک کاموں میں |

وقف لازم — وقف منزل — ع 17 6 1 — وقف النبی ﷺ

**ضروری وضاحت**

❶ "ہٗ" کا ترجمہ "اسے" ہے اور اس سے مراد "قبلے کا بدلنا یا حضرت محمد" ہیں۔ ❷ "هُمۡ" اور علامت "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے اور "هُمۡ" تاکید کے لیے آیا ہے۔ ❸ "مُ" اور آخر سے پہلے زیر "کام کرنے والے" کو ظاہر کرتی ہے۔ ❹ "ةٌ" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ "اَلۡخَيۡرٰتِ" میں "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

| | |
|---|---|
| اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ | جہاں کہیں بھی تم ہو گے لائے گا تم کو اللہ اکٹھا |
| اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿148﴾ | بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿148﴾ |
| وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ | اور جہاں سے آپ نکلیں پس پھیر لیں اپنا رخ |
| شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ | مسجد حرام (کعبہ) کی طرف اور بیشک وہ ہی |
| لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ | یقیناً حق ہے تیرے رب کی طرف سے |
| وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿149﴾ | اور نہیں اللہ بے خبر اس سے جو تم کرتے ہو۔ ﴿149﴾ |
| وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ | اور جہاں سے بھی آپ نکلیں پس پھیر لیں |
| وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ | اپنا رخ مسجد حرام (کعبہ) کی طرف |
| وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا | اور جہاں تم ہوا کرو، تو پھیر لو (نماز میں) |
| وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ | اپنے چہرے اسی (کعبہ) کی طرف تاکہ نہ ہو |
| لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۙۗ | لوگوں کے پاس تمھارے خلاف کوئی حجت |
| اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۗ | سوائے انکے جنھوں نے بے انصافی کی ان میں سے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| جَمِيْعًا | : جمع، جامع، جماعت، مجموعہ، اجماع۔ | بِغَافِلٍ | : غافل، غفلت۔ |
| عَلٰى | : علیحدہ، علیٰ ہٰذا القیاس، علی الاعلان۔ | حَيْثُ | : من حیث القوم، حیثیت۔ |
| كُلِّ | : کل، کلی طور پر، کل جہان، کل نمبر۔ | مَا | : ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق۔ |
| شَیْءٍ | : عام شے، قیمتی اشیاء۔ | تَعْمَلُوْنَ | : عمل، عامل، اعمال صالحہ، معمول۔ |
| قَدِيْرٌ | : قادر، قدرت، قدیر۔ | لِلنَّاسِ | : لہٰذا، الحمدللہ / عوام الناس۔ |
| خَرَجْتَ | : خارج، خروج، اخراج۔ | حُجَّةٌ | : حجت ۔ |
| وَجْهَكَ | : علیٰ وجہ البصیرت، توجیہ۔ | ظَلَمُوْا | : ظلم، ظالم، مظلوم۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْنَ مَا ❶ | تَكُوْنُوْا | يَاْتِ ❷❸ | بِكُمُ اللّٰهُ | جَمِيْعًا ط | اِنَّ اللّٰهَ | عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ |
| جہاں کہیں بھی | تم سب ہو گے | لائے گا | تم کو اللہ | اکٹھے | بیشک اللہ | ہر چیز پر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَدِيْرٌ (148) | وَ مِنْ حَيْثُ | خَرَجْتَ | فَوَلِّ | وَجْهَكَ | شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط |
| قادر ہے | اور جہاں سے | آپ نکلیں | پس پھیر لیں | اپنا رخ | مسجد حرام کی طرف |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ اِنَّهٗ | لَلْحَقُّ | مِنْ رَّبِّكَ ط | وَ مَا اللّٰهُ | بِغَافِلٍ ❸ | عَمَّا ❹ |
| اور بیشک وہ | یقیناً حق ہے | تیرے رب کی طرف سے | اور نہیں اللہ | بے خبر | اس سے جو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ (149) | وَ مِنْ حَيْثُ | خَرَجْتَ | فَوَلِّ | وَجْهَكَ | شَطْرَ |
| تم سب کرتے ہو | اور جہاں سے (بھی) | آپ نکلیں | پس پھیر لیں | اپنا چہرہ | طرف |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط | وَحَيْثُ مَا ❶ | كُنْتُمْ | فَوَلُّوْا | وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ لا | لِئَلَّا ❺ |
| مسجد حرام کی | اور جہاں کہیں بھی | تم ہوا کرو | تو سب موڑ لو | اپنے رخ اسی کی طرف | اسلئے کہ نہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَكُوْنَ لِلنَّاسِ ❸ | عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ❸ | اِلَّا | الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا | مِنْهُمْ ق |
| ہو لوگوں کے پاس | تمھارے خلاف کوئی حجت | سوائے | انکے جن سب نے ظلم کیا | ان میں سے |

### ضروری وضاحت

❶ "اَيْنَ" اور "حَيْثُ" کے بعد اگر "مَا" ہو تو عموماً وہ شرط کیلئے ہوتا ہے، اسکا الگ ترجمہ نہیں ہوتا۔ ❷ "يَاْتِ" کا اصل ترجمہ "آئے گا" ہے لیکن اگر اسکے بعد اسی جملے میں علامت "بِ" ہو تو ترجمہ "لائے گا" کیا جاتا ہے۔ ❸ علامت "يَ"، "بِ" اور "ة" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "عَمَّا" دراصل "عَنْ + مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❺ "لِئَلَّا" دراصل "لِ + اَنْ + لَا" کا مجموعہ ہے۔

| | |
|---|---|
| فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَ اخْشَوْنِيْ ق | پس تم نہ ڈرو ان سے اور ڈرو مجھ سے |
| وَ لِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ | اور تا کہ میں پورا کر دوں اپنا انعام تم پر |
| وَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿150﴾ | اور (اسلئے بھی مجھ سے ڈرو) تا کہ تم ہدایت پا جاؤ۔ ﴿150﴾ |
| كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ | جیسا کہ ہم نے بھیجا تم میں رسول تم ہی میں سے |
| يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا | وہ تلاوت کرتا ہے تم پر ہماری آیتوں کی |
| وَ يُزَكِّيْكُمْ وَ يُعَلِّمُكُمُ | اور وہ تمہیں پاک کرتا ہے اور وہ تمہیں تعلیم دیتا ہے |
| الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ يُعَلِّمُكُمْ | کتاب و حکمت کی اور وہ سکھلاتا ہے تمہیں |
| مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿151﴾ ط | (وہ کچھ) جو نہیں تھے تم جانتے۔ ﴿151﴾ |
| فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ | پس تم یاد رکھو مجھے میں یاد رکھوں گا تمہیں |
| وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿152﴾ ع | اور تم میرا شکر ادا کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔ ﴿152﴾ ع |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا | اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو مدد حاصل کرو |
| بِالصَّبْرِ وَ الصَّلٰوةِ ط | صبر سے اور نماز سے |

معانقة ③ — ع 18 5 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| تَخْشَوْهُمْ : خشیت الٰہی۔ | يُزَكِّيْكُمْ : تزکیہ، زکوٰۃ۔ |
| لِاُتِمَّ : تمام، اتمام حجت۔ | يُعَلِّمُكُمْ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلم۔ |
| نِعْمَتِيْ : نعمت، انعام، منعم۔ | فَاذْكُرُوْنِيْ : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ۔ |
| عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | اشْكُرُوْا : شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔ |
| تَهْتَدُوْنَ : ہدایت، ہادی برحق۔ | تَكْفُرُوْنِ : کفر، کفران نعمت۔ |
| اَرْسَلْنَا : رسول، المرسل، ارسال، رسائل۔ | اسْتَعِيْنُوْا : استعانت۔ |
| يَتْلُوْا : تلاوت۔ | بِالصَّبْرِ : بالکل، بالواسطہ، بالمشافہ۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَلَا | تَخْشَوْهُمْ ❶ | وَ اخْشَوْنِيْ ❶ | وَ لِاُتِمَّ | نِعْمَتِيْ | عَلَيْكُمْ |
| تو نہ | تم سب ڈرو ان سے | اور تم سب ڈرو مجھ سے | اور تاکہ میں پورا کردوں | اپنا انعام | تم پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ❷ (150) | كَمَآ اَرْسَلْنَا | فِيْكُمْ رَسُوْلًا | مِّنْكُمْ | يَتْلُوْا ❸ |
| اور تاکہ تم سب ہدایت پاجاؤ | جیسا کہ بھیجا ہم نے | تم میں رسول | تم میں سے | وہ تلاوت کرتا ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | اٰيٰتِنَا | وَ يُزَكِّيْكُمْ | وَ يُعَلِّمُكُمُ | الْكِتٰبَ | وَ |
| تم پر | ہماری آیتیں | اور وہ پاک کرتا ہے تمہیں | اور وہ تعلیم دیتا ہے تمہیں | کتاب | اور |

معانقة ③

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْحِكْمَةَ | وَ يُعَلِّمُكُمْ | مَّا لَمْ | تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ (151) | فَاذْكُرُوْنِيْٓ ❶ |
| حکمت کی | اور وہ سکھاتا ہے تمہیں | وہ جو نہیں | تھے تم سب جانتے | پس تم سب مجھے یاد رکھو |

ع 18 / 5 / 2

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَذْكُرْكُمْ | وَ | اشْكُرُوْا لِيْ | وَلَا | تَكْفُرُوْنِ ❹ (152) |
| میں تمہیں یاد رکھوں گا | اور | تم سب میرا شکر ادا کرو | اور نہ | تم سب میری ناشکری کرو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ اٰمَنُوا | اسْتَعِيْنُوْا | بِالصَّبْرِ | وَ الصَّلٰوةِ |
| اے | وہ لوگو جو سب ایمان لائے ہو | تم سب مدد حاصل کرو | صبر سے | اور نماز سے |

**ضروری وضاحت**

❶ "وْا" کے ساتھ کسی اور علامت لگانے کی ضرورت ہو تو "الف" لکھنے میں نہیں آتا۔ ❷ علامت "کُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❸ یہ "وْا" جمع کی علامت نہیں بلکہ یہاں "وْ" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" قرآنی کتابت میں زائد ہے۔
❹ "تَكْفُرُوْنِ" اصل میں "تَكْفُرُوْنِيْ" تھا آخر سے "يْ" گری ہوئی ہے جس کا ترجمہ "میری" کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿153﴾ | بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ ﴿153﴾ |
| وَ لَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ | اور مت کہو ان کو جو قتل کیے جائیں |
| فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ | اللہ کی راہ میں، مردہ، بلکہ وہ زندہ ہیں |
| وَّ لٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿154﴾ | اور لیکن تم شعور نہیں رکھتے۔ ﴿154﴾ |
| وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ | اور البتہ ضرور ہم آزمائیں گے تمہیں |
| بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَ الْجُوْعِ | کچھ خوف سے اور بھوک سے |
| وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَ الْاَنْفُسِ | اور مالوں میں اور جانوں میں کمی کر کے |
| وَ الثَّمَرٰتِ ؕ | اور پھلوں میں (کمی کر کے) |
| وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴿155﴾ لا | اور خوشخبری دے دیں صبر کرنے والوں کو۔ ﴿155﴾ |
| الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ | وہ لوگ جب پہنچتی ہے انہیں کوئی مصیبت |
| قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ | تو کہتے ہیں بیشک ہم اللہ کے لیے ہیں |
| وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿156﴾ ؕ | اور بیشک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ﴿156﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَعَ الصّٰبِرِيْنَ : مع اہل وعیال، معیت/صبر، صابر۔
تَقُوْلُوْا : قول، مقولہ، قائل، اقوال زریں۔
يُّقْتَلُ : قتل، قاتل، مقتول۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
اَمْوَاتٌ : موت، اموات، میت۔
اَحْيَآءٌ : حیات، احیائے دین۔
تَشْعُرُوْنَ : شعور، لاشعوری طور پر۔
لَنَبْلُوَنَّكُمْ : ابتلا، بلا، مبتلا (آزمائش)۔
نَقْصٍ : نقص، نقصان، ناقص۔
الثَّمَرٰتِ : ثمر، ثمرات، ثمرہ۔
بَشِّرِ : بشارت، بشیر، مبشر۔
اَصَابَتْهُمْ، مُّصِيْبَةٌ : مصیبت، مصائب۔
اِلَيْهِ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
رٰجِعُوْنَ : رجوع، راجع، مرجوع، رجعت پسندی۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ | مَعَ الصّٰبِرِيْنَ (153) | وَ لَا | تَقُوْلُوْا | لِمَنْ | يُّقْتَلُ |
| بیشک اللہ | صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے | اور مت | تم سب کہو | ان کو جو | قتل کیے جائیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | اَمْوَاتٌ❶ ؕ | بَلْ | اَحْيَآءٌ | وَّ لٰكِنْ | لَّا | تَشْعُرُوْنَ (154) |
| اللہ کی راہ میں | مردے | بلکہ | وہ زندہ ہیں | اور لیکن | نہیں | تم سب شعور رکھتے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ | بِشَيْءٍ❷ | مِّنَ الْخَوْفِ | وَ الْجُوْعِ | وَ نَقْصٍ |
| اور البتہ ہم ضرور آزمائیں گے تمہیں | کچھ | خوف سے | اور بھوک (سے) | اور کمی کر کے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّنَ الْاَمْوَالِ | وَ الْاَنْفُسِ | وَ الثَّمَرٰتِ❸ ؕ | وَ بَشِّرِ | الصّٰبِرِيْنَ (155) ۙ |
| مالوں میں سے | اور جانوں میں | اور پھلوں (میں) | اور خوشخبری دے دیں | صبر کرنے والوں کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اِذَآ | اَصَابَتْهُمْ❹ | مُّصِيْبَةٌ❸ ۙ | قَالُوْٓا | اِنَّا |
| وہ لوگ | جب | پہنچتی ہے اُنہیں | کوئی مصیبت | (تو) سب کہتے ہیں | بیشک ہم |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِلّٰهِ | وَ | اِنَّآ | اِلَيْهِ | رٰجِعُوْنَ (156) ؕ |
| اللہ کیلئے ہیں | اور | بیشک ہم | اسی کی طرف | سب لوٹنے والے ہیں |

ضروری وضاحت

❶ "اَمْوَاتٌ" کے آخر میں "ات" جمع مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ "ت" اصل لفظ کا حصہ ہے اور یہ "مَيِّت" کی جمع ہے۔
❷ علامت "بِ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ علامت "ة" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❹ یہ لفظ "اَصَابَتْ + هُمْ" ہے، "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔

| | |
|---|---|
| اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ | وہی لوگ ہیں ( کہ ) ان پر عنایات ہیں |
| مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رَحْمَةٌ ۟ | ان کے رب کی طرف سے اور رحمت ہے |
| وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ (157) | اور وہی لوگ ہی ہدایت یافتہ ہیں۔ (157) |
| اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ | بیشک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں |
| فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ | پس جو حج کرے بیت اللہ کا یا عمرہ کرے |
| فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ | تو کوئی گناہ نہیں اس پر یہ کہ وہ طواف کرے |
| بِهِمَا ؕ وَ مَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ | ان دونوں کا اور جو خوشی سے کرے کوئی نیکی |
| فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ (158) | تو بیشک اللہ قدر دان، بہت علم والا ہے۔ (158) |
| اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ | بیشک وہ لوگ جو چھپاتے ہیں اسے جو |
| اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى | ہم نے نازل کیا واضح دلائل اور ہدایت کو |
| مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ | اس کے بعد کہ ہم نے کھول کر بیان کر دیا اسے |
| لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ | لوگوں کیلئے (اس) کتاب میں |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | يَطَّوَّفَ : طواف۔ |
| صَلَوٰتٌ : صلوٰۃ وسلام، مصلیٰ، صوم وصلوٰۃ۔ | تَطَوَّعَ : اطاعت، مطیع، طوعاً وکرہاً۔ |
| الْمُهْتَدُوْنَ : ہدایت، ہادی کائنات۔ | شَاكِرٌ : شکر، شاکر، شکرگزار، اظہار تشکر۔ |
| شَعَآئِرِ : شعار۔ | عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، معلومات۔ |
| حَجَّ : حج، حاجی، حجاج۔ | يَكْتُمُوْنَ : کتمانِ حق، کتمانِ علم۔ |
| الْبَيْتَ : بیت اللہ۔ | الْبَيِّنٰتِ : بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔ |
| اِعْتَمَرَ : عمرہ۔ | لِلنَّاسِ : لہٰذا، الحمد للہ / عوام الناس۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| أُولَٰٓئِكَ | عَلَيۡهِمۡ | صَلَوٰتٌ ❶ | مِّن رَّبِّهِمۡ | وَرَحۡمَةٌ ❶ قف |
| وہی لوگ ہیں (کہ) | ان پر | عنایات ہیں | ان کے رب کی طرف سے | اور رحمت ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَأُولَٰٓئِكَ | هُمُ الۡمُهۡتَدُونَ ❷ (157) | إِنَّ الصَّفَا | وَالۡمَرۡوَةَ | مِن شَعَآئِرِ اللَّهِ ج |
| اور وہی لوگ | ہی سب ہدایت یافتہ ہیں | بیشک صفا | اور مروہ | اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنۡ | حَجَّ | الۡبَيۡتَ | أَوِ اعۡتَمَرَ | فَلَا جُنَاحَ | عَلَيۡهِ | أَن |
| پس جو | حج کرے | بیت اللہ کا | یا عمرہ کرے | تو نہیں کوئی گناہ | اس پر | یہ کہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَطَّوَّفَ | بِهِمَا ط | وَمَن | تَطَوَّعَ ❸ | خَيۡرًا لا | فَإِنَّ اللَّهَ |
| وہ طواف کرے | ان دونوں کا | اور جو | خوشی سے کرے | کوئی نیکی | تو بیشک اللہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شَاكِرٌ | عَلِيمٌ (158) | إِنَّ الَّذِينَ | يَكۡتُمُونَ ❹ | مَآ | أَنزَلۡنَا |
| قدردان | علم والا ہے | بیشک وہ لوگ جو | سب چھپاتے ہیں | اسے جو | ہم نے نازل کیا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الۡبَيِّنَٰتِ ❶❹ | وَالۡهُدَىٰ | مِنۢ بَعۡدِ مَا ❹❺ | بَيَّنَّٰهُ | لِلنَّاسِ | فِي الۡكِتَٰبِ لا |
| واضح دلائل | اور ہدایت کو | اس کے بعد کہ | ہم نے بیان کر دیا اسکو | لوگوں کیلئے | کتاب میں |

ضروری وضاحت

❶ "ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❷ اگر "هُمۡ" کے بعد "اَلۡ" ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے، اسی لیے ترجمہ "ہی" کیا گیا ہے۔ ❸ صفحہ نمبر 47 حاشیہ نمبر 1 پر ملاحظہ فرمائیں۔ ❹ علامت "یـ" اور "مِنۡ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ ❺ اگر لفظ "بَعۡد" کے بعد "مَا" ہو تو عموماً اس "مَا" کا ترجمہ "کہ" کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ | وہی لوگ ہیں (کہ) لعنت کرتا ہے ان پر اللہ |
| وَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ۙ﴿159﴾ | اور لعنت کرتے ہیں ان پر لعنت کرنے والے۔ ﴿159﴾ |
| اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَ اَصْلَحُوْا | مگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کر لی اور اصلاح کر لی |
| وَ بَيَّنُوْا | اور بیان کر دیا (جسے چھپاتے رہے) |
| فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَ | تو وہی لوگ ہیں کہ میں توبہ قبول کرتا ہوں انکی اور |
| اَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿160﴾ | میں ہی توبہ قبول کرنیوالا، نہایت مہربان ہوں ﴿160﴾ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا | بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا |
| وَ مَاتُوْا وَ هُمْ كُفَّارٌ | اور وہ مرے اس حال میں کہ وہ کافر تھے |
| اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ | یہی لوگ ہیں (کہ) ان پر اللہ کی لعنت ہے |
| وَ الْمَلٰٓئِكَةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۙ﴿161﴾ | اور فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی۔ ﴿161﴾ |
| خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ | وہ ہمیشہ رہیں گے اس (لعنت) میں |
| لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ | نہ ہلکا کیا جائے گا ان سے عذاب |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَلْعَنُهُمُ ،اللّٰعِنُوْنَ : لعنت، لعنتی، ملعون۔

تَابُوْا، التَّوَّابُ : توبہ، تائب۔

اَصْلَحُوْا : صلح، اصلاح، مصلح۔

بَيَّنُوْا : بیان، بین دلیل، مبینہ طور پر۔

اَتُوْبُ : توبہ، تائب۔

عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

الرَّحِيْمُ : رحم، رحیم، رحمت، رحمدل۔

كَفَرُوْا، كُفَّارٌ : کفر، کافر، کفار۔

مَاتُوْا : موت، اموات، میّت۔

النَّاسِ : عوام النّاس۔

اَجْمَعِيْنَ : جمع، جامع، جماعت، اجماع۔

خٰلِدِيْنَ : خالد، خلد بریں۔

فِيْهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

يُخَفَّفُ : تخفیف، مخفف، خفت، خفیف۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ | يَلْعَنُهُمُ ❶ اللّٰهُ | وَ يَلْعَنُهُمُ ❶ | اللّٰعِنُوْنَ ۙ﴿159﴾ |
| وہی لوگ ہیں (کہ) | لعنت کرتا ہے ان پر اللہ | اور لعنت کرتے ہیں ان پر | سب لعنت کرنیوالے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلَّا | الَّذِيْنَ تَابُوْا | وَ اَصْلَحُوْا | وَ بَيَّنُوْا |
| مگر | وہ لوگ جن سب نے توبہ کرلی | اور سب نے اصلاح کرلی | اور بیان کردیا سب نے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاُولٰٓئِكَ | اَتُوْبُ ❷ | عَلَيْهِمْ ۚ | وَ | اَنَا التَّوَّابُ |
| تو یہی لوگ ہیں کہ | میں رجوع کرتا ہوں | ان پر | اور | میں ہی رجوع کرنے والا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الرَّحِيْمُ ﴿160﴾ | اِنَّ | الَّذِيْنَ كَفَرُوْا | وَ مَاتُوْا | وَ |
| نہایت مہربان ہوں | بیشک | وہ لوگ جن سب نے کفر کیا | اور وہ سب مرے | اس حال میں کہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هُمْ كُفَّارٌ | اُولٰٓئِكَ | عَلَيْهِمْ | لَعْنَةُ اللّٰهِ ❸ | وَ الْمَلٰٓئِكَةِ | وَ |
| وہ سب کافر تھے | یہی لوگ ہیں کہ | ان پر | اللہ کی لعنت ہے | اور فرشتوں کی | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ❹ ۙ﴿161﴾ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا ۚ | لَا يُخَفَّفُ ❶ | عَنْهُمُ الْعَذَابُ |
| تمام لوگوں کی | وہ سب ہمیشہ رہیں گے | اس میں | نہ ہلکا کیا جائے گا | ان سے عذاب |

## ضروری وضاحت

❶علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❷"اَتُوْبُ" جب اس فعل کی نسبت بندے کی طرف ہوتو ترجمہ "میں توبہ کرتا ہوں" اور اگر اسکی نسبت اللہ کی طرف ہوتو پھر ترجمہ "میں توبہ قبول کرتا ہوں" ہوتا ہے۔❸"ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❹"اَجْمَعِيْنَ" کا ترجمہ بھی "تمام" ہے، اس لیے اسکے "يْنَ" کا الگ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ لَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿162﴾ | اور نہ وہ (کچھ) مہلت دیئے جائیں گے۔ ﴿162﴾ |
| وَ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ | اور تمہارا معبود ایک معبود ہے |
| لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ | کوئی معبود نہیں مگر وہ (جو) |
| الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿163﴾ ع | نہایت مہربان، بہت رحم والا ہے۔ ﴿163﴾ ع |
| اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ | بیشک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں |
| وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ | اور رات اور دن کے آنے جانے میں |
| وَ الْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ | اور (ان) کشتیوں میں جو سمندر میں چلتی ہیں |
| بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ | (وہ چیزیں) لے کر جو نفع دیتی ہیں لوگوں کو |
| وَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ | اور (اس میں) جو اللہ نے اتارا ہے آسمان سے پانی |
| فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ | پھر زندہ (آباد) کیا اس کے ذریعے زمین کو |
| بَعْدَ مَوْتِهَا | اس کے مردہ (بنجر) ہونے کے بعد |
| وَ بَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ | اور پھیلا دی اس میں ہر طرح کی جاندار مخلوق |

ع 19 11 3

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلٰهُكُمْ | : الٰہ، یاالٰہی، فرمانِ الٰہی، الٰہ العالمین۔ | النَّهَارِ | : لیل ونہار، نہار منہ۔ |
| فِيْ، فِيْهَا | : فی الحال، فی الحقیقت، فی الفور۔ | مِنَ | : جاری، اجرا۔ |
| خَلْقِ | : خلقت، مخلوق، خالق۔ | تَجْرِيْ | : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشّمس۔ |
| السَّمٰوٰتِ | : ارض وسما، کتبِ سماویہ۔ | الْبَحْرِ | : بحروبر، بحرِ ہند، بحرِ احمر۔ |
| الْاَرْضِ | : ارض وسما، اراضی، کرۂ ارضی۔ | يَنْفَعُ | : نفع، منافع، منفعت۔ |
| اخْتِلَافِ | : اختلاف، مختلف، مخالف۔ | اَنْزَلَ | : نازل، نزول، انزال، شانِ نزول۔ |
| الَّيْلِ | : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔ | فَاَحْيَا | : حیات، احیائے دین، احیائے سنت۔ |

19 ع 11 3

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ لَا | هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿162﴾ | وَ اِلٰهُكُمْ | اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج | لَآ اِلٰهَ ❶ |
| اور نہ | وہ سب مہلت دئے جائیں گے | اور تمہارا معبود | ایک معبود ہے | نہیں کوئی معبود |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | هُوَ | الرَّحْمٰنُ | الرَّحِيْمُ ﴿163﴾ ع | اِنَّ | فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ ❷ |
| مگر | وہ | نہایت مہربان | بہت رحم والا ہے | بیشک | آسمانوں کے پیدا کرنے میں |

| | | |
|---|---|---|
| وَ الْاَرْضِ | وَ اخْتِلَافِ | الَّيْلِ وَ النَّهَارِ |
| اور زمین کے | اور ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے میں | رات اور دن کے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ الْفُلْكِ | الَّتِيْ تَجْرِيْ ❸ | فِي الْبَحْرِ | بِمَا | يَنْفَعُ النَّاسَ ❹ |
| اور ان کشتیوں میں | جو چلتی ہیں | سمندر میں | ساتھ (ان چیزوں کے) جو | نفع دیتی ہیں لوگوں کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَآ | اَنْزَلَ اللّٰهُ | مِنَ السَّمَآءِ | مِنْ مَّآءٍ ❺ | فَاَحْيَا | بِهِ الْاَرْضَ |
| اور جو | اللہ نے اتارا ہے | آسمان سے | پانی | پھر زندہ کیا | اس کے ذریعے زمین کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدَ مَوْتِهَا ❻ | وَ | بَثَّ | فِيْهَا | مِنْ كُلِّ | دَآبَّةٍ ❷ ص |
| اسکے مردہ ہونے کے بعد | اور | پھیلادیا | اس میں | ہر طرح کی | جاندار مخلوق |

## ضروری وضاحت

❶ "لَا" کے بعد اگر اسم کے آخر میں زبر ہو تو ترجمہ "کوئی نہیں" کیا جاتا ہے۔ ❷ "ات" اور "ة" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ "تَ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ علامت "يَ" کا الگ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ زمین کے "مردہ" ہونے سے مراد "بنجر" ہونا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَّ تَصۡرِيۡفِ الرِّيٰحِ وَ السَّحَابِ الۡمُسَخَّرِ | اور ہواؤں کی گردش میں اور تابع فرماں بادل میں |
| بَيۡنَ السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ | (جو) درمیان ہے آسمان اور زمین کے (ان سب میں) |
| لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ﴿164﴾ | یقیناً نشانیاں ہیں اس قوم کیلئے جو عقل رکھتے ہیں ﴿164﴾ |
| وَ مِنَ النَّاسِ | اور (ان نشانیوں کے باوجود) لوگوں میں سے (کچھ ایسے ہیں) |
| مَنۡ يَّتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَنۡدَادًا | جو بناتے ہیں اللہ کے علاوہ (دوسروں کو) شریک |
| يُّحِبُّوۡنَهُمۡ | (پھر) وہ (ایسی) محبت کرتے ہیں ان سے |
| كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ | جیسی محبت اللہ سے کی جائے |
| وَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا | اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں |
| اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ | وہ سب سے زیادہ محبت اللہ ہی سے کرتے ہیں |
| وَ لَوۡ يَرَى | اور کاش (آج) سوجھ جائے (یہ بات) |
| الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡۤا | ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا (جو اس وقت |
| اِذۡ يَرَوۡنَ الۡعَذَابَ ۙ | سوجھے گی) جب وہ لوگ دیکھیں گے عذاب کو |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| تَصۡرِيۡفِ : صرفِ نظر (نظر پھیر لینا)۔ | يُّحِبُّوۡنَهُمۡ : محبت، حب، محبّ، محبوب، حبیب۔ |
| الرِّيٰحِ : ریح بادی۔ | كَحُبِّ : کالعدم، کما حقہ / محبت، محبوب۔ |
| الۡمُسَخَّرِ : مسخر، تسخیر۔ | اٰمَنُوۡۤا : ایمان، امن، مؤمن۔ |
| بَيۡنَ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔ | اَشَدُّ : شدید، اشد ضرورت، شدت، متشدد۔ |
| يَّعۡقِلُوۡنَ : عقل، عاقل، معقول، عقلاء۔ | حُبًّا : محبت، حب، محبّ، محبوب، حبیب۔ |
| النَّاسِ : عوام الناس۔ | يَرَى، يَرَوۡنَ : رؤیت ہلال کمیٹی، غیر مرئی اشیاء۔ |
| يَّتَّخِذُ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔ | ظَلَمُوۡۤا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ |

| | | |
|---|---|---|
| وَ تَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ | وَ السَّحَابِ الْمُسَخَّرِ | بَيْنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ |
| اور ہواؤں کی گردش میں | اور تابع فرماں بادل میں | (جو) آسمان اور زمین کے درمیان ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَاٰيٰتٍ ❶ | لِّقَوْمٍ | يَّعْقِلُوْنَ ❷ (164) | وَ | مِنَ النَّاسِ |
| یقیناً نشانیاں ہیں | (اس) قوم کیلئے (جو) | سب عقل رکھتے ہیں | اور | لوگوں میں سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَنْ | يَّتَّخِذُ ❷ | مِنْ ❸ دُوْنِ اللّٰهِ | اَنْدَادًا | يُّحِبُّوْنَهُمْ |
| جو | بناتے ہیں | اللہ کے علاوہ | شریک | (پھر) وہ سب محبت کرتے ہیں ان سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اَشَدُّ |
| اللہ سے محبت کی طرح | اور | وہ لوگ جو | سب ایمان لائے | زیادہ سخت ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حُبًّا | لِّلّٰهِ ❹ ؕ | وَ لَوْ | يَرَى ❷ | الَّذِيْنَ |
| محبت میں | اللہ کی | اور کاش | دیکھ لیں | وہ لوگ جن |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ظَلَمُوْٓا | اِذْ | يَرَوْنَ ❺ | الْعَذَابَ ۙ |
| سب نے ظلم کیا | جب | وہ سب دیکھیں گے | عذاب کو |

ضروری وضاحت

❶"ات" جمع مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷علامت "ی" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸"مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹"لِ" کا اصل ترجمہ "کے لیے" ہے، یہاں سیاق وسباق کی مناسبت سے ترجمہ "کی" کیا گیا ہے۔ ❺"يَرَوْنَ" اصل میں "يَرْءَيُوْنَ" تھا پڑھنے میں آسانی پیدا کرنے کے لیے کچھ حروف کو گرایا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ | کہ بیشک قوت تو اللہ کے پاس ہے تمام |
| وَّ اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿165﴾ | اور یہ کہ بیشک اللہ سخت عذاب والا ہے۔ ﴿165﴾ |
| اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ | جب بیزاری کا اظہار کریں گے وہ لوگ جن کی |
| اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ | پیروی کی گئی تھی ان لوگوں سے جنہوں نے |
| اتَّبَعُوْا وَ رَاَوُا الْعَذَابَ | پیروی کی ہوگی اور وہ دیکھیں گے عذاب کو |
| وَ تَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ﴿166﴾ | اور منقطع ہو جائیں گے ان کے تعلقات۔ ﴿166﴾ |
| وَ قَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا | اور کہیں گے وہ لوگ جنہوں نے پیروی کی ہوگی |
| لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً | کاش کہ بیشک ہمارے لئے ہوتا دوبارہ جانا (دنیا میں) |
| فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ | تو ہم بھی بیزاری کا اظہار کرتے ان سے |
| كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ | جیسے انہوں نے بیزاری کا اظہار کیا ہم سے |
| كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ | اس طرح دکھائے گا انہیں اللہ تعالیٰ |
| اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ | ان کے اعمال حسرتیں (اور پشیمانی) بنا کر ان پر |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْقُوَّةَ : قوّت، قوّتیں، قوی، مقوّی۔
جَمِيْعًا : جمع، جامع، جماعت، مجموع، مجمع۔
شَدِيْدُ : شدید، اشد ضرورت، شدت۔
تَبَرَّاَ، فَنَتَبَرَّاَ : براءت، بری الذمہ۔
اتُّبِعُوْا : اتباع، متبع، تابع فرمان۔
رَاَوُا : رؤیت ہلال کمیٹی، غیر مرئی اشیاء۔
تَقَطَّعَتْ : قطع، قاطع، مقطوع، قطع رحمی۔
الْاَسْبَابُ : سبب، اسباب، مسبب الاسباب۔
كَرَّةً : نشر مکرر، تکرار، مکرر۔
كَمَا، كَذٰلِكَ : کما حقہ، کالعدم۔
مِنَّا : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشّمس۔
يُرِيْهِمُ : رؤیت ہلال کمیٹی، غیر مرئی اشیاء۔
اَعْمَالَهُمْ : عمل، اعمال، عامل، معمول، تعمیل۔
حَسَرٰتٍ : حسرت۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنَّ الْقُوَّةَ ❶ | لِلّٰهِ | جَمِیْعًا ۙ | وَّ | اَنَّ اللّٰهَ | شَدِیْدُ الْعَذَابِ ﴿165﴾ |
| بیشک قوت | تو اللہ کے پاس ہے | تمام | اور | بیشک اللہ | سخت عذاب والا ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِذْ | تَبَرَّاَ ❷ | الَّذِیْنَ | اتُّبِعُوْا | مِنَ |
| جب | بیزاری کا اظہار کریں گے | وہ لوگ جن | سب کی پیروی کی گئی تھی | (ان) سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا | وَ رَاَوُا | الْعَذَابَ | وَ تَقَطَّعَتْ ❶ | بِهِمُ |
| جن سب نے پیروی کی ہوگی | اور وہ سب دیکھیں گے | عذاب کو | اور منقطع ہو جائیں گے | ان کے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْاَسْبَابُ ﴿166﴾ | وَ قَالَ | الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا | لَوْ اَنَّ | لَنَا |
| تعلقات | اور کہیں گے | وہ جن سب نے پیروی کی ہوگی | کاش کہ بیشک | ہمارے لئے ہوتا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَرَّةً ❶ | فَنَتَبَرَّاَ ❷ | مِنْهُمْ | كَمَا | تَبَرَّءُوْا ❷ |
| لوٹنا | تو ہم بھی بیزاری کا اظہار کرتے | ان سب سے | جیسے | ان سب نے بیزاری کا اظہار کیا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنَّا ❸ ؕ | كَذٰلِكَ | یُرِیْهِمُ اللّٰهُ ❹ | اَعْمَالَهُمْ | حَسَرٰتٍ ❶ | عَلَیْهِمْ ؕ |
| ہم سے | اس طرح | دکھائے گا اللہ تعالیٰ انہیں | ان کے اعمال | حسرتیں بنا کر | ان پر |

**ضروری وضاحت**

❶ "ۃ"، "ات" اور "تْ" مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ "تَبَرَّاَ" کا اصل معنی "کسی ناپسندیدہ معاملے سے نجات حاصل کرنا" ہے، یہاں "تَ" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❸ "مِنَّا" اصل میں "مِنْ + نَا" تھا، جب دو حرف ایک جیسے اکٹھے ہوں تو ایک کو لکھ کرا سکے اوپر شد لگا دیتے ہیں۔ ❹ "یہ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

ع 20 4 4

| | |
|---|---|
| وَ مَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ﴿167﴾ ع | حالانکہ نہیں وہ نکل سکیں گے آگ سے۔ ع ﴿167﴾ |
| يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا | اے لوگو! کھاؤ اس سے جو |
| فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ | زمین میں حلال (اور) پاکیزہ چیزیں ہیں |
| وَّ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ | اور مت پیروی کرو شیطان کے نقش قدم کی |
| اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿168﴾ | بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ ﴿168﴾ |
| اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَ الْفَحْشَآءِ | درحقیقت وہ حکم دیتا ہے تمہیں برائی اور بے حیائی کا |
| وَ اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ | اور یہ کہ تم (ایسی بات) کہو اللہ کے بارے میں |
| مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿169﴾ | جس کا تم (خود) علم نہیں رکھتے۔ ﴿169﴾ |
| وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا | اور جب کہا جائے ان سے پیروی کرو (اس چیز کی) |
| مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ | جو نازل کی ہے اللہ نے (تو) کہتے ہیں بلکہ |
| نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا | ہم پیروی کریں گے (اس کی) جو ہم نے پایا ہے |
| عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ | اس پر اپنے آباء واجداد کو |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| بِخٰرِجِيْنَ : خارج، خروج، مخرج۔ | مُّبِيْنٌ : مبینہ طور پر، بین دلیل، بیان۔ |
| النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔ | يَاْمُرُكُمْ : امر، مأمور، امارت، آمر۔ |
| كُلُوْا : اکل وشرب، مأکولات۔ | بِالسُّوْٓءِ : علمائے سوء، اعمال سیّئہ۔ |
| مِمَّا : منجانب / ماحول، ماجرا، ماتحت۔ | الْفَحْشَآءِ : فحاشی، فحش۔ |
| طَيِّبًا : مال طیب، طیبات، طیب وطاہر۔ | قِيْلَ : قول، اقوال، مقولہ۔ |
| تَتَّبِعُوْا : اتباع، تابع، متبع۔ | تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، علماء، معلوم۔ |
| عَدُوٌّ : عدو، عداوت، اعداء (دشمن)۔ | اٰبَآءَنَا : آباء واجداد، آبائی گاؤں، آبائی وطن۔ |

20 ع 4 4

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَا | هُمْ بِخٰرِجِيْنَ ❶ | مِنَ النَّارِ (167) ع | يٰاَيُّهَا النَّاسُ | كُلُوْا | مِمَّا ❷ |
| اور نہیں | وہ سب نکل سکیں گے | آگ سے | اے لوگو! | تم سب کھاؤ | اس سے جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِي الْاَرْضِ | حَلٰلًا طَيِّبًا ز صلے | وَّ لَا | تَتَّبِعُوْا | خُطُوٰتِ ❸ الشَّيْطٰنِ ط |
| زمین میں | حلال پاکیزہ چیزیں ہیں | اور مت | تم سب پیروی کرو | شیطان کے نقش قدم کی |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهٗ | لَكُمْ ❹ عَدُوٌّ | مُّبِيْنٌ (168) | اِنَّمَا | يَاْمُرُكُمْ | بِالسُّوْٓءِ | وَ الْفَحْشَآءِ |
| بیشک وہ | تمہارا دشمن ہے | کھلا | بیشک | وہ تمہیں حکم دیتا ہے | برائی کا | اور بے حیائی کا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَنْ | تَقُوْلُوْا | عَلَى اللّٰهِ | مَا لَا | تَعْلَمُوْنَ (169) | وَ اِذَا |
| اور یہ کہ | تم سب کہو | اللہ پر | (وہ باتیں) جو نہیں | تم سب علم رکھتے | اور جب |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قِيْلَ | لَهُمُ ❺ | اتَّبِعُوْا | مَآ | اَنْزَلَ اللّٰهُ | قَالُوْا |
| کہا جائے | ان سے | تم سب پیروی کرو | (اسکی) جو | نازل کی ہے اللہ نے | (تو) سب کہتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَلْ | نَتَّبِعُ | مَآ | اَلْفَيْنَا | عَلَيْهِ | اٰبَآءَنَا ط |
| بلکہ | ہم پیروی کریں گے | (اسکی) جو | ہم نے پایا ہے | اس پر | اپنے آباء واجداد کو |

### ضروری وضاحت

❶ اگر ”مَا“ کے بعد ”بِ“ ہو تو اسکا ترجمہ نہیں کیا جاتا اور اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ ”مِمَّا“ اصل میں ”مِنْ + مَا“ تھا ”نْ“ کے بعد اگر ”م“ ہو تو ”ن“ پڑھنے میں نہیں آتا اور کبھی لکھنے میں بھی نہیں آتا۔ ❸ علامت ”ات“ کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ ”لَكُمْ“ میں ”لَ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ ”قَالَ، قِيْلَ“ کے بعد ”لَ“ کا ترجمہ ”سے“ ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـًٔا | حالانکہ کیا اگرچہ ہوں انکے آباء واجداد نہ سمجھتے کچھ (بھی) |
| وَّ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿170﴾ | اور نہ ہی وہ سیدھے راستے پر ہوں۔ ﴿170﴾ |
| وَ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا | اور مثال ان لوگوں کی جنہوں نے کفر کیا |
| كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا | (اسکی) مثال کی طرح ہے جو پکارے کسی (جانور وغیرہ) کو جو |
| لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّ نِدَآءً ؕ | نہ سنتا ہو سوائے پکارنے اور چلانے (کی آواز کے) |
| صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ | (اسی طرح یہ کافر بھی) بہرے، گونگے، اندھے ہیں |
| فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿171﴾ | پس وہ نہیں سمجھتے۔ ﴿171﴾ |
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو |
| كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ | کھاؤ پاکیزہ چیزوں سے جو ہم نے دی ہیں تم کو |
| وَ اشْكُرُوْا لِلّٰهِ | اور اللہ کا شکر ادا کرو |
| اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿172﴾ | اگر ہو تم اسی کی عبادت کرتے۔ ﴿172﴾ |
| اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ | بیشک اس نے حرام کر دیا ہے تم پر مردار |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰبَآؤُهُمْ : آباء واجداد، آبائی گاؤں۔
يَعْقِلُوْنَ : عقل، عاقل، معقول۔
شَيْـًٔا : عام شے، قیمتی اشیا۔
يَهْتَدُوْنَ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
كَمَثَلِ : کالعدم، کماحقہ / مثل، مثال، مثلاً۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔
يَسْمَعُ : سمع، آلۂ سماعت، محفل سماع۔

نِدَآءً : ندائے اسلام، نداء الجہاد، منادی۔
كُلُوْا : اکل وشرب، ماُکولات۔
طَيِّبٰتِ : مالِ طیّب، طیّبات، طیّب وطاہر۔
رَزَقْنٰكُمْ : رزق، رازق، رزاق۔
اشْكُرُوْا : شکر، شاکر، شکرگزار، اظہارِ تشکر۔
تَعْبُدُوْنَ : عبادت، عابد، معبود۔
الْمَيْتَةَ : میت، موت۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوَ | لَوْ كَانَ | اٰبَآؤُهُمْ | لَا | يَعْقِلُوْنَ | شَيْـًٔا | وَّ لَا |
| حالانکہ کیا | اگرچہ ہوں | انکے آباءواجداد | نہ | وہ سب سمجھتے | کچھ | اورنہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَهْتَدُوْنَ (170) | وَ مَثَلُ الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | كَمَثَلِ |
| وہ سب سیدھے راستے پرہوں | اورمثال ان کی جن | سب نے کفر کیا | اسکی حالت کی طرح ہے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِىْ | يَنْعِقُ ❶ | بِمَا | لَا يَسْمَعُ ❶ | اِلَّا دُعَآءً | وَّ نِدَآءً ؕ | صُمٌّۢ |
| جو | پکارے | اسکو جو | نہ سنتا ہو | سوائے پکارنے | اور چلانے کے | بہرے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بُكْمٌ | عُمْىٌ | فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ❷ (171) | يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | كُلُوْا |
| گونگے | اندھے ہیں | پس وہ سب نہیں سمجھتے | اے وہ لوگو جو | سب ایمان لائے ہو | تم سب کھاؤ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ طَيِّبٰتِ ❸ | مَا | رَزَقْنٰكُمْ | وَ اشْكُرُوْا | لِلّٰهِ ❹ | اِنْ كُنْتُمْ |
| پاکیزہ چیزوں سے | جو | ہم نے دی ہیں تم کو | اور تم سب شکر ادا کرو | اللہ کا | اگر ہو تم سب |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِيَّاهُ | تَعْبُدُوْنَ (172) | اِنَّمَا | حَرَّمَ | عَلَيْكُمُ | الْمَيْتَةَ ❺ |
| اسی کی | تم سب عبادت کرتے | بیشک | اس نے حرام کر دیا ہے | تم پر | مردار |

### ضروری وضاحت

❶ علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ "هُمْ" اور "یـ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔ ❸ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "لِ" کا ترجمہ "کے لیے" ہے، لیکن یہاں ضرورتاً "کا" کیا گیا ہے ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرتے ہوئے ایسا کرلیا جاتا ہے۔ ❺ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ الدَّمَ وَ لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ | اور (بہتا ہوا) خون اور خنزیر کا گوشت (بھی) |
| وَ مَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ | اور وہ جو نام پکارا گیا ہو اس پر غیر اللہ کا |
| فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ | پس جو مجبور ہو جائے ، نہ سرکشی کرنے والا ہو |
| وَّ لَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ | اور نہ (حد سے) تجاوز کرنیوالا ہو تو کوئی گناہ نہیں اس پر |
| اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿173﴾ | بیشک اللہ بخشنے والا ، بہت مہربان ہے۔ ﴿173﴾ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ | بیشک جو لوگ چھپاتے ہیں اسے جو |
| اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ | اللہ نے نازل کیا ہے (اپنی) کتاب میں |
| وَ يَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ | اور وہ لیتے ہیں اس کے بدلے میں تھوڑی قیمت |
| اُولٰٓئِكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ | یہ لوگ نہیں بھرتے اپنے پیٹوں میں مگر آگ |
| وَ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ | اور نہ بات کرے گا ان سے اللہ |
| يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ لَا يُزَكِّيْهِمْ ۚۖ | قیامت کے دن اور نہ وہ انہیں پاک کرے گا |
| وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿174﴾ | اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔ ﴿174﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| لِغَيْرِ : غیر اللہ، اغیار، دیار غیر۔ | يَاْكُلُوْنَ : اکل و شرب، مأکولات۔ |
| اضْطُرَّ : اضطراری حالت، مضطر (مجبور)۔ | بُطُوْنِهِمْ : بطن (پیٹ)۔ |
| بَاغٍ : باغی، بغاوت۔ | النَّارَ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔ |
| عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | يُكَلِّمُهُمُ : کلام، کلمہ۔ |
| يَكْتُمُوْنَ : کتمان علم، کتمان حق (چھپانا)۔ | يَوْمَ : یوم آزادی، یوم آخرت، ایام۔ |
| يَشْتَرُوْنَ : اشترا، مشتری (خرید و فروخت)۔ | يُزَكِّيْهِمْ : تزکیہ، زکوٰۃ۔ |
| ثَمَنًا، قَلِيْلًا : زر ثمن / قلیل، قلت۔ | اَلِيْمٌ : المناک حادثہ، رنج و الم۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ الدَّمَ | وَ لَحْمَ | الْخِنْزِيْرِ | وَ مَآ | اُهِلَّ | بِهٖ | لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ |
| اور خون | اور گوشت | خنزیر کا (بھی) | اور جو | پکارا گیا ہو | اس پر | (نام) غیر اللہ کا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنِ | اضْطُرَّ | غَيْرَ بَاغٍ | وَّ لَا | عَادٍ | فَلَآ اِثْمَ |
| پس جو | مجبور کیا جائے | نہ سرکشی کرنیوالا ہو | اور نہ | حد سے تجاوز کرنیوالا | تو کوئی گناہ نہیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِ ؕ | اِنَّ اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ (173) | اِنَّ الَّذِيْنَ | يَكْتُمُوْنَ ❶ | مَآ |
| اس پر | بیشک اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | بیشک جو | سب چھپاتے ہیں | اسے جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَنْزَلَ اللّٰهُ | مِنَ الْكِتٰبِ | وَ يَشْتَرُوْنَ ❷ | بِهٖ | ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ |
| اللہ نے نازل کیا ہے | (اپنی) کتاب سے | اور وہ سب لیتے ہیں | اسکے بدلے میں | تھوڑی قیمت |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ مَا | يَاْكُلُوْنَ ❸ | فِيْ بُطُوْنِهِمْ | اِلَّا النَّارَ | وَ لَا | يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ ❶ |
| وہ لوگ نہیں | وہ سب بھرتے | اپنے پیٹوں میں | مگر آگ | اور نہ | بات کرے گا ان سے اللہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❹ | وَ لَا | يُزَكِّيْهِمْ ۚۖ | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ (174) |
| قیامت کے دن | اور نہ | وہ پاک کرے گا انہیں | اور | ان کیلئے | عذاب ہے | دردناک |

ضروری وضاحت

❶ علامت "يـ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "يَشْتَرُوْنَ" اس فعل کا اصل مفہوم ایک چیز کے بدلے دوسری چیز لینا ہے
اس لیے اس کا ترجمہ خریدنا اور بیچنا دونوں کیا جاسکتا ہے۔ ❸ "يَاْكُلُوْنَ" کا اصل ترجمہ "وہ سب کھاتے ہیں" ہے لیکن سیاق
وسباق کی مناسبت سے "وہ سب بھرتے ہیں" ترجمہ کیا گیا ہے۔ ❹ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

| | |
|---|---|
| اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا | یہی لوگ ہیں جنہوں نے مول لیا |
| الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى | گمراہی کو ہدایت کے بدلے میں |
| وَ الْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ | اور عذاب کو مغفرت کے بدلے میں |
| فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿175﴾ | تو کس قدر صبر کرنے والے ہیں وہ آگ پر۔ ﴿175﴾ |
| ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ | یہ سب اس وجہ سے ہوا کہ بیشک اللہ نے |
| نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ؕ | نازل کی کتاب حق کے ساتھ |
| وَ اِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ | اور بیشک جن لوگوں نے اختلاف کیا کتاب میں |
| لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ع ﴿176﴾ (رکوع 21، 9، 5) | یقیناً (وہ) بدبختی میں دور (جا پہنچے) ہیں۔ ع ﴿176﴾ |
| لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ | نیکی (یہی) نہیں کہ تم پھیر لو اپنے چہرے |
| قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ | مشرق اور مغرب کی طرف (نماز میں) |
| وَ لٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ | اور لیکن (اصل) نیکی یہ ہے جو ایمان لائے اللہ پر |
| وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ الْمَلٰٓئِكَةِ | اور آخرت کے دن اور فرشتوں پر |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| اشْتَرَوُا | اشترا، مشتری (خرید وفروخت)۔ |
| الضَّلٰلَةَ | ضلالت (گمراہی)۔ |
| بِالْهُدٰى | ہدایت، ہادی برحق۔ |
| اَصْبَرَهُمْ | صبر، صابر۔ |
| عَلَى | علیحدہ، علی العموم، علیٰ ہذا القیاس۔ |
| نَزَّلَ | نازل، نزول، انزال، شان نزول۔ |
| بِالْحَقِّ | حق تعالیٰ، ناحق، حقیقی، حقوق۔ |
| اخْتَلَفُوْا | اختلاف، مختلف، مخالف۔ |
| فِي | فی الحال، فی الحقیقت، فی الواقع۔ |
| وُجُوْهَكُمْ | توجیہ، علی وجہ البصیرت، وجاہت۔ |
| اٰمَنَ | ایمان، مومن، امن۔ |
| الْيَوْمِ | یوم آزادی، یوم آخرت، ایام۔ |
| الْاٰخِرِ | آخر، اخیر، آخرت۔ |
| الْمَلٰٓئِكَةِ | ملک الموت، ملائکہ۔ |

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا ❶ | الضَّلٰلَةَ ❷ | بِالْهُدٰى | وَ الْعَذَابَ |
| یہی لوگ ہیں | جن سب نے مول لیا | گمراہی کو | ہدایت کے بدلے | اور عذاب کو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِالْمَغْفِرَةِ ج ❷ | فَمَآ | اَصْبَرَهُمْ ❸ | عَلَى النَّارِ (175) | ذٰلِكَ ❹ |
| مغفرت کے بدلے | تو کس قدر | وہ صبر کرنے والے ہیں | آگ پر | یہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِاَنَّ | اللّٰهَ | نَزَّلَ | الْكِتٰبَ | بِالْحَقِّ ط | وَ اِنَّ |
| اس وجہ سے (ہے) کہ بیشک | اللہ نے | نازل کی | کتاب | حق کے ساتھ | اور بیشک |

ع 21 9 5

| | | | |
|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا | فِى الْكِتٰبِ | لَفِيْ شِقَاقٍ | بَعِيْدٍ ع (176) |
| وہ لوگ جن سب نے اختلاف کیا | کتاب میں | یقیناً (وہ جا پہنچے ہیں) بدبختی میں | بہت دور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَيْسَ | الْبِرَّ اَنْ | تُوَلُّوْا | وُجُوْهَكُمْ | قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ |
| نہیں | نیکی (یہی) کہ | تم سب پھیر لو | اپنے چہرے | مشرق اور مغرب کی طرف (نماز میں) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ لٰكِنَّ | الْبِرَّ | مَنْ اٰمَنَ | بِاللّٰهِ | وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | وَ الْمَلٰٓئِكَةِ ❺ |
| اور لیکن (اصل) | نیکی (یہ ہے) | جو ایمان لائے | اللہ پر | اور آخرت کے دن پر | اور فرشتوں پر |

### ضروری وضاحت

❶ "اِشْتِرَاءٌ" کا حاشیہ صفحہ نمبر 35 حاشیہ نمبر 2 میں ملاحظہ فرمائیں۔ ❷ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ "فَمَآ اَصْبَرَهُمْ" کا مفہوم یہ ہے کہ "وہ کون سی چیز ہے جو ان کو صبر دلاتی ہے آگ پر"۔ ❹ "ذٰلِكَ" کا اصل ترجمہ "وہ" ہے، کبھی ضرورت کے وقت اس کا ترجمہ "یہ" بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں "ۃ" مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کی ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ الْكِتٰبِ وَ النَّبِيّٖنَ ۚ | اور کتاب (قرآن مجید) اور نبیوں پر |
| وَ اٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ | اور دے (اپنا) مال اس (اللہ) کی محبت کی خاطر |
| ذَوِى الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِيْنَ | قریبی رشتہ داروں اور یتیموں اور مساکین کو |
| وَ ابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَ السَّآئِلِيْنَ | اور مسافروں اور مانگنے والوں کو |
| وَ فِى الرِّقَابِ ۚ وَ اَقَامَ الصَّلٰوةَ | اور گردنیں (آزاد کرانے) میں اور نماز قائم کرے |
| وَ اٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَ الْمُوْفُوْنَ | اور زکوٰۃ ادا کرے اور پورا کرنے والے ہوں |
| بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ | اپنے عہد کو جب (بھی) وہ عہد کریں |
| وَ الصّٰبِرِيْنَ فِى الْبَاْسَآءِ وَ الضَّرَّآءِ | اور صبر کرنیوالے ہوں تنگ دستی اور بیماری میں |
| وَ حِيْنَ الْبَاْسِ ؕ | اور جنگ کے وقت (دوران) |
| اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ | یہی لوگ سچے ہیں |
| وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿177﴾ | اور یہی لوگ ہی پرہیزگار ہیں۔ ﴿177﴾ |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ | اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو فرض کر دیا گیا ہے |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

النَّبِيّٖنَ : نبی، انبیا۔

حُبِّهٖ : محبت، محبّ، محبوب، حبیب۔

الْقُرْبٰى : قرب، قرابت، اقربا، قریبی۔

الْيَتٰمٰى : یتیم، یتیمی۔

الْمَسٰكِيْنَ : مسکین، مساکین، مسکینی۔

اِبْنَ : محمد بن قاسم، ابن الوقت، متبنّٰی۔

السَّآئِلِيْنَ : سوال، سائل، مسؤل، سوالات۔

فِى : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔

اَقَامَ : قیام، قائم، مقیم۔

الْمُوْفُوْنَ : وفا، ایفاء عہد۔

بِعَهْدِهِمْ، عٰهَدُوْا : عہد، معاہدہ، معاہدات۔

الصّٰبِرِيْنَ : صبر، صابر۔

صَدَقُوْا : صدق وصفا، صداقت، صادق۔

الْمُتَّقُوْنَ : تقوٰی، متقی۔

| وَ الْكِتٰبِ | وَ النَّبِيّٖنَ ۚ | وَ اٰتَى الْمَالَ | عَلٰى حُبِّهٖ [1] | ذَوِى الْقُرْبٰى |
|---|---|---|---|---|
| اور کتاب پر | اور سب نبیوں پر | اور دے (اپنا) مال | اس کی محبت کی خاطر | قرابت والوں کو |

| وَ الْيَتٰمٰى | وَ الْمَسٰكِيْنَ [2] | وَ ابْنَ السَّبِيْلِ ۙ [3] | وَ السَّآىِٕلِيْنَ | وَ فِى الرِّقَابِ ۚ |
|---|---|---|---|---|
| اور یتیموں کو | اور مساکین کو | اور مسافروں کو | اور مانگنے والوں کو | اور گردنوں میں |

| وَ اَقَامَ | الصَّلٰوةَ | وَ اٰتَى | الزَّكٰوةَ ۚ | وَ الْمُوْفُوْنَ | بِعَهْدِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور قائم کرے | نماز | اور ادا کرے | زکوٰۃ | اور سب پورا کرنے والے ہوں | اپنے عہد کو |

| اِذَا عٰهَدُوْا ۚ | وَ الصّٰبِرِيْنَ | فِى الْبَاْسَآءِ | وَ الضَّرَّآءِ |
|---|---|---|---|
| جب (بھی) وہ سب عہد کریں | اور سب صبر کرنیوالے ہوں | تنگ دستی میں | اور بیماری میں |

| وَ حِيْنَ [4] | الْبَاْسِ ۗ | اُولٰٓىِٕكَ الَّذِيْنَ | صَدَقُوْا ۗ | وَ اُولٰٓىِٕكَ | هُمُ الْمُتَّقُوْنَ [5] (177) |
|---|---|---|---|---|---|
| اور دوران | جنگ کے | یہی ہیں جو | سب سچے ہیں | اور یہی | ہی سب پرہیزگار ہیں |

| يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | كُتِبَ |
|---|---|---|---|
| اے | وہ لوگو! جو | سب ایمان لائے ہو | لکھ دیا گیا (یعنی فرض کر دیا گیا ہے) |

## ضروری وضاحت

[1] "عَلٰى حُبِّهٖ" کا اصل ترجمہ "اس کی محبت پر" ہے۔ [2] یہ مسکین کی جمع ہے، اس میں "يْنَ" جمع کا نہیں بلکہ اس لفظ کا اصلی نون ہے۔ [3] "اِبْنَ السَّبِيْلِ" کا اصل ترجمہ "راستے کا بیٹا" ہے مراد "مسافر" ہے۔ [4] "حِيْنَ" کا اصل ترجمہ "وقت، مدت" ہے یہاں "جنگ کا وقت" مراد ہے۔ [5] "هُمْ" کے بعد اگر "اَلْ" ہو تو اس سے تاکید کا مفہوم پیدا ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ | تم پر قصاص لینا مقتولین (کے بارے) میں |
| اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ | آزاد (قاتل) کے بدلے آزاد (ہی قتل ہوگا) |
| وَ الْعَبْدُ بِالْعَبْدِ | اور غلام (قاتل) کے بدلے غلام (ہی قتل ہوگا) |
| وَ الْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ | اور عورت کے بدلے عورت (ہی قتل کی جائے گی) |
| فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ | پس جو (کہ) معاف کر دیا جائے اس کو |
| مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ | اپنے بھائی کی طرف سے کچھ بھی |
| فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ | تو (لازم ہے اس پر) پیروی کرنا دستور کے مطابق |
| وَ اَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ | اور ادائیگی کرے اس کو اچھے طریقے سے |
| ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ | یہ (دیت کی ادائیگی) تخفیف ہے |
| مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ ؕ | تمھارے رب کی طرف سے اور رحمت ہے |
| فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ | پس جو زیادتی کرے اس کے بعد (بھی) |
| فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (178) | تو اس کیلئے دردناک عذاب ہے۔ (178) |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | مِّنْ، اَخِيْهِ : منجانب/اخوت، مواخات (بھائی چارہ)۔ |
| الْقِصَاصُ : قصاص۔ | فَاتِّبَاعٌ : تابع، اتباع، متبع۔ |
| الْقَتْلٰى : قتل، قاتل، قتال، مقتول۔ | بِالْمَعْرُوْفِ : عرف عام، معروف، معرفت۔ |
| الْحُرُّ : حریت پسند، قافلۂ حریت (آزادی)۔ | اَدَآءٌ : ادائے حق، ادائے فرض، ادائیگی۔ |
| الْعَبْدُ : عبادت، عابد، معبود۔ | اِلَيْهِ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔ |
| الْاُنْثٰى : مؤنث، تانیث۔ | تَخْفِيْفٌ : تخفیف، مخفف، خفیف، خفت۔ |
| عُفِيَ : عفو و درگزر، معافی۔ | اِعْتَدٰى : ظلم و تعدی، متعدی بیماریاں۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمُ | الْقِصَاصُ | فِي الْقَتْلٰى ؕ | اَلْحُرُّ | بِالْحُرِّ ❶ |
| تم پر | قصاص (لینا) | مقتولین (کے بارے) میں | آزاد | کے بدلے آزاد (قتل ہوگا) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ الْعَبْدُ | بِالْعَبْدِ | وَ الْاُنْثٰى | بِالْاُنْثٰى ؕ |
| اور غلام | کے بدلے غلام (قتل ہوگا) | اور عورت | کے بدلے عورت (قتل کی جائے گی) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | عُفِيَ لَهٗ | مِنْ اَخِيْهِ | شَيْءٌ | فَاتِّبَاعٌ |
| پس جو | معاف کر دیا جائے اس کو | اپنے بھائی کی طرف سے | کچھ بھی | تو پیروی کرنا ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | اَدَآءٌ | اِلَيْهِ | بِاِحْسَانٍ ؕ |
| دستور کے مطابق | اور | ادائیگی کرے | اس کی طرف | اچھے طریقے سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ ❷ | تَخْفِيْفٌ | مِّنْ رَّبِّكُمْ | وَ | رَحْمَةٌ ؕ |
| یہ (دیت کی ادائیگی) | تخفیف ہے | تمھارے رب کی طرف سے | اور | رحمت ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنِ | اعْتَدٰى | بَعْدَ ذٰلِكَ | فَلَهٗ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ ﴿178﴾ |
| پس جو (بھی) | زیادتی کرے | اس کے بعد | تو اس کیلئے | عذاب ہے | دردناک |

**ضروری وضاحت**

❶ اُس دور میں دراصل رواج تھا کہ مقتول اگر معزز آدمی ہوتا تو صرف اسکے قاتل کو قتل کرنا کافی نہ سمجھتے تھے بلکہ اس کی جگہ کئی آدمی یا کسی معزز آدمی کو ہی قتل کرنا ضروری سمجھتے تھے، اسی طرح اگر قاتل معزز ہوتا تو مقتول کے بدلے اسے قتل کرنا مناسب نہیں سمجھتے تھے، اس لیے فرمایا گیا ہے کہ مقتول کے بدلے صرف قاتل کی ہی جان لی جائے گی۔ ❷ "ذٰلِكَ" کا اصل ترجمہ "وہ" ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ لَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ | اور تمھارے لئے قصاص میں زندگی ہے |
| يّٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿179﴾ | اے عقل والو! تاکہ تم بچ جاؤ (اللہ کے عذاب سے)۔ ﴿179﴾ |
| كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ | فرض کر دیا گیا ہے تم پر (کہ) جب آ جائے |
| اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۚۖ | تم میں سے کسی کو موت، اگر وہ مال چھوڑے |
| الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ | وصیت کرنا، والدین کے لیے |
| وَ الْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ | اور قریبی رشتہ داروں کیلئے معروف طریقے سے |
| حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ؕ﴿180﴾ | (یہ) حق ہے پرہیزگاروں کے ذمے۔ ﴿180﴾ |
| فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا | پس جو بدل دے اسے اسکے بعد کہ |
| سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ | اس نے اسے سن لیا تو بیشک اسکا گناہ |
| عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ | ان پر ہے جو تبدیل کرتے ہیں اسے |
| اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ؕ﴿181﴾ | بیشک اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ ﴿181﴾ |
| فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ | پس جو ڈرے وصیت کرنے والے سے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| فِي : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔ | لِلْوَالِدَيْنِ : والدین، والد گرامی۔ |
| حَيٰوةٌ : موت وحیات، حیات ومَمات۔ | الْاَقْرَبِيْنَ : قرب، اقربا، قرابت داری، قریبی۔ |
| تَتَّقُوْنَ، الْمُتَّقِيْنَ : تقوی، متقی۔ | حَقًّا : حق، حقوق، حقیقی، مستحق، استحقاق۔ |
| عَلَيْكُمْ، عَلَى : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔ | يُبَدِّلُوْنَهٗ : تبدیل، متبادل، تبادلہ، بدل۔ |
| حَضَرَ : حاضر، غیر حاضر، حاضری۔ | سَمِيْعٌ : سمع، سماعت، سامع، محفل سماع۔ |
| تَرَكَ : ترک، ترکہ، متروک، تارک۔ | عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| الْوَصِيَّةُ، مُّوْصٍ : وصیت، وصیت نامہ۔ | خَافَ : خوف، خائف۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَكُمْ | فِى الْقِصَاصِ | حَيٰوةٌ ❶❷ | يّٰۤاُولِى الْاَلْبَابِ | لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ (179) |
| اور | تمھارے لئے | قصاص میں | زندگی ہے | اے عقل والو | تاکہ تم سب بچ جاؤ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كُتِبَ ❸ | عَلَيْكُمْ | اِذَا حَضَرَ | اَحَدَكُمُ | الْمَوْتُ | اِنْ تَرَكَ |
| فرض کر دیا گیا ہے | تم پر | کہ جب آجائے | تم میں سے کسی کو | موت | اگر چھوڑے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| خَيْرًا ❹ ۚۖ | الْوَصِيَّةُ ❶ | لِلْوَالِدَيْنِ | وَالْاَقْرَبِيْنَ | بِالْمَعْرُوْفِ ۚ |
| مال | وصیت کرنا | والدین کیلئے | اور قریبی رشتہ داروں کیلئے | معروف طریقے سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حَقًّا | عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ؕ (180) | فَمَنْۢ | بَدَّلَهٗ | بَعْدَ مَا | سَمِعَهٗ |
| یہ حق ہے | پرہیزگاروں پر | پس جو | بدل دے اسے | اسکے بعد کہ | اس نے اسے سن لیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّمَآ | اِثْمُهٗ | عَلَى الَّذِيْنَ | يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ | اِنَّ اللّٰهَ |
| تو بیشک | اسکا گناہ | ان پر ہے جو | وہ سب تبدیل کرتے ہیں اسے | بیشک اللہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ ؕ (181) | فَمَنْ | خَافَ | مِنْ مُّوْصٍ |
| سننے والا | جاننے والا ہے | پس جسے | خوف ہو | وصیت کرنے والے سے |

### ضروری وضاحت

❶ علامت ''ۃ'' کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں۔ ❷ یہاں زندگی سے مراد یہ ہے کہ اگر ایک قاتل کو قصاص میں قتل کر دیا جائے گا تو باقی لوگ ڈر کر قتل کرنے سے بچیں گے، اس طرح بہت سی زندگیاں بچ جائیں گی۔ ❸ ''كُتِبَ'' کا ترجمہ ''لکھ دیا گیا'' ہے لیکن مراد ''فرض کر دیا گیا'' ہے۔ ❹ ''خَيْرًا'' کا اصل معنیٰ ''بھلائی'' ہے، لیکن کبھی اس سے مراد ''مال'' بھی ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ | طرفداری یا کسی گناہ سے (تو) پھر وہ اصلاح کرا دے |
| بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ | ان کے درمیان تو کوئی گناہ نہیں اس پر |
| اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ع ﴿182﴾ | بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ ع ﴿182﴾ |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ | اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو فرض کئے گئے ہیں |
| عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ | تم پر روزے جیسا کہ فرض کئے گئے |
| عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ | ان لوگوں پر جو تم سے پہلے (تھے) |
| لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿183﴾ لا | تاکہ تم بچ جاؤ (گناہوں سے)۔ ﴿183﴾ |
| اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ | (یہ روزے) چند دن ہیں گنتی کے، پس جو ہو |
| مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ | تم میں سے بیمار یا سفر پر |
| فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ | تو (وہ) گنتی پوری کرے دوسرے دنوں سے |
| وَ عَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ | اور ان لوگوں پر جو طاقت رکھتے ہوں اس کی |
| فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ | (اور نہ رکھیں) فدیہ ہے ایک مسکین کا کھانا |

ع 22 6 6

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَصْلَحَ : صلح، اصلاح، مصلح۔
بَيْنَهُمْ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔
عَلَيْهِ : علیحدہ، علی ہذا القیاس، علی العموم۔
اٰمَنُوْا : ایمان، مومن، امن۔
الصِّيَامُ : صوم، صیام۔
قَبْلِكُمْ : قبل از غذا، چند دن قبل۔
تَتَّقُوْنَ : تقویٰ، متقی۔

اَيَّامًا : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم آخرت۔
مَّعْدُوْدٰتٍ، فَعِدَّةٌ : عدد، معدود، تعداد، عدت۔
سَفَرٍ : سفر، مسافر، مسافر خانہ۔
اُخَرَ : اُخروی زندگی، فکر آخرت، آخری۔
يُطِيْقُوْنَهٗ : طاقت۔
فِدْيَةٌ : فدیہ۔
طَعَامُ : قیام وطعام، قبل از طعام۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جَنَفًا | اَوْ اِثْمًا | فَاَصْلَحَ | بَیْنَھُمْ | فَلَآ اِثْمَ | عَلَیْهِ ؕ |
| طرفداری کا | یا کسی گناہ کا | تو وہ اصلاح کرا دے | ان کے درمیان | تو نہیں کوئی گناہ | اس پر |

22 ع 6 6

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِیْمٌ (182) ع | یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | كُتِبَ |
| بیشک اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | اے وہ لوگو جو | سب ایمان لائے ہو | فرض کیے گئے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلَیْكُمُ | الصِّیَامُ | كَمَا | كُتِبَ | عَلَی الَّذِیْنَ | مِنْ قَبْلِكُمْ |
| تم پر | روزے | جیسا کہ | فرض کیے گئے | ان لوگوں پر جو | تم سے پہلے (تھے) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ❶ لا (183) | اَیَّامًا | مَّعْدُوْدٰتٍ ❷ ؕ | فَمَنْ | كَانَ | مِنْكُمْ |
| تاکہ تم سب بچ جاؤ | چند دن ہیں | گنتی کے | پس جو | ہو | تم میں سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَّرِیْضًا | اَوْ | عَلٰی سَفَرٍ | فَعِدَّةٌ ❷ | مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ | وَ |
| بیمار | یا | سفر پر | تو وہ گنتی پوری کرے | دوسرے دنوں سے | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلَی الَّذِیْنَ | یُطِیْقُوْنَهٗ ❸ | فِدْیَةٌ ❷ | طَعَامُ | مِسْكِیْنٍ ؕ |
| ان لوگوں پر جو | وہ سب طاقت رکھتے ہوں اس کی | فدیہ ہے | کھانا کھلانا | ایک مسکین کا |

## ضروری وضاحت

❶ "کُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❷ "ات" اور "ۃ" مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اسکے دو مفہوم ہو سکتے ہیں۔ 1۔ جو لوگ بوڑھے اور کمزور ہیں یا ایسی لا علاج مرض میں مبتلا ہوں جس سے شفا کا امکان نظر نہیں آتا تو وہ روزوں کی بجائے فدیہ دے دیں۔ 2۔ یا ہر ایک کو اجازت تھی کہ جو روزہ نہ رکھنا چاہیں تو فدیہ دے دیں، یہ حکم منسوخ ہو چکا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا | پس جو خوشی سے کرے (زیادہ) بھلائی |
| فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَ اَنْ تَصُوْمُوْا | تو وہ بہتر ہے اس کیلئے اور یہ کہ تم روزہ رکھو |
| خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿184﴾ | (تو) زیادہ بہتر ہے تمھارے لیے اگر ہو تم جانتے ﴿184﴾ |
| شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ | رمضان کا مہینہ وہ ہے جو نازل کیا گیا ہے |
| فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ | اس میں قرآن (جو) ہدایت ہے لوگوں کے لیے |
| وَ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى | اور روشن دلائل ہیں ہدایت کے |
| وَ الْفُرْقَانِ ۚ | اور (حق و باطل کے درمیان) فرق کرنے کے |
| فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ | پس جو موجود ہو (گھر میں) تم میں سے کوئی (اس) مہینے میں |
| فَلْيَصُمْهُ ؕ | تو اسے چاہیے کہ وہ روزے رکھے اس (مہینے) کے |
| وَ مَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ | اور جو بیمار ہو یا سفر پر ہو |
| فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ | تو گنتی پوری کرے دوسرے دنوں سے |
| يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ | چاہتا ہے اللہ تمہارے ساتھ آسانی کرنا |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| تَطَوَّعَ : اطاعت، مطیع، طوعاً و کرہاً۔ | بَيِّنٰتٍ : بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔ |
| تَصُوْمُوْا : صوم، صیام۔ | الْفُرْقَانِ : فرق، تفریق، مفارقت۔ |
| تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، علماء، علامہ۔ | فَعِدَّةٌ : عدد، معدود، تعداد، عدت۔ |
| اُنْزِلَ : نازل، نزول، انزال، شان نزول۔ | اَيَّامٍ : یوم، ایام، یوم آزادی۔ |
| فِيْهِ : فی الحال، فی الحقیقت، فی الوقع فی الفور۔ | اُخَرَ : اُخروی زندگی، فکر آخرت، آخری۔ |
| هُدًى : ہدایت، ہادی برحق۔ | يُرِيْدُ : ارادہ، مراد۔ |
| لِّلنَّاسِ : لہٰذا، الحمدللہ / عوام النّاس۔ | الْيُسْرَ : میسّر (آسانی)۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | تَطَوَّعَ ❶ | خَيْرًا | فَهُوَ | خَيْرٌ | لَّهٗ ؕ | وَ اَنْ | تَصُوْمُوْا |
| پس جو | خوشی سے کرے | بھلائی | تو وہ | بہتر ہے | اس کیلئے | اور یہ کہ | تم سب روزہ رکھو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خَيْرٌ | لَّكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ ﴿184﴾ | شَهْرُ رَمَضَانَ | الَّذِيْٓ |
| زیادہ بہتر ہے | تمھارے لئے | اگر | ہو تم | تم سب جانتے | رمضان کا مہینہ | (وہ ہے) جو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اُنْزِلَ | فِيْهِ | الْقُرْاٰنُ | هُدًى | لِّلنَّاسِ | وَ | بَيِّنٰتٍ ❷ |
| نازل کیا گیا | اس میں | قرآن | (جو) ہدایت ہے | لوگوں کیلئے | اور | روشن دلائل ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ الْهُدٰى | وَ الْفُرْقَانِ ۚ | فَمَنْ | شَهِدَ ❸ | مِنْكُمُ | الشَّهْرَ |
| ہدایت سے | اور امتیاز کرنے کے | پس جو | موجود ہو | تم میں سے کوئی | (اس) مہینے (میں) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَلْيَصُمْهُ ؕ | وَمَنْ | كَانَ ❹ | مَرِيْضًا | اَوْ | عَلٰى سَفَرٍ |
| تو چاہیے کہ وہ اسکے روزے رکھے | اور جو | ہو | بیمار | یا | سفر پر (ہو) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَعِدَّةٌ ❷ | مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ | يُرِيْدُ ❺ | اللّٰهُ | بِكُمُ | الْيُسْرَ |
| تو گنتی پوری کرے | دوسرے دنوں سے | چاہتا ہے | اللہ | تمھارے ساتھ | آسانی |

## ضروری وضاحت

❶اس سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل کی "تَ" کا معنی "تو" نہیں ہے اور نہ واحد مؤنث کا بلکہ اس میں کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷"ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ "موجود ہو" یعنی سفر میں نہ ہو۔ ❹"كَانَ" کا ترجمہ "تھا" ہوتا ہے، کبھی اسکا ترجمہ "ہو" یا "ہے" بھی کیا جاتا ہے۔❺"يُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ لَا یُرِیۡدُ بِکُمُ الۡعُسۡرَ ۫ | اور وہ نہیں چاہتا تمہارے ساتھ سختی کرنا |
| وَ لِتُکۡمِلُوا الۡعِدَّۃَ | اور تاکہ تم پورا کرلو گنتی (تعداد) کو |
| وَ لِتُکَبِّرُوا اللّٰہَ | اور تاکہ تم بڑائی بیان کرو اللہ کی |
| عَلٰی مَا ہَدٰىکُمۡ | اس (احسان) پر جو اس نے ہدایت دی تم کو |
| وَ لَعَلَّکُمۡ تَشۡکُرُوۡنَ ﴿185﴾ | اور (اسلئے بھی) تاکہ تم شکر ادا کرو۔ ﴿185﴾ |
| وَ اِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیۡ | اور جب آپ سے پوچھیں میرے بندے |
| عَنِّیۡ فَاِنِّیۡ قَرِیۡبٌ ؕ | میرے بارے میں تو (بتادیں) بیشک میں قریب ہوں |
| اُجِیۡبُ دَعۡوَۃَ الدَّاعِ | میں قبول کرتا ہوں دعا کرنیوالے کی پکار کو |
| اِذَا دَعَانِ ۙ | جب وہ مجھے پکارے |
| فَلۡیَسۡتَجِیۡبُوۡا لِیۡ | پس چاہیے کہ (سب لوگ) حکم مانیں میرا |
| وَ لۡیُؤۡمِنُوۡا بِیۡ | اور چاہیے کہ وہ ایمان لائیں مجھ پر |
| لَعَلَّہُمۡ یَرۡشُدُوۡنَ ﴿186﴾ | تاکہ وہ راہِ راست پالیں۔ ﴿186﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاعلاج، لاجواب، لاتعداد۔
یُرِیۡدُ : ارادہ، ارادۃً، مراد، مرید۔
الۡعُسۡرَ : عسرت وافلاس۔
لِتُکۡمِلُوا : مکمل، تکمیل، کمال، کامل۔
لِتُکَبِّرُوا : تکبیر، تکبر، متکبر، اکابر۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
ہَدٰىکُمۡ : ہدایت، ہادی برحق۔
تَشۡکُرُوۡنَ : شکر، شاکر، شکرگزار، اظہارِ تشکر۔
سَاَلَکَ : سوال، سائل، مسؤل۔
عِبَادِیۡ : عبد، عابد، معبود، معبد، عبادت۔
اُجِیۡبُ، فَلۡیَسۡتَجِیۡبُوۡا : جواب، مستجاب الدعا۔
الدَّاعِ، دَعَانِ : دعا، داعی، مدعو۔
وَ لۡیُؤۡمِنُوۡا : ایمان، مؤمن، امن۔
یَرۡشُدُوۡنَ : رشد وہدایت، راشد، مرشد۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يُرِيْدُ | بِكُمُ | الْعُسْرَ ز | وَ | لِتُكْمِلُوا | الْعِدَّةَ ❶ |
| اور | نہیں | وہ چاہتا | تمھارے ساتھ | سختی | اور | تاکہ تم سب پورا کرلو | تعداد کو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | لِتُكَبِّرُوا | اللّٰهَ | عَلٰى مَا | هَدٰىكُمْ |
| اور | تاکہ تم سب بڑائی بیان کرو | اللہ کی | اس (احسان) پر جو | اس نے ہدایت دی تم کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (185) ❷ | وَ | اِذَا | سَاَلَكَ | عِبَادِيْ |
| اور | تاکہ تم سب شکر ادا کرو | اور | جب | آپ سے پوچھیں | میرے بندے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَنِّيْ | فَاِنِّيْ | قَرِيْبٌ ط | اُجِيْبُ ❸ | دَعْوَةَ ❶ |
| میرے بارے میں | تو بیشک میں | قریب ہوں | میں جواب دیتا ہوں | پکار کا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الدَّاعِ | اِذَا | دَعَانِ لا ❹ | فَلْيَسْتَجِيْبُوْا | لِيْ ❺ |
| دعا کرنیوالے کی | جب | وہ مجھے پکارتا ہے | پس چاہیے کہ وہ سب حکم مانیں | میرا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | لْيُؤْمِنُوْا | بِيْ | لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ (186) ❻ |
| اور | چاہیے کہ وہ سب ایمان لائیں | مجھ پر | تاکہ وہ سب راہ راست پالیں |

## ضروری وضاحت

❶"ۃ" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❷"کُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے اور "کُمْ" تاکید کے لیے آیا ہے۔❸"اُجِيْبُ" کا اصل ترجمہ یہی ہے لیکن مراد "میں قبول کرتا ہوں" ہے۔❹"دَعَانِ" اصل میں "دَعَانِيْ" تھا، آخر میں "يْ" بھی تھی اسی کا ترجمہ "مجھے" کیا گیا ہے۔❺"لِيْ" کا اصل ترجمہ "میرے لیے" ہے، "لِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❻"هُمْ" اور "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔

| | |
|---|---|
| اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ | حلال کر دیا گیا ہے تمھارے لیے روزوں کی رات |
| الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ ؕ | بے حجاب ہونا اپنی عورتوں (بیویوں) سے |
| هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَ اَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ | وہ لباس ہیں تمھارے لیے اور تم لباس ہو ان کیلئے |
| عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ | اللہ جان چکا ہے کہ بیشک تم خیانت کر لیتے تھے |
| اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ | اپنے آپ سے تو اس نے رجوع کیا (مہربانی کی) تم پر |
| وَ عَفَا عَنْكُمْ ۚ | اور درگزر کر دیا تم سے |
| فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ | پس اب تم مباشرت کر سکتے ہو ان سے |
| وَابْتَغُوْا مَا | اور خواہش رکھو (اس کی) جو (مقدر میں) |
| كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۠ | لکھ رکھا ہے اللہ نے تمھارے لیے (لڑکا یا لڑکی) |
| وَ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ | اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ نمایاں ہو جائے |
| لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ | تمھارے لئے (صبح کی) سفید دھاری |
| مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۠ | (رات کی) کالی دھاری سے فجر کو |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُحِلَّ : حلال، حلت وحرمت۔

لَيْلَةَ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔

نِسَآئِكُمْ : تربیت نسواں، نسوانیت۔

تَخْتَانُوْنَ : خیانت، خائن۔

اَنْفُسَكُمْ : نفس، نفوس، نفسانفسی، نظام تنفس۔

فَتَابَ : توبہ، تائب۔

عَفَا : عفو ودرگزر، معافی۔

بَاشِرُوْهُنَّ : مباشرت۔

كُلُوْا : اکل وشرب، ماٴکولات۔

اِشْرَبُوْا : شربت، مشروب، اکل وشرب۔

حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسع۔

يَتَبَيَّنَ : بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ۔

الْاَبْيَضُ : ید بیضا، بیاض، ابیض (سفید)۔

الْاَسْوَدِ : حجر اسود، بحیرۂ اسود (کالا)۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| أُحِلَّ | لَكُمْ | لَيْلَةَ | الصِّيَامِ | الرَّفَثُ❶ | اِلٰى نِسَآئِكُمْ ط ❷ |
| حلال کر دیا گیا ہے | تمھارے لئے | رات | روزے کی | بے حجاب ہونا | اپنی عورتوں سے |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُنَّ | لِبَاسٌ | لَّكُمْ | وَاَنْتُمْ | لِبَاسٌ | لَّهُنَّ ط | عَلِمَ اللّٰهُ | اَنَّكُمْ |
| وہ | لباس ہیں | تمھارے لیے | اور تم | لباس ہو | ان کیلئے | اللہ جان چکا ہے | کہ بیشک تم |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | تَخْتَانُوْنَ | اَنْفُسَكُمْ | فَتَابَ❸ | عَلَيْكُمْ | وَعَفَا |
| تھے تم | تم سب خیانت کر لیتے | اپنے آپ سے | تو اس نے رجوع کیا | تم پر | اور درگزر کر دیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَنْكُمْ ج | فَالْئٰنَ | بَاشِرُوْهُنَّ | وَابْتَغُوْا | مَا كَتَبَ |
| تم سے | پس اب | تم سب مباشرت کرو ان سے | اور تم سب طلب کرو | جو لکھ رکھا ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | لَكُمْ صلے | وَكُلُوْا❹ | وَاشْرَبُوْا | حَتّٰى يَتَبَيَّنَ❺ |
| اللہ نے | تمھارے لیے | اور تم سب کھاؤ | اور تم سب پیو | یہاں تک کہ نمایاں ہو جائے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَكُمُ | الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ | مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ | مِنَ الْفَجْرِ صلے ❻ |
| تمھارے لیے | سفید دھاری | کالی دھاری سے | فجر کو |

ضروری وضاحت

❶ابتدائے اسلام میں رمضان میں عشاء کی نماز یا سو جانے کے بعد کھانا کھانے اور عورتوں سے مباشرت کرنے پر پابندی تھی یہاں اسے اٹھا لینے کا ذکر ہے،❷"اِلٰی" کا اصل ترجمہ "تک" ہے۔❸صفحہ نمبر 23 حاشیہ نمبر 2 میں ملاحظہ فرمائیں۔❹یہ لفظ "اَکَلَ" سے بنا ہے، آسانی کیلئے شروع سے "أ" گرا دیا گیا ہے۔❺"یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❻"مِنْ" کا اصل ترجمہ "سے" ہے۔

| | |
|---|---|
| ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ | پھر تم پورا کرو روزے کو رات تک |
| وَ لَا تُبَاشِرُوْهُنَّ | اور مت مباشرت کرو ان سے |
| وَ اَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ فِي الْمَسٰجِدِ ؕ | اس حال میں کہ تم اعتکاف میں ہو مساجد میں |
| تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ | یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں ہیں |
| فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ | تو تم قریب مت جاؤ ان کے، اسی طرح |
| يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ | اللہ کھول کھول کر بیان کرتا ہے اپنے احکام |
| لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿187﴾ | لوگوں کیلئے تاکہ وہ (خلاف ورزی سے) بچے رہیں ﴿187﴾ |
| وَ لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ | اور تم مت کھاؤ اپنے مال اپنے درمیان (آپس میں) |
| بِالْبَاطِلِ وَ تُدْلُوْا بِهَاۤ اِلَى الْحُكَّامِ | ناحق طریقے سے اور (نہ) پہنچاؤ ان کو حکام تک |
| لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ | تاکہ تم کھا جاؤ ایک حصہ لوگوں کے اموال میں سے |
| بِالْاِثْمِ وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ع ﴿188﴾ | گناہ (یعنی ناجائز طریقے) سے حالانکہ تم جانتے ہو ع ﴿188﴾ ع 23 6 7 |
| يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ | وہ پوچھتے ہیں آپ سے نئے چاندوں کے بارے میں |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَتِمُّوا : تمام، تمت بالخیر۔
الصِّيَامَ : صوم وصلوٰۃ، صیام۔
اِلَى، الَّيْلِ : مکتوب الیہ / لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
تُبَاشِرُوْهُنَّ : مباشرت۔
عٰكِفُوْنَ : اعتکاف، معتکف۔
حُدُوْدُ : حد، حدیں، حدود اربعہ۔
تَقْرَبُوْهَا : قرب، قریب، اقربا، قربت۔

يُبَيِّنُ : بیان، بیّن دلیل، مبینہ۔
يَتَّقُوْنَ : تقوٰی، متقی۔
تَاْكُلُوْۤا : اکل وشرب، مأکولات۔
اَمْوَالَكُمْ : مال ودولت، اموال، مالی حالت۔
بَيْنَكُمْ : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسؤل۔
الْاَهِلَّةِ : ہلال احمر، رؤیت ہلال کمیٹی (چاند)۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | اَتِمُّوا | الصِّيَامَ | اِلَى الَّيْلِ ج | وَ لَا | تُبَاشِرُوْهُنَّ ❶ |
| پھر | تم سب پورا کرو | روزے کو | رات تک | اور مت | تم سب مباشرت کرو ان سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ اَنْتُمْ | عٰكِفُوْنَ لا | فِي الْمَسٰجِدِ ط | تِلْكَ ❷ حُدُوْدُ اللّٰهِ | فَلَا |
| اس حال میں کہ تم | سب اعتکاف میں ہو | مساجد میں | یہ اللہ کی حدیں ہیں | تو مت |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تَقْرَبُوْهَا ط ❶ | كَذٰلِكَ | يُبَيِّنُ اللّٰهُ ❸ | اٰيٰتِهٖ | لِلنَّاسِ |
| تم سب قریب جاؤ ان کے | اسی طرح | اللہ کھول کھول کر بیان کرتا ہے | اپنے احکام | لوگوں کیلئے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّهُمْ ❹ يَتَّقُوْنَ (187) | وَ لَا | تَاْكُلُوْٓا | اَمْوَالَكُمْ | بَيْنَكُمْ | بِالْبَاطِلِ |
| تاکہ وہ سب بچے رہیں | اور مت | تم سب کھاؤ | اپنے مال | اپنے درمیان | ناحق طریقے سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ تُدْلُوْا ❺ | بِهَآ | اِلَى الْحُكَّامِ | لِتَاْكُلُوْا | فَرِيْقًا | مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ |
| اورتم سب (نہ) پہنچاؤ | ان کو | حکام تک | تاکہ تم سب کھا جاؤ | ایک حصہ | لوگوں کے اموال سے |

ع 23 6 7

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِالْاِثْمِ | وَ | اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (188) ع | يَسْــَٔلُوْنَكَ | عَنِ الْاَهِلَّةِ ط ❻ |
| گناہ سے | حالانکہ | تم سب جانتے ہو | وہ سب آپ سے پوچھتے ہیں | نئے چاندوں کے بارے |

ضروری وضاحت

❶ "وْا" کے ساتھ اگر کوئی اور علامت آئے تو "الف" گرا دیتے ہیں ❷ "تِلْكَ" کا ترجمہ "وہ" کی بجائے کبھی "یہ" بھی کیا جاتا ہے۔ ❸ "يُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "هُمْ" اور "يَ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔ ❺ "تُدْلُوْا" اصل میں "لَا تُدْلُوْا" ہے پہلے "لَا" گزر چکا ہے، اس لیے دوبارہ نہیں آیا۔ ❻ یہاں "ة" مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کی ہے۔

| | |
|---|---|
| قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ | آپ کہہ دیں یہ لوگوں کیلئے اوقات |
| وَ الْحَجِّ ؕ وَ لَيْسَ الْبِرُّ | اور حج کے (تعین کا ذریعہ ہیں) اور نیکی (یہ) نہیں |
| بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا | کہ تم آؤ گھروں کو ان کی پشت سے |
| وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ | اور لیکن نیکی (اسکی) ہے جو (برائی سے) بچا رہے |
| وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۠ | اور آؤ تم گھروں میں ان کے دروازوں سے |
| وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿189﴾ | اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ ﴿189﴾ |
| وَ قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | اور تم جنگ کرو اللہ کی راہ میں |
| الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ | ان لوگوں سے جو جنگ کرتے ہیں تم سے |
| وَ لَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ | اور نہ تم زیادتی کرو بیشک اللہ |
| لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿190﴾ | نہیں پسند کرتا زیادتی کرنے والوں کو۔ ﴿190﴾ |
| وَ اقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ | اور انہیں قتل کرو جہاں بھی تم پاؤ ان کو |
| وَ اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ | اور نکال دو انہیں جہاں سے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
مَوَاقِيْتُ : وقت، اوقات، میقات الصیام۔
لِلنَّاسِ : عوام الناس۔
الْبُيُوْتَ : بیت اللہ، بیت المال، بیت الخلا۔
وَلٰكِنَّ : لیکن۔
اتَّقُوا : تقوی، متقی۔
اَبْوَابِهَا : باب، ابواب۔

تُفْلِحُوْنَ : فلاح و بہبود، فلاحی ادارے۔
قَاتِلُوْا : قتل، قاتل، مقتول، قتال فی سبیل اللہ۔
يُحِبُّ : محبت، محبوب، حبیب، محبّ۔
تَعْتَدُوْا : ظلم و تعدی، متعدی بیماری، عدوان۔
حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔
اَخْرِجُوْ : خروج، مخرج، وزارت خارجہ۔
مِّنْ : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشّمس۔

| قُلْ هِيَ❶ | مَوَاقِيْتُ | لِلنَّاسِ | وَ الْحَجِّ ط | وَلَيْسَ الْبِرُّ | بِاَنْ❷ |
|---|---|---|---|---|---|
| آپ کہہ دیں وہ | اوقات کے پیمانے ہیں | لوگوں کیلئے | اور حج (کیلئے بھی) | اور نیکی (یہ) نہیں | یہ کہ |

| تَاْتُوا الْبُيُوْتَ | مِنْ ظُهُوْرِهَا | وَلٰكِنَّ الْبِرَّ | مَنِ اتَّقٰى ج | وَاْتُوا |
|---|---|---|---|---|
| تم سب آؤ گھروں کو | ان کی پشت سے | اور لیکن نیکی | (اسکی ہے) جو بچا رہے | اور تم سب آؤ |

| الْبُيُوْتَ | مِنْ اَبْوَابِهَا ص | وَ اتَّقُوا اللّٰهَ | لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ❸ (189) |
|---|---|---|---|
| گھروں میں | انکے دروازوں سے | اور تم سب ڈرتے رہو اللہ سے | تاکہ تم سب فلاح پاجاؤ |

| وَ قَاتِلُوْا | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | الَّذِيْنَ | يُقَاتِلُوْنَكُمْ❹ |
|---|---|---|---|
| اور تم سب جنگ کرو | اللہ کی راہ میں | ان لوگوں سے جو | سب جنگ کرتے ہیں تم سے |

| وَ لَا | تَعْتَدُوْا ط | اِنَّ اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ❹ | الْمُعْتَدِيْنَ (190) |
|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ | تم سب زیادتی کرو | بیشک اللہ | نہیں | پسند کرتا | سب زیادتی کرنیوالوں کو |

| وَ اقْتُلُوْهُمْ❺ | حَيْثُ | ثَقِفْتُمُوْهُمْ❻ | وَ اَخْرِجُوْهُمْ❺ | مِّنْ حَيْثُ |
|---|---|---|---|---|
| اور تم سب قتل کرو انہیں | جہاں بھی | تم سب پاؤ ان کو | اور تم سب نکال دو انہیں | جہاں سے |

### ضروری وضاحت

❶"هِيَ" کا ترجمہ "وہ" ہے ضرورتاً "یہ" کیا گیا ہے۔❷"بِ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔❸"كُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔❹علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺"وْا" کے بعد اگر کوئی اور علامت ہو تو "الف" گر جاتا ہے۔❻"تُمْ" کے بعد اگر کوئی علامت آئے تو درمیان میں "وْ" کا اضافہ کیا جاتا ہے یہاں وہی "وْ" ہے۔

| | |
|---|---|
| اَخْرَجُوْكُمْ | انہوں نے نکالا تمہیں (مکہ سے) |
| وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ | اور فتنہ زیادہ بُرا ہے قتل سے |
| وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ | اور مت جنگ کرو ان سے مسجد حرام کے قریب |
| حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ | یہاں تک کہ وہ (خود) جنگ کریں تم سے اس میں |
| فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ | پھر اگر وہ تم سے جنگ کریں تو تم قتل کرو انہیں |
| كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿191﴾ | یہی سزا ہے کافروں کی (قتل یا اخراج)۔ ﴿191﴾ |
| فَاِنِ انْتَهَوْا | پھر اگر وہ باز آجائیں (لڑائی سے) |
| فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿192﴾ | تو بیشک اللہ بخشنے والا بہت مہربان ہے۔ ﴿192﴾ |
| وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى | اور جنگ کرو ان سے یہاں تک کہ |
| لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ | نہ (باقی) رہے کوئی فتنہ (شرک وظلم) |
| وَّ يَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ | اور ہو جائے دین اللہ کیلئے |
| فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ | پھر اگر وہ باز آجائیں تو کوئی زیادتی (روا) نہیں |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَخْرَجُوْ : خارج، خروج، وزارت خارجہ۔

اَلْفِتْنَةُ : فتنہ، پُرفتن دور، فتّان۔

اَشَدُّ : شدید، شدت، اشد، مشدد۔

مِنَ : منجانب، اظہر من الشّمس، من حیث القوم۔

تُقٰتِلُوْهُمْ : قتل، قاتل، مقتول، قتال فی سبیل اللہ۔

عِنْدَ : عنداللہ، عندالطلب۔

حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی المقدور۔

فِيْهِ : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔

جَزَآءُ : جزاءِ خیر، جزاوسزا۔

اِنْتَهَوْا : انتہا، منتہی طالب علم۔

قٰتِلُوْهُمْ : قتل، قاتل، مقتول، مقتل۔

اَلدِّيْنُ : دین، دینی، متدین، ادیان۔

لِلّٰهِ : لہٰذا، الحمدللہ۔

عُدْوَانَ : ظلم وتعدی، متعدی بیماری، عدوان۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَخْرَجُوْكُمْ ❶ | وَالْفِتْنَةُ ❷ | اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ | وَلَا | تُقٰتِلُوْهُمْ ❶ |
| ان سب نے نکالا تمہیں | اور فتنہ | زیادہ سخت ہے قتل سے | اور مت | تم سب جنگ کرو ان سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ | حَتّٰى | يُقٰتِلُوْكُمْ ❶ | فِيْهِ ۚ |
| مسجد حرام کے پاس | یہاں تک کہ | وہ (خود) تم سب سے جنگ کریں | اس میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاِنْ | قٰتَلُوْكُمْ ❶ | فَاقْتُلُوْهُمْ ❶ ؕ | كَذٰلِكَ | جَزَآءُ ❸ |
| پس اگر | وہ سب تم سے جنگ کریں | تو تم سب قتل کرو انہیں | اسی طرح | سزا ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْكٰفِرِيْنَ (191) | فَاِنِ | انْتَهَوْا | فَاِنَّ اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ (192) |
| کافروں کی | پھر اگر | وہ سب باز آجائیں | تو بیشک اللہ | بخشنے والا | بڑا مہربان ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَقٰتِلُوْهُمْ | حَتّٰى | لَا تَكُوْنَ ❹❺ | فِتْنَةٌ ❷ | وَّيَكُوْنَ ❺ |
| اور تم سب جنگ کرو ان سے | یہاں تک کہ | نہ (باقی) رہے | کوئی فتنہ | اور ہو جائے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الدِّيْنُ | لِلّٰهِ ؕ | فَاِنِ | انْتَهَوْا | فَلَا عُدْوَانَ |
| دین | اللہ کیلئے | پھر اگر | وہ سب باز آجائیں | تو نہیں کوئی زیادتی (روا) |

**ضروری وضاحت**

❶ "وْا" کے بعد اگر کسی اور علامت لگانے کی ضرورت ہو تو اسکے "الف" کو گرا دیتے ہیں۔ ❷ "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ "جَزَآءُ" کا اصل ترجمہ "بدلہ" ہوتا ہے، وہ اچھا ہو یا بُرا، اگر بُرا ہو تو اسے "سزا" کہتے ہیں۔ ❹ "تَكُوْنَ" کا اصل ترجمہ "ہو" ہے، ضرورتاً "رہے" کیا گیا ہے۔ ❺ "ت" اور "ی" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

| | |
|---|---|
| اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ (193) | مگر ظالموں پر۔ (193) |
| اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ | ماہ حرام (کی پابندی) ہے |
| بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ | ماہ حرام (کی پابندی) کے بدلے |
| وَ الْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ | اور تمام حرمتوں میں برابر کا بدلہ ہے |
| فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ | پھر جو زیادتی کرے تم پر تو تم بھی زیادتی کرو اس پر |
| بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ | اس کی مثل جو (جتنی) اس نے زیادتی کی تم پر |
| وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْۤا | اور اللہ سے ڈر جاؤ اور جان لو |
| اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ (194) | کہ بیشک اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ (194) |
| وَ اَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | اور خرچ کرو اللہ کی راہ میں |
| وَ لَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ | اور (اپنے آپ کو) مت ڈالو اپنے ہاتھوں سے |
| اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛۚ وَ اَحْسِنُوْا ۛۚ اِنَّ اللّٰهَ | ہلاکت میں اور احسان کرو، بیشک اللہ |
| يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (195) | محبت رکھتا ہے احسان کرنے والوں سے۔ (195) |

ع ①

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | مَعَ : مع اہل وعیال، معیت۔ |
| الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔ | اَنْفِقُوْا : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔ |
| الْحُرُمٰتُ : حرمت، مسجد حرام، احرام، محرمات۔ | تُلْقُوْا : القاء (ڈالنا)۔ |
| قِصَاصٌ : قصاص۔ | بِاَيْدِيْكُمْ : ید بیضا، رفع الیدین، یدطولیٰ (ہاتھ)۔ |
| اعْتَدٰى : ظلم وتعدی، متعدی بیماری، عدوان۔ | التَّهْلُكَةِ : ہلاکت، ہلاک، مہلک۔ |
| اتَّقُوا، الْمُتَّقِيْنَ : تقوٰی، متقی۔ | اَحْسِنُوْا، الْمُحْسِنِيْنَ : احسان، محسن۔ |
| اعْلَمُوْۤا : علم، عالم، معلوم۔ | يُحِبُّ : محبت، محبّ، محبوب، حبیب۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلَّا | عَلَى الظّٰلِمِيْنَ (193) | اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ | بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ ❶ |
| مگر | ظالموں پر | ماہ حرام (کی پابندی) ہے | ماہ حرام (کی پابندی) کے بدلے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ الْحُرُمٰتُ ❷ | قِصَاصٌ ط | فَمَنِ اعْتَدٰى | عَلَيْكُمْ | فَاعْتَدُوْا |
| اور تمام حرمتوں (میں برابر کا) | بدلہ ہے | پس جو زیادتی کرے | تم پر | تو تم سب بھی زیادتی کرو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِ | بِمِثْلِ | مَا | اعْتَدٰى | عَلَيْكُمْ ص | وَ اتَّقُوا اللّٰهَ | وَ |
| اس پر | اسکی مثل | جو (جتنی) | اس نے زیادتی کی | تم پر | اور تم سب ڈر جاؤ اللہ سے | اور |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اعْلَمُوْٓا | اَنَّ اللّٰهَ | مَعَ الْمُتَّقِيْنَ (194) | وَ اَنْفِقُوْا |
| تم سب جان لو | کہ بیشک اللہ | پرہیزگاروں کے ساتھ ہے | اور تم سب خرچ کرو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | وَ لَا | تُلْقُوْا | بِاَيْدِيْكُمْ | اِلَى التَّهْلُكَةِ ❷ ۚۛ |
| اللہ کی راہ میں | اور مت | تم سب ڈالو | اپنے ہاتھوں کو | ہلاکت کی طرف |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | اَحْسِنُوْا ۚۛ | اِنَّ اللّٰهَ | يُحِبُّ ❸ | الْمُحْسِنِيْنَ ❹ (195) |
| اور | تم سب احسان کرو | بیشک اللہ | محبت رکھتا ہے | سب احسان کرنے والوں سے |

م ①

## ضروری وضاحت

❶ مراد یہ ہے کہ اگر کافر حرمت والے مہینے میں جنگ نہ کریں تو تم بھی نہ کرو اور اگر وہ جنگ کریں تو تم بھی کرو۔ ❷ "ة" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ علامت "يُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "مُ" اور آخر سے پہلے زیر "کام کرنیوالے" کو ظاہر کرتی ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ اَتِمُّوا الْحَجَّ وَ الْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ | اور پورا کرو حج اور عمرہ اللہ کیلئے |
| فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ | پھر اگر تم روکے جاؤ (بیماری یا دشمن کی وجہ سے) |
| فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ وَ لَا تَحْلِقُوْا | تو جو میسر ہو قربانی (کرلو) اور نہ مُنڈاؤ |
| رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ | اپنے سر یہاں تک کہ پہنچ جائے قربانی اپنی جگہ پر |
| فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا | پس جو ہو تم میں سے بیمار |
| اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ | یا اس کو تکلیف ہو اسکے سر میں تو (بطور) فدیہ |
| مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ | روزے رکھے یا صدقہ دے یا قربانی کرے |
| فَاِذَآ اَمِنْتُمْ وقفة فَمَنْ | پھر جب تمہیں امن نصیب ہو تو جو |
| تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ | فائدہ اٹھائے عمرہ کرنے کا حج (کے آنے) تک |
| فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ | تو جو میسر ہو قربانی (ذبح کرے) |
| فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ | پس جو (قربانی) نہ پائے تو روزے رکھے |
| ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ | تین دن (ایامِ) حج میں اور سات (دن) |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَتِمُّوا : اتمام حجت، تمام، تمت بالخیر۔
لِلّٰهِ : لہٰذا، الحمدللہ۔
اُحْصِرْتُمْ : حصار، محصور (بند ہوجانا)۔
تَمَتَّعَ : حج تمتع، مال ومتاع، متاع کارواں۔
اسْتَيْسَرَ : میسر۔
رُءُوْسَكُمْ : رأس المال، رئیس۔
حَتّٰى، يَبْلُغَ : حتی کہ، حتی الامکان/ بالغ، بلوغت، مبلّغ۔

مَحِلَّهٗ : محل، محلّہ، محلات۔
فَفِدْيَةٌ : فدیہ۔
اَذًى : ایذا رسانی، موذی۔
فَصِيَامُ : صوم وصلوٰۃ، صیام۔
اَمِنْتُمْ : ایمان، مؤمن، امن۔
يَجِدْ : وجود، موجود۔
ثَلٰثَةِ : قرون ثلاثہ، مثلث، تثلیث۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَتِمُّوا | الْحَجَّ | وَ الْعُمْرَةَ ❶ | لِلّٰهِ ؕ | فَاِنْ | اُحْصِرْتُمْ | فَمَا |
| اور تم سب پورا کرو | حج | اور عمرہ | اللہ کیلئے | پھر اگر | تم سب روکے جاؤ | تو جو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْتَيْسَرَ | مِنَ الْهَدْيِ ❷ ج | وَ لَا | تَحْلِقُوْا | رُءُوْسَكُمْ | حَتّٰى | يَبْلُغَ ❷ |
| میسر ہو | قربانی (کرلو) | اور نہ | تم سب منڈاؤ | اپنے سر | یہاں تک کہ | پہنچ جائے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْهَدْيُ | مَحِلَّهٗ ؕ | فَمَنْ كَانَ | مِنْكُمْ | مَّرِيْضًا اَوْ | بِهٖۤ اَذًى | مِّنْ رَّاْسِهٖ ❸ |
| قربانی | اپنی جگہ پر | پس جو ہو | تم میں سے | بیمار یا | اس کو تکلیف ہو | اسکے سر میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَفِدْيَةٌ ❶ | مِّنْ صِيَامٍ ❷ | اَوْ صَدَقَةٍ ❶ | اَوْ نُسُكٍ ج | فَاِذَآ | اَمِنْتُمْ وقفة |
| تو (بطور) فدیہ | روزے رکھے | یا صدقہ دے | یا قربانی کرے | پھر جب | تمہیں امن نصیب ہو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | تَمَتَّعَ ❹ | بِالْعُمْرَةِ ❶ | اِلَى الْحَجِّ ❺ | فَمَا اسْتَيْسَرَ | مِنَ الْهَدْيِ ❷ ج |
| تو جو | فائدہ اٹھائے | عمرہ کرنے کا | حج کے ساتھ | تو جو میسر ہو | قربانی (ذبح کرے) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | لَّمْ يَجِدْ ❷ | فَصِيَامُ | ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ❶ | فِي الْحَجِّ | وَ سَبْعَةٍ ❶ |
| پس جو | نہ پائے | تو روزے رکھے | تین دن | (ایام) حج میں | اور سات (دن) |

**ضروری وضاحت**

❶ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ یہاں "یَ" اور "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔
❸ "مِنْ" کا اصل ترجمہ "سے" ہے ضرورتاً یہاں "میں" کیا گیا ہے۔ ❹ علامت "تَ" اور شد میں کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❺ "اِلٰی" کا اصل ترجمہ "طرف، تک" ہے لیکن ضرورتاً یہاں "کے ساتھ" کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ | جب تم (گھر) لوٹو یہ مکمل دس ہوئے |
| ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ | یہ اس کے لیے ہے جو (کہ) نہ ہوں گھر والے اسکے |
| حَاضِرِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ | مسجد حرام (مکہ) کے پاس رہنے والے |
| وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا | اور اللہ سے ڈر جاؤ اور جان لو |
| اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿196﴾ ع 24/8/8 | کہ بیشک اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔ ﴿196﴾ |
| اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ج | حج کے مہینے جانے پہچانے ہیں |
| فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ | پس جو عزم کرے ان (مہینوں) میں حج کا |
| فَلَا رَفَثَ وَ لَا فُسُوْقَ ۙ | تو (جائز) نہیں شہوت کی باتیں اور نہ بُرے کام |
| وَ لَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ؕ | اور نہ لڑائی جھگڑا حج میں |
| وَ مَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ | اور جو تم کرو گے بھلائی کے کام |
| يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَ تَزَوَّدُوْا (وقف النبی ﷺ) | جان لے گا اسے اللہ اور زادِ راہ ساتھ لے لیا کرو |
| فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی ز | پس بیشک بہترین زادِ راہ تو پرہیز گاری ہے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَجَعْتُمْ | رجوع، راجع، مرجوع، رجعت پسندی۔ | الْعِقَابِ | عقوبت خانہ۔ |
| عَشَرَةٌ | عُشر، عُشرعشیر (دسواں)، عشرۃ مبشرۃ۔ | مَّعْلُوْمٰتٌ | علم، عالم، معلوم، معلومات۔ |
| كَامِلَةٌ | مکمل، کامل، تکمیل، کمال۔ | فَرَضَ | فرض، فرائض۔ |
| اَهْلُهٗ | اہل وعیال، اہل خانہ، اہل بیت۔ | فُسُوْقَ | فسق وفجور، فاسق (گناہ گار)۔ |
| حَاضِرِی | حاضر، غیر حاضر، حاضری۔ | جِدَالَ | جنگ وجدل، جدال۔ |
| اتَّقُوا | تقوٰی، متقی۔ | تَفْعَلُوْا | فعل، فاعل، مفعول۔ |
| اعْلَمُوْٓا | علم، عالم، معلوم، معلومات۔ | تَزَوَّدُوْا | زادِراہ، زادِ آخرت۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ | تِلْكَ❶ عَشَرَةٌ❷ | كَامِلَةٌ❷ ؕ | ذٰلِكَ❶ | لِمَنْ | لَّمْ يَكُنْ❸ |
| جب تم (گھر) لوٹو | یہ دس ہوئے | مکمل | یہ | (اس شخص) کیلئے ہے جو | نہ ہوں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَهْلُهٗ | حَاضِرِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ | وَ | اتَّقُوا اللّٰهَ | وَ |
| اسکے گھر والے | مسجد حرام (مکہ) کے پاس رہنے والے | اور | تم سب ڈر جاؤ اللہ سے | اور |

ع 8 24 8

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اعْلَمُوْٓا | اَنَّ اللّٰهَ | شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۧ 196 | اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ | مَّعْلُوْمٰتٌ❷ ۚ |
| تم سب جان لو | کہ بیشک اللہ | سخت سزا دینے والا ہے | حج کے مہینے | جانے پہچانے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ فَرَضَ❹ | فِيْهِنَّ الْحَجَّ | فَلَا رَفَثَ | وَ لَا | فُسُوْقَ ۙ |
| پس جو عزم کرے | ان میں حج کا | تو (جائز) نہیں شہوت کی باتیں | اور نہ | گناہ |

وقف النبی ﷺ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَا جِدَالَ | فِي الْحَجِّ ؕ | وَ مَا | تَفْعَلُوْا | مِنْ خَيْرٍ | يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ❸ ؕ |
| اور نہ لڑائی جھگڑا | حج میں | اور جو | تم سب کرو گے | بھلائی سے | جان لے گا اسے اللہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَزَوَّدُوْا❺ | فَاِنَّ | خَيْرَ | الزَّادِ | التَّقْوٰى ۡ |
| اور | تم سب زادِ راہ ساتھ لے لیا کرو | پس بیشک | بہترین | زاد راہ | (تو) پرہیز گاری ہے |

### ضروری وضاحت

❶ "تِلْكَ" اور "ذٰلِكَ" دونوں کا اصل ترجمہ "وہ" ہے، ضرورتاً کبھی "یہ" بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❷ "ة" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ علامت "یـ" کے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ "فَرَضَ" کا اصل ترجمہ "لازمی قرار دے" ہے، لیکن یہاں مراد "عزم کرے" ہے۔ ❺ "تـ" اور شد میں کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ اتَّقُوْنِ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿197﴾ | اور مجھ سے ڈرتے رہو اے عقل والو!۔ ﴿197﴾ |
| لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ | نہیں ہے تم پر کوئی گناہ |
| اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ | یہ کہ تم تلاش کرو فضل (رزق) اپنے رب کا |
| فَاِذَاۤ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ | پھر جب تم لوٹو عرفات سے |
| فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۪ | تو ذکر کرو اللہ کا مشعر حرام (مزدلفہ) پہنچ کر |
| وَ اذْكُرُوْهُ | اور اس کا ذکر کرو (اس طرح) |
| كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَ اِنْ كُنْتُمْ | جیسے اس نے ہدایت کی ہے تمہیں اور اگرچہ تم تھے |
| مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿198﴾ | اس سے قبل یقیناً گمراہوں میں سے۔ ﴿198﴾ |
| ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ | پھر (اے قریش! وہاں سے) تم لوٹو جہاں سے |
| اَفَاضَ النَّاسُ وَ اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ | لوگ لوٹتے ہیں اور اللہ سے معافی مانگو |
| اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿199﴾ | بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ ﴿199﴾ |
| فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ | پھر جب تم ادا کر چکو اپنے مناسک (حج) |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اتَّقُوْنِ : تقوٰی، متقی۔

عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

جُنَاحٌ : گناہ۔

فَاذْكُرُوا : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرۃ۔

عِنْدَ : عندالضرورت، عنداللہ ماجور ہوں۔

هَدٰىكُمْ : ہدایت، ہادی۔

قَبْلِهٖ : قبل از غذا، چند دن قبل۔

مِنْ : منجانب، اظہر من الشمس، من حیث القوم۔

حَيْثُ : من حیث القوم، حیثیت۔

النَّاسُ : عوام النّاس۔

اسْتَغْفِرُوا : استغفار، مغفرت۔

رَّحِيْمٌ : رحم، رحمت، رحیم، رحمٰن۔

قَضَيْتُمْ : قضا، قاضی۔

مَّنَاسِكَكُمْ : مناسک حج (حج کے طریقے)۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اتَّقُوْنِ ❶ | يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ (197) | لَيْسَ | عَلَيْكُمْ | جُنَاحٌ |
| اور | تم سب ڈرتے رہو مجھ سے | اے عقل والو! | نہیں ہے | تم پر | کوئی گناہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | تَبْتَغُوْا فَضْلًا | مِّنْ رَّبِّكُمْ ❷ ط | فَاِذَآ | اَفَضْتُمْ | مِّنْ عَرَفٰتٍ |
| یہ کہ | تم سب تلاش کرو فضل | اپنے رب کا | پھر جب | تم سب لوٹو | (میدان) عرفات سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاذْكُرُوا اللّٰهَ | عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ص | وَ | اذْكُرُوْهُ | كَمَا |
| تو تم سب ذکر کرو اللہ کا | مشعر حرام (مزدلفہ) کے پاس | اور | تم سب ذکر کرو اس کا | جیسے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| هَدٰىكُمْ ج | وَ اِنْ | كُنْتُمْ | مِّنْ قَبْلِهٖ | لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ (198) |
| اس نے تمہیں ہدایت کی ہے | اور اگرچہ | تم تھے | اس سے قبل | البتہ گمراہوں میں سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | اَفِيْضُوْا | مِنْ حَيْثُ | اَفَاضَ النَّاسُ | وَ | اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط |
| پھر | تم سب (وہاں سے) لوٹو | جہاں سے | لوٹتے ہیں لوگ | اور | تم سب معافی مانگو اللہ سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ (199) | فَاِذَا | قَضَيْتُمْ | مَّنَاسِكَكُمْ |
| بیشک اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | پھر جب | تم سب ادا کر چکو | اپنے مناسکِ (حج) |

## ضروری وضاحت

❶ "اِتَّقُوْنِ" اصل میں "اِتَّقُوْنِیْ" تھا اس میں "وْ" جمع کی ہے اور "نِ" جمع کا نہیں ہے بلکہ جب فعل کے آخر میں "ی" آئے تو ان دونوں کے درمیان "نِ" کا اضافہ کرتے ہیں، یہاں پر وہی "نِ" ہے اور آخر سے "ی" گری ہوئی ہے جسکا ترجمہ "مجھ سے" ہے۔ ❷ "مِنْ" کا ترجمہ "سے" ہے ضرورت کے مطابق "کا" کیا گیا ہے، ترجمہ کرتے ہوئے بعض اوقات ایسا ہو جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ | تو یاد کرو اللہ کو جیسے یاد کیا کرتے تھے تم |
| اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ | اپنے آباءواجداد کو یا اس سے بڑھ کر یاد کرو |
| فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ | تو لوگوں میں سے (کچھ ایسے ہیں) جو کہتے ہیں |
| رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا | اے ہمارے رب ہمیں دے دے دنیا میں (سب کچھ) |
| وَ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿200﴾ | اور نہیں ہے اس کیلئے آخرت میں کوئی حصہ۔ ﴿200﴾ |
| وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ | اور ان میں سے کچھ (ایسے ہیں) جو کہتے ہیں |
| رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً | اے ہمارے رب ہمیں دے دنیا میں بھلائی |
| وَّ فِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً | اور آخرت میں (بھی) بھلائی |
| وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿201﴾ | اور ہمیں بچا لے آگ کے عذاب سے۔ ﴿201﴾ |
| اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ | یہی وہ لوگ ہیں (کہ) ان کیلئے حصہ ہے |
| مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ | اس سے جو انہوں نے کمایا |
| وَ اللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿202﴾ | اور اللہ بہت جلد حساب چکا دینے والا ہے۔ ﴿202﴾ |

النصف

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| فَاذْكُرُوا : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ۔ | حَسَنَةً : حسنات، محسن، احسان۔ |
| كَذِكْرِكُمْ : کالعدم، کماحقہ۔ | الْاٰخِرَةِ : فکرِ آخرت، اُخروی زندگی۔ |
| اٰبَآءَكُمْ : آباءواجداد، آبائی گاؤں۔ | النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔ |
| اَشَدَّ : شدید، اشد، تشدد، شدت۔ | نَصِيْبٌ : نصیب اپنا اپنا، باادب بانصیب۔ |
| النَّاسِ : عوام الناس۔ | مِّمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب / ماحول، ماجرا، ماتحت۔ |
| يَقُوْلُ : قول، قائل، مقولہ، اقوالِ زریں۔ | كَسَبُوْا : کسبِ حلال، کسبی۔ |
| فِي : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔ | سَرِيْعُ : سرعت، سریع (جلدی)۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَاذْكُرُوا اللّٰهَ | كَذِكْرِكُمْ | اٰبَآءَكُمْ | اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ |
| تو تم سب یاد کرو اللہ کو | جیسے تمہارا یاد کرنا تھا | اپنے آباء واجداد کو | یا اس سے زیادہ شدت سے یاد کرنا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَمِنَ النَّاسِ | مَنْ يَّقُوْلُ❶ | رَبَّنَآ | اٰتِنَا | فِي الدُّنْيَا |
| تو لوگوں میں سے (کچھ ایسے ہیں) | جو کہتے ہیں | اے ہمارے رب | ہمیں دے | دنیا میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَا | لَهٗ | فِي الْاٰخِرَةِ❷ | مِنْ خَلَاقٍ❸ (200) | وَ | مِنْهُمْ |
| اور نہیں ہے | اس کیلئے | آخرت میں | کوئی حصہ | اور | ان میں سے کچھ (ایسے ہیں) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَّنْ يَّقُوْلُ❶ | رَبَّنَآ | اٰتِنَا | فِي الدُّنْيَا | حَسَنَةً❷ | وَّفِي الْاٰخِرَةِ❷ |
| جو کہتے ہیں | اے ہمارے رب | ہمیں دے | دنیا میں | بھلائی | اور آخرت میں بھی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حَسَنَةً❷ | وَّ قِنَا | عَذَابَ النَّارِ (201) | اُولٰٓئِكَ | لَهُمْ نَصِيْبٌ |
| بھلائی | اور ہمیں بچالے | آگ کے عذاب سے | یہی وہ لوگ ہیں (کہ) | ان کیلئے حصہ ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّمَّا❹ | كَسَبُوْا ؕ | وَ اللّٰهُ | سَرِيْعُ | الْحِسَابِ (202) |
| اس سے جو | ان سب نے کمایا | اور اللہ | بہت جلد | حساب (چکا دینے) والا ہے |

النصف

### ضروری وضاحت

❶ علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں۔ ❸ علامت "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "مِمَّا" اصل میں "مِنْ + مَا" تھا۔ "نْ" ساکن کے بعد اگر "م" آجائے تو "ن" پڑھنے میں نہیں آتا اور کبھی لکھنے میں بھی نہیں آتا، جیسا کہ یہاں ہوا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاذۡکُرُوا اللّٰہَ فِیۡۤ اَیَّامٍ مَّعۡدُوۡدٰتٍ ؕ | اور یاد کرو اللہ کو گنتی کے چند دنوں میں |
| فَمَنۡ تَعَجَّلَ فِیۡ یَوۡمَیۡنِ | پس جو جلدی کرے دو دِنوں میں (اور واپس ہو جائے) |
| فَلَاۤ اِثۡمَ عَلَیۡہِ ۚ | تو کوئی گناہ نہیں اس پر |
| وَ مَنۡ تَاَخَّرَ فَلَاۤ اِثۡمَ عَلَیۡہِ ۙ | اور جو (کچھ) تاخیر کر دے تو کوئی گناہ نہیں اس پر |
| لِمَنِ اتَّقٰی ؕ | (یہ رعایت) اس کیلئے ہے جو پرہیز گاری اختیار کرے |
| وَ اتَّقُوا اللّٰہَ وَ اعۡلَمُوۡۤا | اور اللہ سے ڈرو اور جان لو |
| اَنَّکُمۡ اِلَیۡہِ تُحۡشَرُوۡنَ ﴿203﴾ | کہ بیشک تم اسی کی طرف اکٹھے کیئے جاؤ گے۔ ﴿203﴾ |
| وَ مِنَ النَّاسِ مَنۡ | اور لوگوں میں سے (کوئی ایسا بھی ہے) جو (کہ) |
| یُّعۡجِبُکَ قَوۡلُہٗ فِی الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا | بھلی لگتی ہے آپکو اس کی بات دنیا کی زندگی میں |
| وَ یُشۡہِدُ اللّٰہَ عَلٰی مَا فِیۡ قَلۡبِہٖ ۙ | اور وہ گواہ بناتا ہے اللہ کو اس پر جو اسکے دل میں ہے |
| وَ ہُوَ اَلَدُّ الۡخِصَامِ ﴿204﴾ | حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے۔ ﴿204﴾ |
| وَ اِذَا تَوَلّٰی | اور جب وہ (فضول باتیں کر کے) لوٹتا ہے (یا اسے حکومت ملتی ہے) |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اذۡکُرُوا : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ، اذکار۔
اَیَّامٍ : یوم، ایام، یومِ آزادی، یومِ آخرت۔
مَّعۡدُوۡدٰتٍ : عدد، تعداد، معدود، عدت۔
تَعَجَّلَ : عجلت، مہرِ عاجل، شفاء کاملہ عاجلہ۔
تَاَخَّرَ : تأخیر، مؤخر، متأخر
لِمَنِ : لہٰذا، الحمدللہ۔
اتَّقٰی : تقویٰ، متقی۔

اعۡلَمُوۡۤا : علم، عالم، معلوم، معلومات۔
تُحۡشَرُوۡنَ : حشر، روزِ محشر۔
النَّاسِ : عوام الناس۔
یُعۡجِبُکَ : عجیب، تعجب، عجب۔
قَوۡلُہٗ : قول، اقوال، مقولہ، مقالہ۔
یُشۡہِدُ : شاہد، شہادت (گواہی)۔
فِیۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ | فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ❶ ط | فَمَنْ تَعَجَّلَ ❷ | فِيْ يَوْمَيْنِ |
| اور تم سب یاد کرو اللہ کو | گنتی کے چند دنوں میں | پس جو جلدی کرے | دو دنوں میں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَآ اِثْمَ | عَلَيْهِ ج | وَمَنْ | تَاَخَّرَ ❷ | فَلَآ اِثْمَ | عَلَيْهِ لا | لِمَنِ |
| تو نہیں کوئی گناہ | اس پر | اور جو | تاخیر کردے | تو نہیں کوئی گناہ | اس پر | اس کیلئے ہے جو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اتَّقٰى ط | وَ | اتَّقُوا اللّٰهَ | وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّكُمْ |
| پرہیزگاری اختیار کرے | اور | تم سب ڈرو اللہ سے | اور | تم سب جان لو | کہ بیشک تم |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلَيْهِ | تُحْشَرُوْنَ 203 | وَ مِنَ النَّاسِ | مَنْ |
| اسی کی طرف | تم سب اکٹھے کئے جاؤ گے | اور لوگوں میں سے (کوئی ایسا بھی ہے) | جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يُّعْجِبُكَ ❸ | قَوْلُهٗ | فِي الْحَيٰوةِ ❶ الدُّنْيَا | وَ يُشْهِدُ اللّٰهَ | عَلٰى مَا |
| بھلی لگتی ہے آپکو | اس کی بات | دنیا کی زندگی میں | اور وہ گواہ بناتا ہے اللہ کو | (اس) پر جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِيْ قَلْبِهٖ لا | وَ هُوَ | اَلَدُّ الْخِصَامِ ❹ 204 | وَ اِذَا | تَوَلّٰى ❷❺ |
| اسکے دل میں ہے | حالانکہ وہ | بہت سخت جھگڑالو ہے | اور جب | وہ لوٹتا ہے |

## ضروری وضاحت

❶ "ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ "تَعَجَّلَ" اور "تَاَخَّرَ" کی "ت" اور شد میں کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❸ "یـ" کا الگ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❹ یہاں علامت "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❺ "تَوَلّٰى" کا ایک ترجمہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ "اسے حکومت ملتی ہے" ہے۔

| | |
|---|---|
| سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ | کوشش کرتا ہے زمین میں تاکہ وہ فساد پھیلائے |
| فِیْهَا وَ یُهْلِكَ الْحَرْثَ وَ النَّسْلَ ؕ | اس میں اور تباہ کرے کھیتی اور نسلِ (انسانی) کو |
| وَ اللّٰهُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ 205 | اور اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا۔ 205 |
| وَ اِذَا قِیْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ | اور جب کہا جائے اس سے کہ اللہ سے ڈر |
| اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ | (تو) پکڑ لیتا ہے (جما دیتا ہے) اسے غرور گناہ پر |
| فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَ لَبِئْسَ الْمِهَادُ 206 | پس کافی ہے اسے جہنم اور یقیناً وہ بُرا ٹھکانہ ہے 206 |
| وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْرِیْ | اور لوگوں میں سے (کوئی ایسا بھی ہے) جو بیچ ڈالتا ہے |
| نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ | اپنی جان کو اللہ کی خوشنودی چاہتے ہوئے |
| وَ اللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ 207 | اور اللہ بہت مہربان ہے (اپنے) بندوں پر۔ 207 |
| یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا | اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو داخل ہو جاؤ |
| فِی السِّلْمِ كَآفَّةً ۪ وَ لَا تَتَّبِعُوْا | اسلام میں پورے پورے اور مت پیروی کرو |
| خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ؕ | شیطان کے نقشِ قدم کی |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| سَعٰی | : سعی، مساعی جمیلہ، سعی لاحاصل۔ | اَخَذَتْهُ | : اخذ، ماُخوذ، مواخذہ۔ |
| فِی | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | یَّشْرِیْ | : بیع وشرا، مشتری۔ |
| لِیُفْسِدَ | : فساد، فاسد، فسادات۔ | مَرْضَاتِ | : رضا، راضی، مرضی۔ |
| یُهْلِكَ | : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔ | بِالْعِبَادِ | : عبادت، عابد، معبود۔ |
| یُحِبُّ | : محبت، حبیب، محبّ، حب رسول۔ | ادْخُلُوْا | : دخل، داخل، دخول، داخلہ۔ |
| قِیْلَ | : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔ | السِّلْمِ | : اسلام، سلامتی۔ |
| اتَّقِ | : تقوٰی، متقی۔ | تَتَّبِعُوْا | : اتباع، تابع فرماں۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سَعٰی | فِی الۡاَرۡضِ | لِیُفۡسِدَ | فِیۡهَا | وَ یُهۡلِكَ الۡحَرۡثَ | وَ النَّسۡلَ ؕ |
| وہ کوشش کرتا ہے | زمین میں | تاکہ وہ فساد پھیلائے | اس میں | اور وہ تباہ کرے کھیتی | اور نسل کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ اللّٰهُ | لَا یُحِبُّ ❶ | الۡفَسَادَ (205) | وَ اِذَا | قِیۡلَ لَهُ ❷ | اتَّقِ اللّٰهَ |
| اور اللہ | نہیں پسند کرتا | فساد کو | اور جب | کہا جائے اس سے | اللہ سے ڈر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَخَذَتۡهُ ❸❹ | الۡعِزَّةُ ❺ | بِالۡاِثۡمِ | فَحَسۡبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ | وَ لَبِئۡسَ | الۡمِهَادُ (206) |
| (تو) جما دیتا ہے اسے | غرور | گناہ پر | پس کافی ہے اسے جہنم | اور البتہ وہ برا | ٹھکانہ ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ مِنَ النَّاسِ | مَنۡ یَّشۡرِیۡ ❶ | نَفۡسَهُ | ابۡتِغَآءَ | مَرۡضَاتِ ❺ اللّٰهِ ؕ |
| اور لوگوں میں سے | (کوئی ایسا بھی ہے) جو بیچ ڈالتا ہے | اپنی جان کو | چاہتے ہوئے | اللہ کی خوشنودی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ اللّٰهُ رَءُوۡفٌۢ | بِالۡعِبَادِ (207) | یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ | اٰمَنُوا | ادۡخُلُوۡا |
| اور اللہ بہت مہربان ہے | بندوں پر | اے وہ لوگو جو | سب ایمان لائے ہو | تم سب داخل ہو جاؤ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِی السِّلۡمِ | کَآفَّةً ❺ ص | وَ لَا | تَتَّبِعُوۡا | خُطُوٰتِ ❺ الشَّیۡطٰنِ ؕ |
| اسلام میں | پورے پورے | اور مت | تم سب پیروی کرو | شیطان کے نقشِ قدم کی |

**ضروری وضاحت**

❶ یہاں علامت "یۡ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ ❷ "قَالَ، قِیۡلَ" وغیرہ کے بعد اگر "لِ" یا "لَ" ہو تو انکا ترجمہ "سے" کیا جاتا ہے۔ ❸ اسکا اصل ترجمہ "پکڑ لیتا" ہے، مفہوم واضح کرنے کے لیے "جما دیتا" ہے کیا گیا ہے۔ ❹ "تۡ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ "ة" واحد اور "ات" جمع مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

| | |
|---|---|
| اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿208﴾ | بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ ﴿208﴾ |
| فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا | پھر اگر تم پھسل گئے اس کے بعد کہ |
| جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا | آچکی ہیں تمہارے پاس کھلی نشانیاں تو جان لو |
| اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿209﴾ | کہ بیشک اللہ زبردست، حکمت والا ہے۔ ﴿209﴾ |
| هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ | نہیں وہ انتظار کر رہے مگر (اس بات کا) کہ |
| يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ | آئے انکے پاس اللہ بادلوں کے سائبانوں میں |
| وَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ قُضِيَ الْاَمْرُ ؕ | اور فرشتے (بھی آئیں) اور کام تمام کر دیا جائے |
| وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ع ﴿210﴾ (ع 25 14 9) | اور اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے تمام معاملات۔ ع ﴿210﴾ |
| سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | (اے نبی ﷺ) پوچھیے بنی اسرائیل سے |
| كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ؕ | کتنی ہم نے دی ہیں انہیں کھلی نشانیاں |
| وَ مَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ | اور جو بدل دے اللہ کی نعمت کو |
| مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ | اس کے بعد کہ وہ آئی اس کے پاس |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَدُوٌّ : عداوت، اعداء، عدو۔
مُّبِيْنٌ، الْبَيِّنٰتُ : بیان، مبیّن، بیّن دلیل، مبیّنہ۔
مِّنْ : منجانب، اظہر من الشّمس، من حیث القوم۔
فَاعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، معلومات۔
حَكِيْمٌ : حکمت، حکیم، حکما۔
يَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، منظر، ناظرین۔
اِلَّآ : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔

الْمَلٰٓئِكَةُ : مَلَک، ملائکہ۔
قُضِيَ : قضا، قاضی، قضاۃ، قضائے حاجت۔
تُرْجَعُ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
الْاَمْرُ : امر، آمر، مأمور، امارت، امیر۔
سَلْ : سوال، سائل، مسؤل، سوالی۔
يُبَدِّلْ : تغیر و تبدل، تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
نِعْمَةَ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهٗ لَكُمْ❶ | عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (208) | فَاِنْ | زَلَلْتُمْ | مِّنْ بَعْدِ مَا❷❸ | جَآءَتْكُمُ❹ |
| بیشک وہ تمہارا | کھلا دشمن ہے | پھر اگر | تم پھسل گئے | اس کے بعد کہ | آ چکی ہیں تمہارے پاس |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْبَيِّنٰتُ❹ | فَاعْلَمُوْٓا | اَنَّ اللّٰهَ | عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ (209) | هَلْ❺ |
| کھلی نشانیاں | تو تم سب جان لو | کہ بیشک اللہ | زبردست | (اور) حکمت والا ہے | نہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَنْظُرُوْنَ | اِلَّآ اَنْ | يَّاْتِيَهُمُ❷ اللّٰهُ | فِيْ ظُلَلٍ | مِّنَ الْغَمَامِ |
| وہ سب انتظار کر رہے | مگر (اس بات کا) کہ | آئے انکے پاس اللہ | سائبانوں میں | بادلوں کے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَالْمَلٰٓئِكَةُ | وَقُضِيَ الْاَمْرُ ط | وَاِلَى اللّٰهِ | تُرْجَعُ❻ | الْاُمُوْرُ (210) ع |
| اور فرشتے (بھی) | اور کام تمام کر دیا جائے | اور اللہ کی طرف | لوٹائے جائیں گے | تمام معاملات |

ع 25
14
9

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سَلْ | بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | كَمْ | اٰتَيْنٰهُمْ | مِّنْ❷ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ❹ ط |
| (اے نبیؐ) پوچھیے | بنی اسرائیل سے | کتنی | ہم نے دی ہیں انہیں | کھلی نشانیاں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَمَنْ | يُّبَدِّلْ❷ | نِعْمَةَ اللّٰهِ❹ | مِنْۢ❷ بَعْدِ مَا❸ | جَآءَتْهُ❹ |
| اور جو | بدل دے | اللہ کی نعمت کو | اس کے بعد کہ | وہ آئی اس کے پاس |

### ضروری وضاحت

❶"لَكُمْ" کا اصل ترجمہ "تمہارے لیے" ہے۔❷یہاں "مِنْ" اور "يَ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔❸لفظ "بَعْدِ" کے بعد اگر "مَا" ہو تو عموماً اسکا ترجمہ "کہ" کیا جاتا ہے۔❹ "ة"، "تْ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
❺"هَلْ" کے بعد اگر اسی جملے میں "اِلَّا" ہو تو "هَلْ" کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔❻"تُ" مؤنث کے لیے ہے، ترجمہ ممکن نہیں۔

| | |
|---|---|
| فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ (211) | تو بیشک اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔ (211) |
| زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا | خوشنما بنا دی گئی ان لوگوں کیلئے جنہوں نے کفر کیا |
| الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَ يَسْخَرُوْنَ | دنیاوی زندگی اور وہ مذاق کرتے ہیں |
| مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَ الَّذِيْنَ | ان لوگوں سے جو ایمان لائے حالانکہ جن لوگوں نے |
| اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ | تقویٰ اختیار کیا ہوگا وہ ان سے بالاتر ہونگے |
| يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَ اللّٰهُ يَرْزُقُ | قیامت کے دن اور اللہ رزق دیتا ہے |
| مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (212) | جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے۔ (212) |
| كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۫ | لوگ ایک امت تھے (یعنی توحید پر تھے) |
| فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ | (پھر ان میں اختلاف پیدا ہوا) تو اللہ نے نبی بھیجے |
| مُبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ ۪ | (جو) خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے تھے |
| وَ اَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ | اور اتاری ان کے ساتھ کتاب حق کے ساتھ |
| لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ | تاکہ وہ فیصلہ کرے لوگوں کے درمیان |

وقفِ لازم

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

شَدِيْدُ : شدید، شدّت، مشدّد، اشد ضرورت۔
الْعِقَابِ : عقوبت خانہ۔
زُيِّنَ : زینت، مزیّن، تزیین۔
يَسْخَرُوْنَ : مسخرہ، تمسخر (مذاق اڑانا)۔
مِنْ : منجانب، اظہر من الشّمس، من حیث القوم۔
اتَّقَوْا : تقویٰ، متقی۔
فَوْقَهُمْ : فوقیت، مافوق الفطرت، مافوق الاسباب۔

يَرْزُقُ : رزق، رازق، رزّاق۔
يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیئت الٰہی۔
فَبَعَثَ : بعثت، مبعوث، باعث۔
مُبَشِّرِيْنَ ، مُنْذِرِيْنَ : بشارت و انذار۔
اَنْزَلَ : نازل، نزول، شان نزول۔
لِيَحْكُمَ : حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔
بَيْنَ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔

وقف لازم

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّ اللّٰهَ | شَدِيْدُ | الْعِقَابِ (211) | زُيِّنَ | لِلَّذِيْنَ | كَفَرُوا |
| تو بیشک اللہ | سخت | سزا دینے والا ہے | خوشنما بنادی گئی | ان لوگوں کیلئے جن | سب نے کفر کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْحَيٰوةُ❶ الدُّنْيَا | وَ يَسْخَرُوْنَ | مِنَ الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا ۘ | وَ |
| دنیاوی زندگی | اور وہ سب مذاق کرتے ہیں | ان لوگوں سے جو | سب ایمان لائے | حالانکہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا | فَوْقَهُمْ | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ❶ ؕ | وَ اللّٰهُ |
| وہ لوگ جن | سب نے تقوٰی اختیار کیا ہوگا | وہ ان سے بالاتر ہونگے | قیامت کے دن | اور اللہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَرْزُقُ❷ | مَنْ يَّشَآءُ | بِغَيْرِ حِسَابٍ (212) | كَانَ النَّاسُ | اُمَّةً❶ وَّاحِدَةً❸ ۚ |
| رزق دیتا ہے | جسے وہ چاہتا ہے | بغیر حساب کے | تھے لوگ | ایک امت |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَبَعَثَ اللّٰهُ | النَّبِيّٖنَ | مُبَشِّرِيْنَ❹ | وَ | مُنْذِرِيْنَ❹ ۖ |
| تو اللہ نے بھیجا | نبیوں کو | (جو) سب خوشخبری دینے والے | اور | سب ڈرانے والے تھے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ اَنْزَلَ | مَعَهُمُ الْكِتٰبَ | بِالْحَقِّ | لِيَحْكُمَ❺ | بَيْنَ النَّاسِ |
| اور اتاری | ان کے ساتھ کتاب | حق کے ساتھ | تاکہ وہ فیصلہ کریں | لوگوں کے درمیان |

**ضروری وضاحت**

❶ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ علامت "یـ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔
❸ "ایک امت" سے مراد "سب ایک دین پر" یعنی توحید پر تھے، پھر بعد میں انہوں نے اختلاف کیا۔ ❹ "مُـ" اور آخر سے
پہلے زیر ہوتو "کام کرنیوالے" کا نام ہوتا ہے۔ ❺ "لِـ" کے بعد اگر فعل کے آخر میں زبر ہوتو ترجمہ "تاکہ" کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ | ان باتوں میں جو کہ انہوں نے اختلاف کیا اس میں |
| وَ مَا اخْتَلَفَ فِيْهِ | اور نہیں اختلاف کیا اس (کتاب) میں |
| اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ | مگر وہ لوگ جو دیے گئے وہ (کتاب) |
| مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ | اس کے بعد کہ آگئے ان کے پاس واضح دلائل |
| بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ | انکے درمیان ضد کی وجہ سے تو اللہ نے ہدایت دی |
| الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | ان لوگوں کو جو ایمان لائے (محمد ﷺ پر) |
| لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ | ان حق کی باتوں میں جن میں انہوں نے اختلاف کیا |
| بِاِذْنِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ يَهْدِيْ | اپنے حکم (مہربانی) سے اور اللہ ہدایت دیتا ہے |
| مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿213﴾ | جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف۔ ﴿213﴾ |
| اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ | کیا تم نے یہ سمجھ لیا کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے |
| وَ لَمَّا يَاْتِكُمْ | حالانکہ ابھی تک نہیں آئے تم پر (حالات) |
| مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ | ان لوگوں جیسے جو گزر چکے ہیں تم سے پہلے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِيْمَا | : فی الحال، فی الحقیقت / ماحول، ماتحت۔ | بِاِذْنِهٖ | : بالواسطہ، بالکل / اذن عام، باذن اللہ۔ |
| اخْتَلَفُوْا | : اختلاف، مختلف، اختلافات۔ | يَّشَآءُ | : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیئت الٰہی۔ |
| مِنْ | : منجانب، اظہر من الشمس، من حیث القوم۔ | اِلٰى | : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔ |
| الْبَيِّنٰتُ | : بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔ | صِرَاطٍ | : پل صراط، صراط مستقیم۔ |
| بَغْيًا | : بغاوت، باغی۔ | تَدْخُلُوا | : دخل، داخل، دخول، داخلہ۔ |
| بَيْنَهُمْ | : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔ | مَّثَلُ | : مثل، مثال، امثلہ، مثالیں۔ |
| فَهَدَى | : ہدایت، ہادی برحق۔ | خَلَوْا | : خلا، خلائی شٹل، بیت الخلا۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِيْمَا | اخْتَلَفُوْا | فِيْهِ ط | وَ مَا اخْتَلَفَ ❶ | فِيْهِ |
| (ان باتوں) میں جو | ان سب نے اختلاف کیا | اس (کتاب) میں | اور نہیں اختلاف کیا | اس (کتاب) میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلَّا الَّذِيْنَ | اُوْتُوْهُ ❷ | مِنْۢ بَعْدِ مَا ❸ | جَآءَتْهُمُ | الْبَيِّنٰتُ |
| مگر ان لوگوں نے جن | سب کو دی گئی وہ (کتاب) | (اسکے) بعد کہ | آگئے ان کے پاس | واضح دلائل |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بَغْيًا | بَيْنَهُمْ ج | فَهَدَى اللّٰهُ | الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | لِمَا |
| ضد کی وجہ سے | انکے درمیان | تو اللہ نے ہدایت دی | ان کو جو سب ایمان لائے | اُن باتوں کی جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اخْتَلَفُوْا | فِيْهِ | مِنَ الْحَقِّ | بِاِذْنِهٖ ط ❹ | وَ اللّٰهُ يَهْدِيْ ❺ |
| ان سب نے اختلاف کیا | اس (کتاب) میں | حق سے | اپنے حکم سے | اور اللہ ہدایت دیتا ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْ يَّشَآءُ | اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (213) | اَمْ حَسِبْتُمْ | اَنْ تَدْخُلُوا |
| جسے وہ چاہتا ہے | سیدھے راستے کی طرف | کیا تم نے یہ سمجھ لیا | کہ تم سب داخل ہو جاؤ گے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْجَنَّةَ | وَ لَمَّا | يَاْتِكُمْ ❺ | مَّثَلُ الَّذِيْنَ | خَلَوْا | مِنْ قَبْلِكُمْ ط |
| جنت میں | حالانکہ ابھی تک نہیں | آئے تم پر | (حالات) ان لوگوں جیسے جو | سب گزر چکے ہیں | تم سے پہلے |

**ضروری وضاحت**

❶ اگر "مَا" کے بعد اسی جملے میں "اِلَّا" ہو تو اسکا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔ ❷ "وْا" کے بعد کوئی اور علامت ہو تو "الف" گرا دیتے ہیں۔ ❸ اگر لفظ "بَعْد" کے بعد "مَا" ہو تو اسکا ترجمہ "کہ" کیا جاتا ہے۔ اور یہاں "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "بِاِذْنِهٖ" اپنے حکم یعنی اپنی مہربانی سے مومنوں کو ہدایت دے دی۔ ❺ "ي" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

| | |
|---|---|
| مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَ الضَّرَّآءُ | پہنچی ان کو تنگ دستی اور مصیبت |
| وَ زُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ | اور وہ ہلا کے رکھ دیے گئے، یہاں تک کہ پکار اٹھا |
| الرَّسُوْلُ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ | رسول اور وہ لوگ جو ایمان لائے اس پر |
| مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ | کب (آئے گی) اللہ کی مدد (جواب ملا) |
| اَلَاۤ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿214﴾ | سن لو بیشک اللہ کی مدد قریب ہے۔ ﴿214﴾ |
| يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ۬ | وہ آپ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں |
| قُلْ مَاۤ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ | کہہ دیں جو تم خرچ کرو مال میں سے |
| فَلِلْوَالِدَيْنِ وَ الْاَقْرَبِيْنَ | تو وہ والدین کیلئے ہے اور قریبی رشتہ داروں |
| وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ | اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کیلئے ہے |
| وَ مَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ | اور جو (بھی) تم کرتے ہو کوئی بھلائی |
| فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿215﴾ | تو بیشک اللہ اس کو خوب جانتا ہے۔ ﴿215﴾ |
| كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ | فرض کیا گیا ہے تم پر جنگ کرنا |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| مَسَّتْهُمُ : مس (چھونا)۔ | يُنْفِقُوْنَ ، اَنْفَقْتُمْ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔ |
| الضَّرَّآءُ : ضرررساں، مضرصحت۔ | مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ |
| زُلْزِلُوْا : زلزلہ، متزلزل۔ | الْاَقْرَبِيْنَ : قرب، قریبی، قرابت، اقربا پروری۔ |
| حَتّٰى : حتٰی کہ، حتی الامکان، حتی المقدور۔ | تَفْعَلُوْا : فعل، فاعل، مفعول۔ |
| مَعَهٗ : مع اہل وعیال، معیت الٰہی۔ | عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلم۔ |
| نَصْرُ : نصرت، ناصر، منصور، انصار۔ | عَلَيْكُمُ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔ | الْقِتَالُ : قتل، قاتل، مقتول، قتال فی سبیل اللہ |

| مَسَّتْهُمُ ❶ | الْبَاْسَآءُ | وَ الضَّرَّآءُ | وَ زُلْزِلُوْا | حَتّٰى يَقُوْلَ ❷ |
|---|---|---|---|---|
| پہنچی ان کو | تنگ دستی | اور مصیبت | اور وہ سب ہلا کے رکھ دیے گئے | یہاں تک کہ پکار اٹھا |

| الرَّسُوْلُ | وَ الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَعَهٗ | مَتٰى | نَصْرُ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|
| رسول | اور وہ لوگ جو | سب ایمان لائے | اسکے ساتھ | کب (آئے گی) | اللہ کی مدد |

| اَلَآ | اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ | قَرِيْبٌ (214) | يَسْئَلُوْنَكَ | مَاذَا يُنْفِقُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| خبردار | بیشک اللہ کی مدد | قریب ہے | وہ سب پوچھتے ہیں آپ سے | وہ سب کیا خرچ کریں |

| قُلْ | مَآ اَنْفَقْتُمْ | مِّنْ خَيْرٍ | فَلِلْوَالِدَيْنِ | وَ الْاَقْرَبِيْنَ |
|---|---|---|---|---|
| کہہ دیں | جو تم خرچ کرو | مال میں سے | تو وہ والدین کیلئے ہے | اور قریبی رشتہ داروں |

| وَالْيَتٰمٰى | وَالْمَسٰكِيْنِ ❸ | وَابْنِ السَّبِيْلِ | وَ مَا | تَفْعَلُوْا | مِنْ خَيْرٍ ❹ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور یتیموں | اور مسکینوں | اور مسافروں (کیلئے ہے) | اور جو | تم سب کرتے ہو | کوئی بھلائی |

| فَاِنَّ اللّٰهَ | بِهٖ | عَلِيْمٌ (215) | كُتِبَ ❺ | عَلَيْكُمُ | الْقِتَالُ |
|---|---|---|---|---|---|
| تو بیشک | اللہ اس کو | خوب جاننے والا ہے | فرض کیا گیا ہے | تم پر | جنگ کرنا |

### ضروری وضاحت

❶ "مَسَّتْهُمْ" کے درمیان "تْ" مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ یہاں علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ "اَلْمَسَاكِيْن" کے آخر میں "يْنَ" جمع یا تثنیہ کا نہیں بلکہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ❹ یہاں "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "كُتِبَ" کا اصل معنی "لکھ دیا گیا" ہے، مراد "فرض کیا گیا" ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ هُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَ عَسٰۤى | حالانکہ وہ ناگوار ہے تمہیں اور ہوسکتا ہے |
| اَنْ تَكْرَهُوْا شَیْـًٔا وَّ هُوَ خَیْرٌ | کہ تم ناپسند کرو ایک چیز حالانکہ وہ بہتر ہو |
| لَّكُمْ ۚ وَ عَسٰۤى اَنْ تُحِبُّوْا | تمہارے لیے اور ہوسکتا ہے کہ تم پسند کرو |
| شَیْـًٔا وَّ هُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ | ایک چیز حالانکہ وہ بری ہو تمہارے لیے |
| ع 26 6 10 وَ اللّٰهُ یَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿216﴾ ع | اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ﴿216﴾ ع |
| یَسْـَٔلُوْنَكَ | وہ آپ سے سوال کرتے ہیں |
| عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ | حرمت والے مہینے کے بارے میں |
| قِتَالٍ فِیْهِ ؕ | جنگ کرنا (کیسا ہے؟) اس میں |
| قُلْ قِتَالٌ فِیْهِ كَبِیْرٌ ؕ | آپ کہہ دیں: اس میں جنگ کرنا بڑا (گناہ) ہے |
| وَ صَدٌّ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ كُفْرٌۢ بِهٖ | اور روکنا اللہ کے راستے سے اور کفر کرنا اسکے ساتھ |
| وَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَ اِخْرَاجُ اَهْلِهٖ | اور مسجد حرام (سے روکنا) اور اسکے رہنے والوں کو نکالنا |
| مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ | اس سے، زیادہ بڑا (گناہ) ہے اللہ کے نزدیک |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| كُرْهٌ ، تَكْرَهُوْا : مکروہ، کراہت، مکروہات۔ | قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| تُحِبُّوْا : محبت، حبیب، محبّ، محبوب۔ | كَبِیْرٌ : کبیر، اکبر، تکبر۔ |
| شَرٌّ : شر، شریر، شرارتی، شرارت۔ | سَبِیْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ |
| یَعْلَمُ ، تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔ | كُفْرٌ : کفر، کافر، کفار۔ |
| یَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسؤل، سوالات۔ | اِخْرَاجُ : خروج، خارج، اخراج، وزارت خارجہ۔ |
| قِتَالٍ : قتل، قاتل، مقتول، قتال فی سبیل اللہ۔ | اَهْلِهٖ : اہل وعیال، اہل خانہ، اہل بیت۔ |
| فِیْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ هُوَ | كُرْهٌ لَّكُمْ ج ❶ | وَ عَسٰٓى | اَنْ تَكْرَهُوْا | شَيْـًٔا | وَّ هُوَ |
| حالانکہ وہ | ناگوار ہے تمہیں | اور ہوسکتا ہے | کہ تم سب ناپسند کرو | ایک چیز | حالانکہ وہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خَيْرٌ لَّكُمْ ج | وَ عَسٰٓى | اَنْ | تُحِبُّوْا | شَيْـًٔا | وَّ هُوَ | شَرٌّ |
| بہتر ہو تمہارے لئے | اور ہوسکتا ہے | کہ | تم سب پسند کرو | ایک چیز | حالانکہ وہ | بُری ہو |

26 ع 6 10

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَّكُمْ ط | وَ اللّٰهُ | يَعْلَمُ ❷ | وَ | اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ❸ ع (216) | يَسْـَٔلُوْنَكَ |
| تمہارے لیے | اور اللہ | جانتا ہے | اور | تم سب نہیں جانتے | وہ سب سوال کرتے ہیں آپ سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ | قِتَالٍ فِيْهِ ط | قُلْ | قِتَالٌ فِيْهِ |
| حرمت والے مہینے کے بارے میں | اس میں جنگ کرنا (کیسا ہے؟) | تم کہو | جنگ کرنا اس میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَبِيْرٌ ط | وَ صَدٌّ | عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | وَ كُفْرٌۢ | بِهٖ | وَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ق |
| بڑا (گناہ) ہے | اور روکنا | اللہ کے راستے سے | اور کفر کرنا | اسکے ساتھ | اور مسجد حرام (سے روکنا) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ اِخْرَاجُ | اَهْلِهٖ | مِنْهُ | اَكْبَرُ ❹ | عِنْدَ اللّٰهِ ج |
| اور نکالنا | اسکے رہنے والوں کو | اس سے | زیادہ بڑا (گناہ) ہے | اللہ کے نزدیک |

### ضروری وضاحت

❶"لَكُمْ" کا اصل ترجمہ "تمہارے لیے" ہے، سیاق وسباق کی مناسبت سے "تمہیں" کیا گیا ہے۔ ❷علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸"اَنْتُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❹"اَكْبَرُ" کے شروع میں "اَ" کا ترجمہ "میں" نہیں بلکہ ایک کی نسبت دوسرے میں کسی صفت کے زیادہ ہونے کو ظاہر کر رہا ہے۔ مثلاً: اَللّٰهُ اَكْبَرُ: اللہ سب سے بڑا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ الْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ | اور فتنہ انگیزی بڑا (گناہ) ہے قتل سے (بھی) |
| وَ لَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ | اور (یہ لوگ) ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے |
| حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ | یہاں تک کہ تمہیں پھیر دیں |
| عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ | تمہارے دین سے اگر ان کا بس چلے |
| وَ مَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ | اور جو پلٹ جائے تم میں سے اپنے دین سے |
| فَيَمُتْ وَ هُوَ كَافِرٌ | پھر مر جائے اس حال میں کہ وہ کافر ہو |
| فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ | تو یہی لوگ ہیں (کہ) ضائع ہو گئے ان کے اعمال |
| فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ وَ اُولٰٓئِكَ | دنیا اور آخرت میں، اور وہی لوگ |
| اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿217﴾ | اہل دوزخ ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ ﴿217﴾ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِيْنَ | بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور وہ جنہوں نے |
| هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ | ہجرت کی اور جہاد کیا اللہ کی راہ میں |
| اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ | وہی لوگ ہیں (جو) امید رکھتے ہیں اللہ کی رحمت کی |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| الْفِتْنَةُ : فتنہ، پُرفتن دور، فتّان۔ | اَعْمَالُهُمْ : عمل، اعمال، معمول، معمولات۔ |
| الْقَتْلِ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔ | اَصْحٰبُ : صاحب، اصحاب، صحابی، صحبت۔ |
| حَتّٰى : حتٰی کہ، حتی المقدور، حتی الامکان۔ | فِيْ : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔ |
| يَرُدُّوْكُمْ، يَّرْتَدِدْ : رد، مرتد، ارتداد، مردود۔ | خٰلِدُوْنَ : خالد، خلد بریں۔ |
| مِنْكُمْ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔ | هَاجَرُوْا : ہجرت، مہاجر۔ |
| اسْتَطَاعُوْا : استطاعت۔ | جٰهَدُوْا : جہاد، مجاہد، مجاہدین، جدوجہد۔ |
| فَيَمُتْ : موت، اموات، میت۔ | سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ الْفِتْنَةُ ❶ | اَكْبَرُ | مِنَ الْقَتْلِ ؕ | وَلَا يَزَالُوْنَ ❷ | يُقَاتِلُوْنَكُمْ |
| اور فتنہ | زیادہ بڑا (گناہ) ہے | قتل سے (بھی) | اور وہ سب ہمیشہ | وہ سب لڑتے رہیں گے تم سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حَتّٰى | يَرُدُّوْكُمْ | عَنْ دِيْنِكُمْ | اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ ❸ | وَمَنْ |
| یہاں تک کہ | وہ سب پھیر دیں تمہیں | تمہارے دین سے | اگر ان سب کا بس چلے | اور جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ ❹ | عَنْ دِيْنِهٖ | فَيَمُتْ | وَ هُوَ كَافِرٌ | فَاُولٰٓئِكَ |
| پلٹ جائے تم میں سے | اپنے دین سے | پھر وہ مر جائے | اس حال میں کہ وہ کافر ہو | تو یہی لوگ ہیں کہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حَبِطَتْ ❶ | اَعْمَالُهُمْ | فِى الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ ❶ | وَ اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ |
| ضائع ہو گئے | ان کے اعمال | دنیا اور آخرت میں | اور وہی لوگ | اہل دوزخ ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| هُمْ فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ (217) | اِنَّ الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ الَّذِيْنَ هَاجَرُوْا |
| وہ اس میں | سب ہمیشہ رہنے والے ہیں | بیشک وہ لوگ جو | سب ایمان لائے | اور وہ جن سب نے ہجرت کی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ جٰهَدُوْا | فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ | اُولٰٓئِكَ | يَرْجُوْنَ ❹ | رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ ❺ |
| اور سب نے جہاد کیا | اللہ کی راہ میں | وہی | سب اُمید رکھتے ہیں | اللہ کی رحمت کی |

**ضروری وضاحت**

❶ "ة" اور "ت" مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ "زَالَ، يَزَالُ اور يَزَالُوْنَ" وغیرہ کے ساتھ اگر "لَا" یا "مَا" ہو تو ان کا ترجمہ نفی میں نہیں بلکہ دونوں کو ملا کر ترجمہ "ہمیشہ" کیا جاتا ہے۔ ❸ "اِسْتَطَاعُوْا" کا اصل ترجمہ "وہ طاقت رکھیں"۔ ❹ علامت "يـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ قرآنی کتابت میں کبھی لفظ "رَحْمَةٌ" کو "رَحْمَتٌ" بھی لکھا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿218﴾ | اور اللہ معاف کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ ﴿218﴾ |
| يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ ؕ | آپ سے پوچھتے ہیں شراب اور جوئے کے متعلق |
| قُلْ فِيْهِمَاۤ اِثْمٌ كَبِيْرٌ | آپ کہہ دیجئے (کہ) ان دونوں میں بڑا گناہ ہے |
| وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۫ وَ | اور کچھ فوائد بھی ہیں لوگوں کیلئے حالانکہ |
| اِثْمُهُمَاۤ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ | ان دونوں کا گناہ زیادہ بڑا ہے انکے فائدے سے |
| وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۬ؕ | اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں، وہ کیا خرچ کریں |
| قُلِ الْعَفْوَ ؕ | آپ کہیں (جو ضرورت سے) زائد ہو (وہ سب اللہ |
| كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ | کی راہ میں خرچ کردیں) اسی طرح اللہ بیان کرتا ہے |
| لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿219﴾ ۙ | تمہارے لیے احکام تاکہ تم غور و فکر کرو۔ ﴿219﴾ |
| فِى الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ؕ | دنیا میں (بھی) اور آخرت میں (بھی) |
| وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ | اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں یتیموں کے متعلق |
| قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ؕ | آپ کہہ دیں ان کیلئے بھلائی بہتر ہے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| غَفُوْرٌ | : مغفرت، استغفار، غفور الرحیم۔ | مِنْ | : منجانب، اظہر من الشّمس، من حیث القوم۔ |
| رَّحِيْمٌ | : رحم، رحمت، رحمٰن، رحیم۔ | يُنْفِقُوْنَ | : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔ |
| يَسْـَٔلُوْنَكَ | : سوال، سائل، مسؤل، سوالات۔ | يُبَيِّنُ | : بیان، مبیّنہ طور پر، بیّن دلیل۔ |
| قُلِ | : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔ | تَتَفَكَّرُوْنَ | : غور و فکر، تفکر، مفکر، افکار۔ |
| فِيْهِمَاۤ | : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔ | الْيَتٰمٰى | : یتیم، دُرِّ یتیم۔ |
| مَنَافِعُ | : نفع، منفعت، نافع، منافع۔ | اِصْلَاحٌ | : صلح، اصلاح، مصلح، مصلحت، صالح۔ |
| لِلنَّاسِ | : لہٰذا، الحمد للہ / عوام الناس۔ | خَيْرٌ | : خیر و برکت، خیر و عافیت، خیریت۔ |

| | | |
|---|---|---|
| وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (218) | يَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ ؕ |
| اور اللہ معاف کرنیوالا نہایت مہربان ہے | وہ سب آپ سے پوچھتے ہیں | شراب اور جوئے کے متعلق |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | فِيْهِمَآ | اِثْمٌ | كَبِيْرٌ | وَّ مَنَافِعُ | لِلنَّاسِ ۫ |
| آپ کہہ دیجئے | ان دونوں میں | گناہ ہے | بڑا | اور کچھ فوائد ہیں | لوگوں کیلئے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ اِثْمُهُمَآ | اَكْبَرُ | مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ | وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ | مَاذَا |
| حالانکہ ان دونوں کا گناہ | زیادہ بڑا ہے | ان دونوں کے نفع سے | اور وہ سب آپ سے پوچھتے ہیں | کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يُنْفِقُوْنَ ؕ۬ | قُلِ الْعَفْوَ ❶ ؕ | كَذٰلِكَ | يُبَيِّنُ اللّٰهُ ❷ | لَكُمُ الْاٰيٰتِ ❸❹ |
| وہ سب خرچ کریں | آپ کہیں (جو) زائد ہو | اسی طرح | اللہ بیان کرتا ہے | تمہارے لئے احکام |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ❺ ۙ (219) | فِي الدُّنْيَا | وَ الْاٰخِرَةِ ❹ ؕ | وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ |
| تاکہ تم سب غور و فکر کرو | دنیا میں | اور آخرت میں (بھی) | اور وہ سب آپ سے پوچھتے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ | قُلْ | اِصْلَاحٌ | لَّهُمْ | خَيْرٌ ؕ |
| یتیموں کے متعلق | آپ کہہ دیں | بھلائی کرنا | ان کیلئے | بہتر ہے |

### ضروری وضاحت

❶ "اَلْعَفْوَ" کا ترجمہ کبھی "غلطی سے درگزر کرنا" ہوتا ہے اور کبھی "ضرورت سے زائد" کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "اَلْاٰيٰتِ" کا ترجمہ کبھی "نشانیاں" بھی ہوتا ہے۔ ❹ "ةِ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ "كُمْ" اور "تَ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "تم" کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ اِنْ تُخَالِطُوْهُمْ | اور اگر تم ان سے مل جل کر رہو (اکٹھے کھاؤ پیو) |
| فَاِخْوَانُكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ | تو وہ تمہارے بھائی ہیں اور اللہ جانتا ہے (کون) |
| الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ | بگاڑ کرنیوالا ہے (اور کون) اصلاح کرنیوالا ہے |
| وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ؕ | اور اگر اللہ چاہتا (تو) یقیناً سختی بھی کرسکتا تھا تم پر |
| اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿220﴾ | بیشک اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ ﴿220﴾ |
| وَ لَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى | اور نہ تم نکاح کرو مشرک عورتوں سے حتی کہ |
| يُؤْمِنَّ ؕ وَ لَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ | وہ ایمان (نہ) لے آئیں اور البتہ مؤمنہ لونڈی |
| خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ | بہتر ہے (آزاد) مشرک عورت سے |
| وَّ لَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ | اور اگرچہ وہ بھلی لگتی ہو آپ کو |
| وَ لَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ | اور نہ نکاح کراؤ (اپنی عورتوں کا) مشرک مردوں سے |
| حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ | حتی کہ وہ ایمان (نہ) لے آئیں |
| وَ لَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ | اور یقیناً مؤمن غلام بہتر ہے (آزاد) مشرک مرد سے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُخَالِطُوْهُمْ : خلط ملط، اختلاط (گھل مل جانا)۔
فَاِخْوَانُكُمْ : اخوت، مواخات۔
يَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
الْمُفْسِدَ : فساد، مفسد، فاسد، فسادات۔
الْمُصْلِحِ : صلح، اصلاح، مصلح، اصلاحات۔
شَآءَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
حَكِيْمٌ : حکمت، حکماء، حکیم۔

تَنْكِحُوا : نکاح خواں، نکاح رجسٹرار، منکوحہ۔
الْمُشْرِكٰتِ : شرک، مشرک، مشرکین، شراکت۔
حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی المقدور۔
اَعْجَبَتْكُمْ : تعجب، عجیب، عجوبہ، عجائب گھر۔
يُؤْمِنُوْا : ایمان، امن، مؤمن۔
مِّنْ : منجانب، اظہر من الشمس، من حیث القوم
خَيْرٌ : خیروعافیت، خیروبرکت، خیریت۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ اِنْ | تُخَالِطُوْهُمْ ❶ | فَاِخْوَانُكُمْ ؕ | وَ اللّٰهُ | يَعْلَمُ ❷ |
| اور اگر | تم سب مل جل کر رہو ان سے | تو وہ تمہارے بھائی ہیں | اور اللہ | جانتا ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْمُفْسِدَ ❸ | مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ ❸ | وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ | لَاَعْنَتَكُمْ ؕ |
| بگاڑ کرنیوالے کو | اصلاح کرنیوالے سے | اور اگر اللہ چاہتا (تو) | یقیناً تم پر سختی بھی کرسکتا تھا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ (220) | وَ لَا | تَنْكِحُوا | الْمُشْرِكٰتِ ❸❹ | حَتّٰى |
| بیشک اللہ غالب | حکمت والا ہے | اور نہ | تم سب نکاح کرو | مشرک عورتوں سے | حتی کہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُؤْمِنَّ ؕ | وَ لَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ ❸❹ | خَيْرٌ | مِّنْ مُّشْرِكَةٍ ❸❹ |
| وہ ایمان (نہ) لے آئیں | اور البتہ مؤمنہ لونڈی | بہتر ہے | (آزاد) مشرک عورت سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَّلَوْ | اَعْجَبَتْكُمْ ج ❹ | وَ لَا | تُنْكِحُوا | الْمُشْرِكِيْنَ ❸ |
| اور اگرچہ | وہ بھلی لگتی ہو آپکو | اور نہ | تم سب نکاح کراؤ (اپنی عورتوں کا) | مشرک مردوں سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حَتّٰى | يُؤْمِنُوْا ؕ | وَ لَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ ❸ | خَيْرٌ | مِّنْ مُّشْرِكٍ |
| حتی کہ | وہ سب ایمان (نہ) لے آئیں | اور البتہ مؤمن غلام | بہتر ہے | (آزاد) مشرک مرد سے |

## ضروری وضاحت

❶ "مل جل کر رہنے" کا مفہوم یہ ہے کہ: ان کا مال اپنے مال میں بھی ملا سکتے ہو، بشرطیکہ نیت ٹھیک ہو اور یتیم کی بھلائی مقصود ہو۔ اور "وْا" کے بعد اگر کوئی اور علامت ہو تو "الف" گر جاتا ہے۔ ❷ علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ "مُـ" اور آخر سے پہلے زیر "کام کرنیوالے" کو ظاہر کرتی ہے۔ ❹ "ۃ"، "تِ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں، ترجمہ ممکن نہیں۔

| | |
|---|---|
| وَّ لَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ | اور اگر چہ وہ تمہیں اچھا لگتا ہو |
| اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۖۚ | یہ لوگ بلاتے ہیں آگ کی طرف |
| وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ | اور اللہ بلاتا ہے جنت اور مغفرت کی طرف |
| بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ | اپنے حکم (مہربانی) سے اور وہ بیان کرتا ہے اپنے احکام |
| لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿221﴾ ع 27 5 11 | لوگوں کیلئے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ ﴿221﴾ |
| وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ | اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں حیض کے بارے میں |
| قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ | آپ کہہ دیں وہ گندگی ہے تو الگ رہو عورتوں سے |
| فِى الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ | حیض (کے دنوں) میں اور قریب مت جاؤ انکے |
| حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا | یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائیں پھر جب |
| تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ | (اچھی طرح) وہ پاک ہو جائیں تو آؤ انکے پاس |
| مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ | (اس طرح) سے جیسے حکم دیا ہے تم کو اللہ نے |
| اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ | بیشک اللہ پسند کرتا ہے توبہ کرنے والوں کو |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| اَعْجَبَكُمْ : تعجب، عجیب، عجوبہ، عجائب گھر۔ | يَتَذَكَّرُوْنَ : ذکر، ذاکر، مذکور، تذکرہ۔ |
| يَدْعُوْنَ : دعا، داعی، دعوت۔ | يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسؤل، سوالات۔ |
| اِلَى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔ | الْمَحِيْضِ : حیض، حائضہ۔ |
| النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری | قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| بِاِذْنِهٖ : اذن عام، باذن اللہ۔ | تَقْرَبُوْهُنَّ : قریب، قرب، قربت، اقربا۔ |
| يُبَيِّنُ : بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔ | يَطْهُرْنَ : طہارت، طاہر، مطہر۔ |
| لِلنَّاسِ : لہٰذا، الحمد للہ / عوام الناس۔ | حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَوْ | اَعْجَبَكُمْ ؕ | اُولٰٓئِكَ ❶ | يَدْعُوْنَ ❷ | اِلَى النَّارِ ۚۖ | وَ اللّٰهُ يَدْعُوْٓا ❷❸ |
| اور اگرچہ | وہ تمہیں اچھا لگتا ہو | یہ لوگ | سب بلاتے ہیں | جہنم کی طرف | اور اللہ بلاتا ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلَى الْجَنَّةِ وَ الْمَغْفِرَةِ | بِاِذْنِهٖ ۚ | وَ يُبَيِّنُ | اٰيٰتِهٖ | لِلنَّاسِ |
| جنت اور مغفرت کی طرف | اپنے حکم سے | اور وہ بیان کرتا ہے | اپنے احکام | لوگوں کیلئے |

27 ع 5 11

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ❹ ع (221) | وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ | قُلْ |
| تاکہ وہ سب نصیحت حاصل کریں | اور وہ سب آپ سے پوچھتے ہیں | حیض کے متعلق | آپ کہہ دیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ اَذًى ۙ | فَاعْتَزِلُوا | النِّسَآءَ | فِي الْمَحِيْضِ ۙ | وَ لَا | تَقْرَبُوْهُنَّ |
| وہ گندگی ہے | تو تم سب الگ رہو | عورتوں سے | (ایام) حیض میں | اور مت | تم سب انکے قریب جاؤ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| حَتّٰى يَطْهُرْنَ ❺ ۚ | فَاِذَا | تَطَهَّرْنَ ❺❻ | فَاْتُوْهُنَّ |
| یہاں تک کہ وہ پاک (نہ) ہو جائیں | پھر جب | وہ اچھی طرح پاک ہو جائیں | تو تم سب آؤ انکے پاس |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ حَيْثُ | اَمَرَكُمُ | اللّٰهُ ؕ | اِنَّ اللّٰهَ | يُحِبُّ ❷ | التَّوَّابِيْنَ |
| جس طرح سے | حکم دیا ہے تم کو | اللہ نے | بیشک اللہ | پسند کرتا ہے | توبہ کرنیوالوں کو |

ضروری وضاحت

❶ "اُولٰٓئِكَ" کا ترجمہ کبھی "وہ" کی بجائے "یہ" ہوتا ہے۔ ❷ "يـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ "يَدْعُوْا" کے آخر میں "وْا" جمع کا نہیں بلکہ "وْ" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" زائد ہے جو قرآنی کتابت میں اسی طرح موجود ہے۔ ❹ "هُمْ" اور "يـ" دونوں کا ترجمہ "وہ" ہے۔ ❺ "ـْنَ" جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ❻ "تَطَهَّرْنَ" کی "تـ" میں کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ يُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿222﴾ | اور وہ پسند کرتا ہے پاکیزگی اختیار کرنیوالوں کو۔ ﴿222﴾ |
| نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۪ | تمہاری عورتیں تمہارے لیے کھیتی (کی مانند ہیں) |
| فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۫ | پس آؤ اپنی کھیتی کو جس طرح سے تم چاہو |
| وَ قَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ | اور آگے بھیجو اپنے نفسوں کیلئے (نیک اعمال) |
| وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْۤا | اور اللہ سے ڈرو اور جان لو |
| اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ | کہ بیشک تم (ایک دن) اسے ملنے والے ہو |
| وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿223﴾ | اور (اے نبیؐ) مؤمنوں کو خوشخبری دے دیں۔ ﴿223﴾ |
| وَ لَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً | اور مت بناؤ اللہ (کے نام) کو ڈھال |
| لِّاَيْمَانِكُمْ | اپنی قسموں کیلئے (کہ تم قسم کھالو) |
| اَنْ تَبَرُّوْا وَ تَتَّقُوْا | کہ (نہ) نیکی کرو گے اور (نہ) برائی سے بچو گے |
| وَ تُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ | اور (نہ) اصلاح کرو گے لوگوں کے درمیان |
| وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿224﴾ | اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ ﴿224﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| يُحِبُّ : محبت، حبیب، محبّ، محبوب۔ | اعْلَمُوْۤا : علم، عالم، معلوم، معلومات، تعلیم۔ |
| الْمُتَطَهِّرِيْنَ : طہارت، طاہر، مطہر۔ | مُّلٰقُوْهُ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔ |
| نِسَآؤُكُمْ : تربیت نسواں، نسوانیت، نسوانی۔ | بَشِّرِ : بشارت، مبشر، بشیر۔ |
| شِئْتُمْ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیئت الٰہی۔ | تُصْلِحُوْا : صلح، اصلاح، مصلح، اصلاحات۔ |
| قَدِّمُوْا : مقدم، تقدیم، مقدمہ، قدم۔ | بَيْنَ : بین بین، بین الاقوامی، بین السطور۔ |
| لِاَنْفُسِكُمْ : لہٰذا، الحمدللہ / نفس، نظام تنفّس۔ | النَّاسِ : عوام الناس۔ |
| اتَّقُوا، تَتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔ | سَمِيْعٌ : سمع وبصر، سماعت، آلہ سماعت۔ |

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ يُحِبُّ | الْمُتَطَهِّرِيْنَ (222) | نِسَآؤُكُمْ | حَرْثٌ لَّكُمْ ص |
| اور وہ پسند کرتا ہے | سب پاکیزگی اختیار کرنیوالوں کو | تمہاری عورتیں | تمہارے لیے کھیتی ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاْتُوْا | حَرْثَكُمْ | اَنّٰى شِئْتُمْ ز | وَ قَدِّمُوْا | لِاَنْفُسِكُمْ ط ❶ |
| پس تم سب آؤ | اپنی کھیتی کو | جس طرح سے تم چاہو | اور تم سب آگے بھیجو | اپنے آپ کیلئے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ اتَّقُوا اللّٰهَ | وَ اعْلَمُوْٓا | اَنَّكُمْ | مُّلٰقُوْهُ ط |
| اور تم سب اللہ سے ڈرو | اور تم سب جان لو | کہ بیشک تم | سب اسے ملنے والے ہو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ بَشِّرِ | الْمُؤْمِنِيْنَ (223) | وَ لَا | تَجْعَلُوا | اللّٰهَ | عُرْضَةً |
| اور خوشخبری دے دو | سب مؤمنوں کو | اور مت | تم سب بناؤ | اللہ (کے نام) کو | ڈھال |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لِّاَيْمَانِكُمْ ❷ | اَنْ تَبَرُّوْا ❸ | وَ | تَتَّقُوْا ❸ |
| اپنی قسموں کیلئے | کہ (نہ) تم سب نیکی کروگے | اور | (نہ) تم سب برائی سے بچوگے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ تُصْلِحُوْا ❸ | بَيْنَ النَّاسِ ط | وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ (224) |
| اور (نہ) تم سب اصلاح کروگے | لوگوں کے درمیان | اور اللہ خوب سننے والا | جاننے والا ہے |

### ضروری وضاحت

❶ "لِاَنْفُسِكُمْ" کا اصل ترجمہ "اپنے نفسوں کے لیے" ہے۔ ❷ یہ لفظ "اِیْمَان" نہیں بلکہ "یَمِیْنٌ" (قسم) کی جمع "اَیْمَانٌ" ہے۔
❸ اس سے مراد یہ ہے کہ کسی اچھا کام نہ کرنے پر اللہ کی قسم کھا کر اللہ کے نام کو بدنام نہ کرو مثلاً: اللہ کی قسم میں ماں باپ سے نہیں بولوں گا یا بیوی سے نیک سلوک نہیں کروں گا یا فلاں کو صدقہ نہیں دوں گا یا اب میں کسی کے درمیان صلح نہیں کراؤں گا۔

| | |
|---|---|
| لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ | نہیں تمہارا مواخذہ کرے گا اللہ |
| بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ | تمہاری لغو (بلاارادہ) قسموں پر |
| وَ لٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ | اور لیکن وہ تمہارا مواخذہ کرے گا |
| بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ | (ان قسموں) پر جو تم نے دل سے کھائیں ہیں |
| وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿225﴾ | اور اللہ بہت بخشنے والا بُردبار ہے۔ ﴿225﴾ |
| لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ | ان لوگوں کیلئے جو قسم کھالیتے ہیں (تعلق نہ رکھنے کی |
| مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ | اپنی بیویوں سے ، انتظار کرنا ہے چار ماہ |
| فَاِنْ فَآءُوْ | پھر اگر (اس دوران) وہ رجوع کرلیں |
| فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿226﴾ | تو بیشک اللہ بہت بخشنے والا، مہربان ہے۔ ﴿226﴾ |
| وَ اِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ | اور اگر وہ طلاق کی ٹھان لیں |
| فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿227﴾ | تو بیشک اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ ﴿227﴾ |
| وَ الْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ | اور طلاق یافتہ عورتیں روکے رکھیں اپنے آپ کو |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| يُؤَاخِذُ : اخذ، ماٗخوذ، مواخذہ۔ | حَلِيْمٌ : حلم، حلیم الطبع (بردبار)۔ |
| بِاللَّغْوِ : لغو، لغویات (بےہودہ باتیں)۔ | نِّسَآئِهِمْ : تربیت نسواں، نسوانیت۔ |
| فِيْ : فی الحال، فی الواقع، فی الحقیقت۔ | اَرْبَعَةِ : آئمہ اربعہ، حدود اربعہ۔ |
| لٰكِنْ : لیکن۔ | عَزَمُوا : عزم، عزیمت، عزائم، عازم حج۔ |
| كَسَبَتْ : کسب حلال، کسب حرام، کسبی۔ | سَمِيْعٌ : سمع وبصر، سماعت، آلہ سماعت۔ |
| قُلُوْبُكُمْ : قلب، قلوب، قلبی تعلق۔ | عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| غَفُوْرٌ : مغفرت، استغفار۔ | الْمُطَلَّقٰتُ : طلاق، مطلقہ، طلاق یافتہ۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَا | یُؤَاخِذُکُمُ ❶ | اللّٰهُ | بِاللَّغْوِ ❷ | فِیْۤ اَیْمَانِکُمْ | وَ لٰكِنْ |
| نہیں | مواخذہ کرے گا تمہارا | اللہ | لغو کا | تمہاری قسموں میں | اور لیکن |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یُّؤَاخِذُکُمْ | بِمَا | كَسَبَتْ ❸ | قُلُوْبُكُمْ ط ❹ | وَ اللّٰهُ |
| وہ تمہارا مواخذہ کرے گا | (ان قسموں) پر جو | کمائی ہیں | تمہارے دلوں نے | اور اللہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غَفُوْرٌ | حَلِيْمٌ (225) | لِلَّذِيْنَ | يُؤْلُوْنَ ❶ | مِنْ نِّسَآئِهِمْ |
| بہت بخشنے والا | بُردبار ہے | ان لوگوں کیلئے جو | سب قسم کھا لیتے ہیں | اپنی بیویوں سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تَرَبُّصُ ❺ | اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ج ❸ | فَاِنْ | فَآءُوْ | فَاِنَّ اللّٰهَ | غَفُوْرٌ |
| انتظار کرنا ہے | چار ماہ | پھر اگر | وہ سب رجوع کر لیں | تو بیشک اللہ | بہت بخشنے والا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِيْمٌ (226) | وَ | اِنْ | عَزَمُوا | الطَّلَاقَ | فَاِنَّ اللّٰهَ | سَمِيْعٌ |
| مہربان ہے | اور | اگر | وہ سب عزم کر لیں | طلاق دینے کا | تو بیشک اللہ | سننے والا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلِيْمٌ (227) | وَ | الْمُطَلَّقٰتُ ❸ | يَتَرَبَّصْنَ ❻ | بِاَنْفُسِهِنَّ |
| جاننے والا ہے | اور | طلاق یافتہ عورتیں | روکے رکھیں | اپنے آپ کو |

### ضروری وضاحت

❶ علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ لغو سے مراد وہ قسمیں ہیں جو بے ساختہ اور بلا ارادہ یا عادتاً اٹھائی جائیں۔ ❸ "ة"، "تُ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ یعنی وہ قسمیں جو دل کے ارادے کے ساتھ کھائی جائیں۔ ❺ علامت "تـ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❻ "ـنَ" جمع مؤنث کی علامت ہے۔

| | |
|---|---|
| ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ وَ لَا یَحِلُّ لَهُنَّ | تین حیض تک اور نہیں جائز ان کیلئے |
| اَنْ یَّکْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ | یہ کہ وہ چھپائیں اسے جو پیدا کیا ہے اللہ نے |
| فِیْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ کُنَّ یُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ | انکے رحموں میں، اگر ہوں وہ ایمان رکھتی اللہ پر |
| وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَ بُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ | اور آخرت کے دن پر اور انکے خاوند زیادہ حقدار ہیں |
| بِرَدِّهِنَّ فِیْ ذٰلِكَ | انکو (اپنی زوجیت میں) لوٹانے کے اس (مدت) میں |
| اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ؕ وَ لَهُنَّ | اگر وہ ارادہ کرلیں صلح کا، اور ان (عورتوں) کیلئے |
| مِثْلُ الَّذِیْ عَلَیْهِنَّ | (ویسے ہی حقوق ہیں) جس طرح ان پر |
| بِالْمَعْرُوْفِ ۪ | (مردوں کے حقوق ہیں) دستور کے مطابق |
| وَ لِلرِّجَالِ عَلَیْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ | اور (البتہ) مردوں کو ان پر ایک درجہ حاصل ہے |
| وَ اللّٰهُ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ع (228) ع 28 7 12 | اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ ع (228) |
| اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ | طلاق (رجعی) دو مرتبہ ہے |
| فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ | پھر (یا تو) روک لیا جائے اچھے طریقے سے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| ثَلٰثَةَ : تثلیث، مثلث۔ | بِرَدِّهِنَّ : رد، مردود، ارتداد، مرتد۔ |
| یَحِلُّ : حلال، حلّت وحرمت، کسب حلال۔ | اَرَادُوْٓا : ارادہ، مراد، حق خود ارادیت۔ |
| یَّکْتُمْنَ : کتمان علم، کتمان حق۔ | عَلَیْهِنَّ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| خَلَقَ : خلقت، خالق، مخلوق۔ | بِالْمَعْرُوْفِ : عرف عام، معرفت، معروف۔ |
| اَرْحَامِهِنَّ : رحم، رحم مادر۔ | لِلرِّجَالِ : رجال کار، قحط الرجال۔ |
| یُؤْمِنَّ : ایمان، امن، مؤمن۔ | حَکِیْمٌ : حکمت، حکما، حکیم۔ |
| اَحَقُّ : حق وباطل، کتمان حق، حق دار، حقوق۔ | فَاِمْسَاكٌ : امساک، تمسک بالسنہ۔ |

| ثَلٰثَةَ❶ | قُرُوْٓءٍ ؕ | وَ لَا | يَحِلُّ❷ | لَهُنَّ | اَنْ يَّكْتُمْنَ❸ | مَا خَلَقَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تین | حیض تک | اور نہیں | جائز | ان کیلئے | یہ کہ وہ چھپائیں | اسے جو پیدا کیا ہے |

| اللّٰهُ | فِیْٓ اَرْحَامِهِنَّ | اِنْ كُنَّ | يُؤْمِنَّ | بِاللّٰهِ | وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ |
|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | انکے رحموں میں | اگر ہوں | وہ ایمان رکھتی | اللہ پر | اور آخرت کے دن پر |

| وَ بُعُوْلَتُهُنَّ❹ | اَحَقُّ | بِرَدِّهِنَّ | فِیْ ذٰلِكَ | اِنْ اَرَادُوْٓا | اِصْلَاحًا ؕ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور انکے خاوند | زیادہ حقدار ہیں | انکو لوٹانے کے | اس (مدت) میں | اگر وہ سب ارادہ کرلیں | صلح کا |

| وَ | لَهُنَّ | مِثْلُ الَّذِیْ | عَلَيْهِنَّ | بِالْمَعْرُوْفِ ۪ |
|---|---|---|---|---|
| اور | ان (عورتوں) کے (حقوق ہیں) | جس طرح | ان پر (مردوں کے حقوق ہیں) | دستور کے مطابق |

28 ع 7 12

| وَ لِلرِّجَالِ | عَلَيْهِنَّ | دَرَجَةٌ ؕ❶❺ | وَ اللّٰهُ | عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ ۧ (228) |
|---|---|---|---|---|---|
| اور (البتہ) مردوں کو | ان پر | ایک درجہ حاصل ہے | اور اللہ | غالب | حکمت والا ہے |

| اَلطَّلَاقُ | مَرَّتٰنِ ۪ | فَاِمْسَاكٌۢ | بِمَعْرُوْفٍ |
|---|---|---|---|
| طلاق (رجعی) | دو مرتبہ ہے | پھر (یا تو) روک لیا جائے | اچھے طریقے سے |

### ضروری وضاحت

❶ "ۃ" مؤنث کی علامت، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "ـْنَ" جمع مؤنث کی علامت ہے، ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ یہ اصل میں "بُعُوْلَةُ + هُنَّ" ہے اور یہ لفظ "بَعْل" کی جمع ہے، اس میں "ۃ" مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کی ہے۔ ❺ مردوں کو عورتوں پر ایک درجہ اس لیے حاصل ہے کہ انکے ذمے عورتوں کا نان ونفقہ ہے۔

| | |
|---|---|
| اَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ ؕ | یا رخصت کر دیا جائے اچھے طریقے سے |
| وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا | اور نہیں ہے جائز تمہارے لیے یہ کہ تم (واپس) لو |
| مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا | اس سے جو تم دے چکے ہو انہیں کچھ بھی |
| اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ | مگر یہ کہ وہ (میاں بیوی) دونوں ڈریں |
| اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ | کہ نہ وہ قائم رکھ سکیں گے اللہ کی حدود کو |
| فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا | پس اگر تمہیں ڈر ہو یہ کہ نہ وہ قائم رکھ سکیں گے |
| حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا | اللہ کی حدوں کو تو کوئی گناہ نہیں ان دونوں پر |
| فِيْمَا افْتَدَتْ | اس (معاوضہ) میں جو عورت بطور فدیہ دے |
| بِهٖ ؕ | (اور) اس کے بدلے میں (اپنی جان چھڑا لے) |
| تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ | یہ اللہ کی حدیں ہیں پس نہ تجاوز کرو ان سے |
| وَ مَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ | اور جو تجاوز کرتا ہے اللہ کی (مقررہ) حدوں سے |
| فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿229﴾ | تو وہی لوگ ہی ظالم ہیں۔ ﴿229﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| بِاِحْسَانٍ : احسان، محسن۔ | حُدُوْدَ : حد، حدود، حدود اربعہ، حدیں۔ |
| يَحِلُّ : حلال، کسب حلال، حلت وحرمت۔ | جُنَاحَ : گناہ۔ |
| تَاْخُذُوْا : اخذ، مأخوذ، مواخذہ۔ | عَلَيْهِمَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| مِمَّآ : منجانب، من وعن / ماجرا، ماتحت، ماحول۔ | فِيْمَا : فی الحال، فی الواقع / ماحول، ماجرا۔ |
| اِلَّآ : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا مارحم ربی۔ | افْتَدَتْ : فدیہ۔ |
| يَّخَافَآ، خِفْتُمْ : خوف، خائف۔ | تَعْتَدُوْهَا : ظلم تعدی، متعدی بیماری۔ |
| يُقِيْمَا : قائم، قیام، مقیم، اقامت۔ | الظّٰلِمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَوْ تَسْرِيْحٌۢ | بِاِحْسَانٍ ط | وَلَا يَحِلُّ ❶ | لَكُمْ | اَنْ تَاْخُذُوْا |
| یا رخصت کر دیا جائے | اچھے طریقے سے | اور نہیں ہے جائز | تمہارے لئے | یہ کہ تم سب (واپس) لو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِمَّآ ❷ | اٰتَيْتُمُوْهُنَّ ❸ | شَيْئًا | اِلَّآ اَنْ | يَّخَافَآ ❶ | اَلَّا ❹ |
| اس سے جو | تم انہیں دے چکے ہو | کچھ بھی | مگر یہ کہ | (میاں بیوی) دونوں ڈریں | کہ نہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُقِيْمَا | حُدُوْدَ اللّٰهِ ط | فَاِنْ خِفْتُمْ | اَلَّا يُقِيْمَا |
| وہ دونوں قائم رکھ سکیں گے | اللہ کی حدود کو | پس اگر تمہیں ڈر ہو | یہ کہ نہ وہ دونوں قائم رکھ سکیں گے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حُدُوْدَ اللّٰهِ لا | فَلَا جُنَاحَ | عَلَيْهِمَا | فِيْمَا | افْتَدَتْ |
| اللہ کی حدوں کو | تو کوئی گناہ نہیں | ان دونوں پر | اس (معاوضہ) میں جو | (عورت) بطور فدیہ دے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِهٖ ط | تِلْكَ | حُدُوْدُ اللّٰهِ | فَلَا | تَعْتَدُوْهَا ج |
| اس کے بدلے میں (اپنی جان چھڑالے) | یہ | اللہ کی حدیں ہیں | پس نہ | تم سب تجاوز کرو ان سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَمَنْ | يَّتَعَدَّ ❶ | حُدُوْدَ اللّٰهِ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ❺ (229) |
| اور جو | تجاوز کرتا ہے | اللہ کی حدوں سے | تو وہی لوگ | ہی سب ظالم ہیں |

**ضروری وضاحت**

❶ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ "مِمَّا" اصل میں "مِنْ + مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❸ علامت "تُمْ" کے ساتھ جب بھی کوئی علامت آتی ہے تو "تُمْ" اور اس علامت کے درمیان "وْ" کا اضافہ کرنا ضروری ہوتا ہے۔ ❹ "اَلَّا" اصل میں "اَنْ + لَا" کا مجموعہ ہے۔ ❺ "هُمْ" کے بعد اسم کے شروع میں "اَلْ" تاکید کے لیے آتا ہے اسلیے ترجمہ "ہی" کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَاِنْ طَلَّقَهَا | پھر اگر وہ طلاق دے اسے (تیسری بار) |
| فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى | تو وہ حلال نہیں اس کیلئے اسکے بعد یہاں تک کہ |
| تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ | وہ نکاح کرے کسی اور خاوند سے اس کے سوا |
| فَاِنْ طَلَّقَهَا | پھر اگر وہ (دوسرا خاوند) اسے طلاق دے دے |
| فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ | تو کوئی گناہ نہیں ان دونوں پر |
| اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ | کہ وہ رجوع کر لیں اگر دونوں یہ خیال کریں |
| اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ | کہ وہ قائم رکھ سکیں گے اللہ کی حدیں |
| وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ | اور یہ اللہ کی (مقرر کی ہوئی) حدیں ہیں |
| يُبَيِّنُهَا | وہ کھول کھول کر بیان کرتا ہے انہیں |
| لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ (230) | اس قوم کیلئے (جو) علم رکھتے ہیں۔ (230) |
| وَ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ | اور جب تم طلاق دے دو عورتوں کو |
| فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ | پھر پوری ہونے لگے ان کی عدت |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

طَلَّقَهَا، طَلَّقْتُمُ : طلاق، مطلقہ، طلاق یافتہ۔
تَحِلُّ : حلال، حلت وحرمت، کسب حلال۔
حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی المقدور، حتی الوسعت۔
تَنْكِحَ : نکاح، نکاح خواں، نکاح رجسٹرار۔
زَوْجًا : زوجہ، زوجیت، متزوج۔
عَلَيْهِمَآ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَّتَرَاجَعَآ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔

ظَنَّآ : ظن، بدظن، بدظنی۔
يُّقِيْمَا : قائم، قیام، مقیم، اقامت۔
يُبَيِّنُهَا : بیان، مبینہ طور پر، بین دلیل۔
يَّعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
النِّسَآءَ : تربیت نسواں، نسوانیت۔
فَبَلَغْنَ : بالغ، بلوغت، ابلاغ، مبلغ، تبلیغ۔
اَجَلَهُنَّ : اجل، مہر موجل۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنْ | طَلَّقَهَا | فَلَا تَحِلُّ ❶ | لَهٗ | مِنْۢ بَعْدُ ❷ | حَتّٰى |
| پھر اگر | وہ طلاق دے اسے (تیسری بار) | تو وہ حلال نہیں | اس کیلئے | اسکے بعد | یہاں تک کہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تَنْكِحَ ❶ | زَوْجًا | غَيْرَهٗ ؕ | فَاِنْ | طَلَّقَهَا |
| وہ نکاح کرے | (کسی اور) خاوند سے | اس کے سوا | پھر اگر | وہ (دوسرا خاوند) اسے طلاق دے دے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَلَا جُنَاحَ | عَلَيْهِمَآ | اَنْ يَّتَرَاجَعَآ | اِنْ ظَنَّآ |
| تو کوئی گناہ نہیں ہے | ان دونوں پر | کہ وہ دونوں رجوع کرلیں | اگر دونوں یہ خیال کریں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنْ يُّقِيْمَا | حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ | وَ تِلْكَ | حُدُوْدُ اللّٰهِ |
| کہ وہ دونوں قائم رکھ سکیں گے | اللہ کی حدیں | اور یہ | اللہ کی (مقرر کی ہوئی) حدیں ہیں |

| | | |
|---|---|---|
| يُبَيِّنُهَا | لِقَوْمٍ | يَّعْلَمُوْنَ (230) |
| وہ کھول کھول کر بیان کرتا ہے انہیں | اس قوم کیلئے (جو) | وہ سب علم رکھتے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ اِذَا | طَلَّقْتُمُ | النِّسَآءَ | فَبَلَغْنَ ❸ | اَجَلَهُنَّ ❹ |
| اور جب | تم طلاق دے دو | عورتوں کو | پھر وہ پہنچ جائیں | اپنی عدت کو |

### ضروری وضاحت

❶ علامت ''تْ'' مؤنث کی علامت ہے۔ ''لَا تَحِلُّ'' سے مراد یہ ہے کہ ''وہ عورت حلال نہیں'' ہے۔ ''تَنْكِحَ'' سے مراد ''وہ عورت نکاح کرے'' ہے۔ ❷ ''مِنْ بَعْدُ'' کا اصل ترجمہ ''اس سے بعد'' ہے لیکن اردو ترجمہ میں ''اسکے بعد'' زیادہ مناسب ہے۔ ❸ ''ـنَ'' جمع مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ ''اَجَل'' سے مراد یہاں عدت کی مدت ہے۔

| | |
|---|---|
| فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ | تو (پھر یاتو) روک لو انہیں اچھے طریقے سے |
| اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ | یا (پھر) رخصت کر دو انہیں بھلے طریقے سے |
| وَ لَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا | اور تم نہ روکو انہیں دکھ دینے کی خاطر |
| لِّتَعْتَدُوْا | (وہ یہ کہ رجوع کرلو) تاکہ تم زیادتی کرسکو (ان پر) |
| وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ | اور جو ایسا کرے گا تو تحقیق اس نے ظلم کیا اپنے آپ پر |
| وَ لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا | اور مت بناؤ اللہ کے احکام کا ہنسی مذاق |
| وَ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ | اور یاد کرو اللہ کے احسان کو (جو) تم پر ہے |
| وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ | اور جو اس نے نازل کی تم پر کتاب وحکمت |
| يَعِظُكُمْ بِهٖ | وہ نصیحت کرتا ہے تمہیں اس کے ذریعے |
| وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا | اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان لو |
| اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ (231) | کہ بیشک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ (231) |
| وَ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ | اور جب تم (رجعی) طلاق دے دو عورتوں کو |

ع 29 3 13 الثلثة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| فَاَمْسِكُوْهُنَّ : امساک، تمسک بالسنہ۔ | هُزُوًا : استہزاء (مذاق اڑانا)۔ |
| بِمَعْرُوْفٍ : عرف عام، معروف، تعریف۔ | اذْكُرُوْا : ذکر، ذاکر، مذکور، اذکار، تذکرہ۔ |
| ضِرَارًا : ضرر، مضر صحت، ضرر رساں۔ | عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| لِّتَعْتَدُوْا : ظلم و تعدی، متعدی بیماریاں۔ | اَنْزَلَ : نازل، منزّل من اللہ، شان نزول۔ |
| ظَلَمَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ | يَعِظُكُمْ : وعظ و نصیحت، واعظ۔ |
| نَفْسَهٗ : نفس، نفسا نفسی، تنفّس۔ | اعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| تَتَّخِذُوْٓا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔ | شَیْءٍ : عام شے، قیمتی اشیاء۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَاَمْسِكُوْهُنَّ ❶ | بِمَعْرُوْفٍ | اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ ❶ | بِمَعْرُوْفٍ ۪ |
| توتم سب روک لو انہیں | اچھے طریقے سے | یا (پھر) تم سب رخصت کردو انہیں | بھلے طریقے سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَا | تُمْسِكُوْهُنَّ ❶ | ضِرَارًا ❷ | لِّتَعْتَدُوْا ۚ | وَ مَنْ ❸ | يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ❹ |
| اور نہ | تم سب روکو انہیں | دکھ دینے کی خاطر | تاکہ تم سب زیادتی کرسکو | اور جو | ایسا کرے گا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقَدْ ظَلَمَ | نَفْسَهٗ ؕ | وَ لَا | تَتَّخِذُوْٓا ❺ | اٰيٰتِ اللّٰهِ | هُزُوًا ز | وَ |
| توتحقیق اس نے ظلم کیا | اپنے آپ پر | اور مت | تم سب بناؤ | اللہ کے احکام کو | ہنسی مذاق | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اذْكُرُوْا | نِعْمَتَ اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ | وَمَآ اَنْزَلَ | عَلَيْكُمْ | مِّنَ الْكِتٰبِ ❹ |
| تم سب یاد کرو | اللہ کے احسان کو (جو) | تم پر ہے | اور جو اس نے نازل کی | تم پر | کتاب |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَالْحِكْمَةِ | يَعِظُكُمْ | بِهٖ ؕ | وَ اتَّقُوا اللّٰهَ | وَ اعْلَمُوْٓا |
| اور حکمت | وہ نصیحت کرتا ہے تمہیں | اسکے ذریعے | اور تم سب ڈرتے رہو اللہ سے | اور تم سب جان لو |

ع 29 3 13 الثلثة

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنَّ اللّٰهَ | بِكُلِّ شَيْءٍ | عَلِيْمٌ ع (231) | وَ اِذَا | طَلَّقْتُمُ | النِّسَآءَ |
| کہ بیشک اللہ | ہر چیز کو | خوب جاننے والا ہے | اور جب | تم طلاق دے دو | عورتوں کو |

### ضروری وضاحت

❶ "وْا" کے بعد اگر کسی اور علامت کے لگانے کی ضرورت ہو تو اسکے "الف" کو گرا دیتے ہیں۔ ❷ اس سے مراد یہ ہے کہ گھر میں رکھنا بھی نہیں چاہتا اور چھوڑنا بھی نہیں چاہتا تاکہ اسے تنگ کر سکے۔ ❸ "مَنْ" کے بعد فعل کے آخر میں جزم ہو تو پھر اسکا ترجمہ "جو" کیا جاتا ہے۔ ❹ "یِ" اور "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ اسکا لفظی ترجمہ "مت پکڑو" ہے۔

فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ
پھر وہ پوری کرلیں اپنی عدت تو نہ تم روکو انہیں

اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ
کہ وہ نکاح کرلیں اپنے (پہلے) خاوندوں سے

اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ
جبکہ راضی ہوں وہ آپس میں جائز طریقے سے

ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ
اس بات کی نصیحت کی جاتی ہے اس کو جو ہے

مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ
تم میں سے ایمان لاتا اللہ اور آخرت کے دن پر

ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَ اَطْهَرُ ؕ
یہ (حکم) زیادہ پاکیزہ اور ستھرا ہے تمہارے لیے

وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿232﴾
اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ ﴿232﴾

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ
اور مائیں دودھ پلائیں اپنی اولاد کو دو سال

كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ
مکمل (یہ مدت) اس کیلئے ہے جو ارادہ کرے

اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ
کہ وہ پوری کرے (بچے کی) دودھ پلانے کی مدت

وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ
اور جس کا بیٹا ہے اس پر ہے ان کا کھانا

وَ كِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ
اور ان کا لباس دستور کے مطابق

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَبَلَغْنَ : بالغ، بلوغت، ابلاغ، مبلّغ، تبلیغ۔
اَجَلَهُنَّ : اجل، مہر مؤجل۔
يَنْكِحْنَ : نکاح، نکاح خواں، نکاح رجسٹرار۔
اَزْوَاجَهُنَّ : زوجہ، زوجیت، ازواج مطہرات۔
تَرَاضَوْا : راضی، رضائے الٰہی، مرضی۔
بَيْنَهُمْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
يُوْعَظُ : وعظ و نصیحت، واعظ، واعظین کرام۔

مِنْكُمْ : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشّمس۔
يُؤْمِنُ : ایمان، مؤمن، امن۔
اَزْكٰى : زکاۃ، تزکیہ۔
اَطْهَرُ : طہارت، طاہر، ازواج مطہرات۔
يُرْضِعْنَ : رضاعت، رضاعی ماں، رضاعی بھائی۔
كَامِلَيْنِ : کامل، مکمل، تکمیل، کمال۔
يُتِمَّ : تمام، اتمام، تمت بالخیر، اتمام حجت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

www.bait-ul-quran.org

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَبَلَغْنَ❶ | اَجَلَهُنَّ | فَلَا | تَعْضُلُوْهُنَّ❷ | اَنْ يَّنْكِحْنَ❶ | اَزْوَاجَهُنَّ |
| پھر وہ پوری کرلیں | اپنی عدت | تو نہ | تم سب روکو انہیں | کہ وہ نکاح کرلیں | اپنے خاوندوں سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِذَا تَرَاضَوْا | بَيْنَهُمْ | بِالْمَعْرُوْفِ ؕ | ذٰلِكَ يُوْعَظُ❸ | بِهٖ |
| جبکہ سب راضی ہوں | وہ آپس میں | جائز طریقے سے | اس بات کی نصیحت کی جاتی ہے | اس کو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ كَانَ | مِنْكُمْ | يُؤْمِنُ❹ | بِاللّٰهِ | وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ | ذٰلِكُمْ❺ | اَزْكٰى❻ |
| جو ہو | تم میں سے | ایمان لاتا | اللہ پر | اور آخرت کے دن پر | یہ (حکم) | زیادہ پاکیزہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | وَاَطْهَرُ❻ ؕ | وَاللّٰهُ | يَعْلَمُ❹ | وَ | اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ❼ (232) | وَالْوَالِدٰتُ |
| تمہارے لئے | اور زیادہ ستھرا | اور اللہ | جانتا ہے | اور | تم سب نہیں جانتے ہو | اور مائیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يُرْضِعْنَ❶❹ | اَوْلَادَهُنَّ | حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ | لِمَنْ اَرَادَ | اَنْ يُّتِمَّ |
| دودھ پلائیں | اپنی اولاد کو | دو سال مکمل | اس کیلئے ہے جو ارادہ کرے | کہ وہ پوری کرے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الرَّضَاعَةَ ؕ | وَعَلَى❽ الْمَوْلُوْدِ لَهٗ | رِزْقُهُنَّ | وَكِسْوَتُهُنَّ | بِالْمَعْرُوْفِ ؕ |
| دودھ پلانے کی مدت | اور ذمے ہے جسکا بیٹا ہے | انکا کھانا | اور ان کا لباس | دستور کے مطابق |

### ضروری وضاحت

❶ "ـنَ" جمع مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ "وْا" کے بعد اگر کوئی اور علامت ہو تو اسکا "ا" گرا دیتے ہیں۔
❸ اگر علامت "یـ" پر پیش ہو اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ "کیا جاتا ہے" کرتے ہیں۔ ❹ علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت
نہیں۔ ❺ اگر مخاطب دو سے زیادہ ہوں تو "ذٰلِكَ" کی بجائے "ذٰلِكُمْ" ہو جاتا ہے اور ترجمہ وہی رہتا ہے۔ (بقیہ صفحہ نمبر 105 پر)

| | |
|---|---|
| لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ | نہ تکلیف دی جائے کسی جان کو |
| اِلَّا وُسْعَهَا ۚ | مگر اسکی گنجائش کے مطابق |
| لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا | نہ نقصان پہنچایا جائے ماں کو اسکے بیٹے کے سبب |
| وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۚ | اور نہ جس کا بیٹا ہو (باپ کو) اسکے بیٹے کے سبب |
| وَ عَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ | اور وارث پر بھی اسی طرح (نان و نفقہ) ہے |
| فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا | پس اگر دونوں ارادہ کرلیں دودھ چھڑانے کا |
| عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَ تَشَاوُرٍ | اپنی باہمی رضامندی سے اور مشورے سے |
| فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ | تو کوئی گناہ نہیں ہے ان دونوں پر |
| وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ | اور اگر تم ارادہ کرو کہ تم دودھ پلواؤ اپنی اولاد کو |
| فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ | تو کوئی گناہ نہیں تم پر جب تم دے دو |
| مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ | جو تم نے دینا طے کیا ہے دستور کے مطابق |
| وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ | اور اللہ سے ڈر جاؤ اور جان لو کہ بیشک اللہ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| تُكَلَّفُ : تکلیف، تکلف، تکالیف، مکلّف۔ | اَرَادَا : ارادہ، مراد، مرادیں۔ |
| نَفْسٌ : نفس، نفسا نفسی تزکیہ نفس۔ | تَرَاضٍ : راضی، رضاالٰہی، مرضی۔ |
| وُسْعَهَا : وسعت، وسیع۔ | تَشَاوُرٍ : مشورہ، مجلس مشاورت، مشیر۔ |
| تُضَآرَّ : ضرر، مضرصحت، ضرررساں۔ | تَسْتَرْضِعُوْٓا : رضاعت، رضاعی ماں، رضاعی بھائی۔ |
| مَوْلُوْدٌ : ولد، والد، تولد، تولید۔ | بِالْمَعْرُوْفِ : عرف عام، معروف، معرفت، تعارف۔ |
| عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | اتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔ |
| الْوَارِثِ : وارث، ورثہ، وراثت، موروثی۔ | اعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَا | تُكَلَّفُ ❶ | نَفْسٌ | اِلَّا وُسْعَهَا ج | لَا تُضَآرَّ ❶ |
| نہ | تکلیف دی جائے | کسی نفس کو | مگر اسکی گنجائش کے مطابق | نہ نقصان پہنچایا جائے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَالِدَةٌۢ | بِوَلَدِهَا | وَ لَا | مَوْلُوْدٌ لَّهٗ | بِوَلَدِهٖ ق | وَ عَلَى الْوَارِثِ |
| ماں کو | اسکے بیٹے کے سبب | اور نہ | (اسے) جسکا بیٹا ہے | اسکے بیٹے کے سبب | اور وارث پر (بھی) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِثْلُ ذٰلِكَ ج | فَاِنْ | اَرَادَا | فِصَالًا | عَنْ تَرَاضٍ ❷ مِّنْهُمَا |
| اسی طرح ہے | پس اگر | دونوں ارادہ کرلیں | دودھ چھڑانے کا | اپنی باہمی رضامندی سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ تَشَاوُرٍ ❷ | فَلَا جُنَاحَ | عَلَيْهِمَا ط | وَ اِنْ | اَرَدْتُّمْ |
| اور باہمی مشورے سے | تو کوئی گناہ نہیں | ان دونوں پر | اور اگر | تم ارادہ کرو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا | اَوْلَادَكُمْ | فَلَا جُنَاحَ | عَلَيْكُمْ | اِذَا سَلَّمْتُمْ | مَّآ |
| کہ تم سب دودھ پلواؤ | اپنی اولاد کو | تو کوئی گناہ نہیں | تم پر | جب تم دے دو | جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اٰتَيْتُمْ | بِالْمَعْرُوْفِ ط | وَ اتَّقُوا اللّٰهَ | وَ اعْلَمُوْٓا | اَنَّ اللّٰهَ |
| تم نے دینا طے کیا ہے | دستور کے مطابق | اور تم سب ڈر جاؤ اللہ سے | اور تم سب جان لو | کہ بیشک اللہ |

**ضروری وضاحت**

(بقیہ حاشیہ صفحہ نمبر 103) ❻ یہاں "أ" کا ترجمہ "میں" نہیں بلکہ اس میں دوسروں سے زیادہ صفت کا ہونا پایا جاتا ہے، اسی لیے ترجمہ "زیادہ" کیا گیا ہے۔ ❼ "اَنْتُمْ" اور "تُ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❽ "عَلَى" کا اصل ترجمہ "پر" ہے۔ (حاشیہ صفحہ ہذا)

❶ "ت" مؤنث کی علامت ہے۔ ❷ "تَرَاضٍ اور تَشَاوُرٍ" کی "ت" اور الف دونوں میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

| | |
|---|---|
| بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿233﴾ | اس کو جو تم کر رہے ہو خوب دیکھ رہا ہے۔ ﴿233﴾ |
| وَ الَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ | اور وہ لوگ جو فوت ہو جائیں تم میں سے |
| وَ یَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا یَّتَرَبَّصْنَ | اور چھوڑ جائیں بیویاں (تو) وہ روکے رکھیں |
| بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّ عَشْرًا ۚ | اپنے آپکو (نکاح سے) چار مہینے اور دس (دن) تک |
| فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ | پھر جب وہ پوری کر لیں اپنی عدت |
| فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ فِیْمَا | تو کوئی گناہ نہیں تم پر (اس بارے) میں جو |
| فَعَلْنَ فِیْۤ اَنْفُسِهِنَّ | انہوں نے (فیصلہ) کیا اپنے حق میں |
